وَكُلَّ شَيْءٍ فَصَّلْنٰهُ تَفْصِيْلًا

اور ہم نے ہر چیز کھول کر تفصیل سے بیان کردی ہے

کتاب الاحکام

یعنی

الجزء الثانی من کتاب

تفصیل البیان فی مقاصد القرآن

الفقیہ

العبد الضعیف السید ممتاز علی الدیوبندی

۱۳۴۸ھ

دار الاشاعت پنجاب لاہور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

دیباچہ

یورپ میں ہوس ملک گیری کی جو آندھی زور شور سے چل رہی ہے اس نے ایشیا والوں کو بیدار کر دیا ہے اور انہوں نے سمجھ لیا ہے۔ کہ اگر ہم باہمی اتحاد کو ترقی دے کر اپنے بچاؤ کی تدابیر جلد نہ کریں گے۔ تو دنیا میں بحیثیت قوم ہمارا باقی رہنا مشکل ہے۔ اسی سلسلے میں ہم مسلمانوں میں بھی قومیت کی روح کو مضبوط کرنے کا خیال پیدا ہوا ہے۔ اور وہ روز بروز استحکام پکڑتا جاتا ہے۔ اہل اسلام میں کہنے کو تو مدت سے ۷۳ فرقے بنائے جاتے تھے۔ لیکن اب ان کا شمار یقیناً اس تعداد سے کہیں زیادہ ہے۔ اور اس میں ذرا بھی شک نہیں۔ کہ اسلام میں جس قدر فرقے پیدا ہوئے۔ اس کے متناسب ہی ان کی قوم میں ضعف و افتراق نے ترقی پائی۔ کیونکہ ہر فرقہ بجائے خود موجودہ مسائل اسلام کے علاوہ کوئی نئی خصوصیت لے کر پیدا ہوتا ہے۔ اور اسی خصوصیت کے لئے سب سے لڑتا جھگڑتا اور مناظرے کا ایک نیا لٹریچر پیدا کرتا ہے۔ ان حالات میں جتنی ایسی نئی خصوصیتیں پیدا ہوتی جائیں گی۔ اتنا ہی اصل مسائل دین سے بُعد بڑھتا جائے گا۔ اس لئے اس زمانے میں جو اتحاد و قومیت کی روح مسلمانوں میں پیدا ہوئی ہے۔ اس کا مقصد و طریق عمل یہ ہے۔ کہ سب مختلف فرقے اپنی اپنی فرقہ وارانہ خصوصیتوں سے قطع نظر کر کے دین کے اہم مسائل کو جو سب میں مشترک ہیں۔ اور اسلام کی بنیاد ہیں مضبوط کریں۔ اس کا عملی نتیجہ تمام دنیائے اسلام میں یہ نظر آ رہا ہے۔ کہ جس قدر توجہ ہر فرقے کو زمانہ قدیم میں خاص اپنی فقہ کی طرف تھی۔ اس میں بہت کمی آ گئی ہے۔ اور لوگوں نے اس امر کو زیادہ اہم سمجھا۔ کہ بجائے فقہ کے اس کے ماخذ کی طرف رجوع کیا جائے جس سے وہ فقہ مستنبط ہوئی ہے۔ چنانچہ اول اس خیال نے فقہ کی بجائے لوگوں کی توجہ حدیث کی طرف زیادہ منعطف کر دی۔ جس کے غائر مطالعہ سے ظاہر ہوا کہ حدیث اصلاً قرآن مجید کی تفسیر

نکالنی مطلوب ہو۔ فوراً نکالی جا سکتی ہے۔ یہ کتاب میرے کام کے سرانجام دہی میں سب سے زیادہ مفید ثابت ہوئی ہے ✦

۳۔ مفتاح کنوز القرآن۔ یہ کتاب ایک ترک عالم کی تصنیف ہے۔ اور قازان ملک روس میں شائع ہوئی ہے۔ جب نواب عماد الملک سید حسین بلگرامی مرحوم حیدرآباد کو میرے اس کام کی خبر ہوئی۔ تو انہوں نے ازراہ عنایت یہ کتاب تحفتہً مجھے ارسال فرمائی۔ یہ کتاب فتح الرحمٰن کی مانند ہے ✦

۴۔ تبویب القرآن تصنیف مولانا حافظ وحید الزمان صاحب محدث حیدرآباد دکن ✦

۵۔ اقتباس الانوار من کلام الغفار تصنیف مولوی عبید اللہ صاحب مرحوم لاہور ✦

۶۔ الجواہر الصحابیہ۔ لاہور ✦

۷۔ دلیل الحیران فی الکشف عن آیات القرآن۔ طبع مصر ✦

۸۔ سبکتہ الابریز۔ فی فہرس الکتاب العزیز ✦

۹۔ نجوم الفرقان مطبوعہ جرمنی ✦

۱۰۔ مفتاح القرآن۔ مرزا قلیچ بیگ لکھنؤ ✦

۱۱۔ آئینہ قرآن۔ پادری ویری صاحب ✦

۱۲۔ تنقید القرآن۔ پادری عماد الدین ✦

ان کتابوں میں سے حضرت امام غزالی کا رسالہ جواہر القرآن ایسی کتاب ہے جس کی ترتیب اصولاً کچھ میری کتاب سے ملتی جلتی سی ہے مگر وہ نہایت ہی مختصر رسالہ ہے جس میں صرف اللہ کی ذات و صفات و افعال وغیرہ کے متعلق آیات جمع کی گئی ہیں۔ اس سے زیادہ بہتر اور بہت زیادہ ضخیم مولانا وحید الزمان صاحب کی تبویب القرآن ہے۔ گو اس میں بھی وہ تفصیل و اتباع نہیں۔ جو مجھے مطلوب تھا ✦

مولانا حافظ نذیر احمد صاحب مرحوم کی فہرت مضامین بھی جو ان کے ترجمۃ القرآن کے شروع میں لگی ہوئی ہے۔ اسی قسم کی کتابوں میں شمار ہو سکتی ہے۔ مگر اول تو وہ بے انتہا مختصر و مجمل و ناکافی ہے۔ دوئم اس میں صرف مضامین کے حوالے دینے پر اکتفا کیا گیا ہے آیات نقل نہیں کی گئیں ✦

اختصار و اجمال کے علاوہ ان سب کتابوں میں ایک مشترک بات پائی جاتی ہے۔ وہ یہ کہ کتب مذکورہ میں سے ہر ایک کتاب درحقیقت کسی خاص مقصد کو مدنظر رکھ کر لکھی گئی ہے۔ اور اثنائے تالیف میں اسی مقصد کی طرف دھیان رکھا گیا۔ یا یوں کہنا چاہیئے کہ ان مصنفین نے کسی خاص نقطہ نظر کو ملحوظ رکھ کر صرف انہیں آیات قرآنی کا تذکرہ کیا ہے۔ جن کی انہیں ضرورت تھی۔ مثلاً کتاب آئینہ قرآن جو اہل اسلام اور عیسائیوں کے مناظرہ میں کام آنے والی کتاب ہے۔ اس کے مصنف نے زیادہ اہتمام انہی آیات کے حوالہ دینے کا کیا ہے جن کی ضرورت بیشتر اثنائے مناظرہ میں پڑتی ہے۔ دوسری آیات کی طرف بہت کم توجہ کی ہے ✦

وتفصیل ہی ہے یعنی مطالب قرآنی کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اقوال وافعال سے واضح کیا گیا ہے چنانچہ قرآن مجید کے مسلسل اور بالاستیعاب مطالعہ کا خیال پیدا ہوا۔ بڑے بڑے سیاست دانوں کی جن میں متعدد مستند علمائے دین بھی داخل ہیں۔ یہ رائے ہے کہ چونکہ صرف قرآن مجید ہی سب اسلامی فرقوں کا مشترک فیہ اور معتمد علیہ حصہ ہے۔ اس لئے اگر جماعت اسلامی کو بحیثیت قوم ترقی دی جاسکتی ہے۔ تو وہ اس کی طرف زیادہ توجہ کرنے سے دی جاسکتی ہے۔ ان حالات میں اس زمانے میں قرآن مجید کے مطالعہ کی شدید ضرورت محسوس ہو رہی ہے ✦

قرآن مجید کے مطالعہ سے ایک اور فائدہ بھی متصور ہے۔ قرآن مجید کے اکثر مقامات میں اللہ تعالےٰ نے مسلم قوم کو شرف خطاب سے مشرف فرمایا ہے۔ اور قومی انحطاط کے بواعث اور ترقی کے وسائل کی طرف بار بار توجہ دلائی ہے۔ اس مخصوص طرز تخاطب سے مخاطبین جوش عمل سے معمور ہو جاتے ہیں اور ان کی قوت عمل المضاعف ہو جاتی ہے۔ وہ لولہ عمل پیدا کرنے والا یہ انداز تخاطب کتب حدیث میں نسبتہً کم اور کتب فقہ میں بالکل ناپید ہے ✦

اوپر کی تقریر سے یہ ظاہر ہے۔ کہ جن لوگوں کو برسبیل سیاسیات اس مطالعہ کی ضرورت ہے۔ وہ صرف اسی نظر سے اس کا مطالعہ نہیں کرنا چاہتے۔ کہ وہ کوئی عبادت ہے۔ اور اس سے انہیں کچھ ثواب حاصل ہوگا۔ بلکہ وہ قوم میں اتحاد اسلامی پیدا کرنے کی غرض سے قوم کے لئے ایک ایسا مجموعہ آداب ملی مرتب کرنا چاہتے ہیں۔ جس کی بنا سراسر قرآن پر ہو۔ جس کے منتخب اللہ ہونے میں کسی فرقۂ اسلام کو کلام نہیں لیکن جو ماہرین سیاسیات قرآن مجید کے مطالعہ کے خواہشمند ہیں۔ وہ بے حد مصروف بے انتہا عدیم الفرصت اور رات دن سیاسیات یا معاشیات میں منہمک ہیں۔ ایسی حالت میں وہ صرف ایسی کتابوں کا مطالعہ کر سکتے ہیں۔ جن میں سب مضامین زمانہ حال کی کتابوں کی طرح مرتب ہوں۔ اور اول و آخر میں فہرست مضامین اور مفصل انڈکس ملحق ہوں۔ تاکہ وہ جو مضمون پڑھنا چاہیں صفحہ معلوم کر کے بہت تھوڑے وقت میں پورا کا پورا ایک جگہ پڑھ لیں۔ میں نے اس مقصد کے حصول کے لئے بہت کوشش سے تمام آیات قرآنی کو مضمون وار ایک ترتیب خاص سے ایک ایک جگہ جمع کر دیا ہے جس سے ایک حد تک اب یہ ممکن ہو گیا ہے۔ کہ جس موضوع یا حکم یا مسئلہ پر قرآن مجید کی تعلیم معلوم کرنی ہو۔ وہ پوری کی پوری ایک جگہ نہایت آسانی سے بہت جلد مل جائے ✦

جو کام میں نے سرانجام دیا ہے۔ وہ ایسا نہ تھا۔ جس کی ضرورت سب سے پہلے مجھے ہی محسوس ہوئی ہو۔ نہیں مجھ سے پہلے کئی بزرگ خادمان دین نے اس راہ میں قدم رکھا۔ اور گو مجھے معلوم نہیں۔ کہ کسی نے بالکل اسی نوع کی خدمت قرآن کی ہو جیسی میں نے کی ہے لیکن یہ بزرگ کچھ نہ کچھ ضرور کر گئے ہیں۔ چنانچہ جن کتابوں کے دیکھنے کا اتفاق ہوا۔ اور جن میں سے بعض سے میں نے مدد بھی لی۔ ان میں سے بعض کے نام یہ ہیں:-

۱۔ جواہر القرآن۔ حضرت امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ۔

۲۔ فتح الرحمٰن لطلاب آیات القرآن۔ ترتیب علی زادہ فیض اللہ الحسینی مقدسی۔ اس کی مدد سے قرآن مجید کی جو آیت

بدمعاشوں کو اندھا کر دیا۔ اس سے یہ نکلا ہے۔ کہ مہمان کے ساتھ بدسلوکی کرنے سے اللہ بھی ناخوش ہوتا ہے ۔

اس زمانے میں حُبُّ الوطنی کا بہت جوش ہے۔ اور اتحاد قومی کے لئے اس کی بہت ضرورت ہے۔ اس کا ذکر صراحتاً اس نام سے گو قرآن مجید میں نہیں۔ مگر جن آیات میں لوگوں کو جہاد کے لئے اُبھارا گیا ہے۔ وہاں انہیں اس بات کی غیرت دلائی ہے۔ کہ تم ان لوگوں سے کیوں نہیں لڑتے جنہوں نے تمہیں تمہارے ملک اور تمہارے گھروں سے نکالا۔ اس قسم کی آیات کے لئے میں نے جہاد کے علاوہ حُبُّ وطن کا عنوان بھی تجویز کیا ہے ۔

جن آیات میں سیم وزر کے جمع کرنے اور اسے سینت سینت کر رکھنے کی مذمت بیان کی گئی ہے۔ اس کو ہمارے علماء بخل یا حرص کے تحت میں لکھتے آئے ہیں۔ میں نے بھی ان کو ان عنوانوں کے تحت میں لکھا لیکن ان کے علاوہ سیاسیات کے ضمن میں میں نے ان آیات کو سرمایہ داری کے عنوان کے تحت میں بھی لیا ہے ۔

ہم مسلمانوں کو قومی قوت حاصل کرنے کی سخت ضرورت ہے۔ میں نے قرآن مجید میں سے ڈھونڈ ڈھونڈ کر ایسی تمام آیات جمع کی ہیں۔ جن میں قوت کی مدح کا کوئی نہ کوئی پہلو نکلتا تھا۔ غرض تعین عنوانات بہت مشکل کام اور کتاب کی جان تھا۔ اور افسوس اس میں مجھے اپنے مددگاروں سے نشان شدہ آیات کو نقل کرانے کے سوا اور کچھ مدد نہ ملی۔ اور اس باب میں مجھے اپنی ذات پر ہی بھروسہ کرنا پڑا۔ اور جب کبھی یہ کام مددگاروں کی رائے پر چھوڑا گیا۔ تو پرتال کے وقت وہ بالکل ناقابل اطمینان پایا گیا۔ اور ردی کرنا پڑا ۔

ترجمہ کی وجہ سے بھی ایک مشکل پیش آئی۔ ابتداء میں میرا ارادہ آیات کے ساتھ ترجمہ شائع کرنے کا نہ تھا۔ اور یہ خیال تھا۔ کہ شاید یہ تالیف عوام الناس کے لئے چنداں کارآمد نہ ہو۔ اور صرف علماء ہی اس سے فائدہ اٹھا سکیں۔ اس لئے ترجمہ کی ضرورت نہیں لیکن بعد میں بعض احباب کے اصرار سے ترجمہ چھاپنا مناسب قرار پایا۔ اگر یہ ارادہ پہلے سے ہوتا۔ تو آسانی سے انجام پا سکتا۔ کہ جس قرآن مجید سے آیات نقل کی جاتی تھیں۔ اُن کے ساتھ ہی ان کا ترجمہ بھی نقل کر لیا جاتا۔ لیکن اس مجموعے کے تیار ہونے کے بعد اس کام کے لئے دوبارہ اتنی ہی ورق گردانی کی محنت اٹھانا اور ہر ایک آیت اور آیت کے ٹکڑوں کو پھر ڈھونڈ ڈھونڈ کر نکالنا اور اس کا ترجمہ نقل کرنا بہت محنت کا کام تھا۔ مگر میں اپنے مرحوم دوست مولوی نجم الدین سہواروی سابق مدرس عربی گورنمنٹ ہائی سکول قصور کا بے انتہا شکر گذار ہوں۔ کہ انہوں نے ترجمے کا کام اپنے ذمے لیا۔ مگر افسوس وہ ابھی آدھا ترجمہ بھی نہ کرنے پائے تھے۔ کہ انہوں نے انتقال فرمایا۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔ اگر اس تالیف میں اُن کی یہ مدد نہ ہوتی۔ تو شاید یہ تالیف بے ترجمہ ہی رہتی ۔

میری دائمی دماغی علالت کی وجہ سے بارہا کام رُکا۔ اور بارہا شروع کیا گیا۔ ۱۹۲۵ء میں میں ایک اور مرض صعب میں مبتلا ہو گیا۔ اور مجھے شفاخانے میں داخل ہونا پڑا۔ اور عمل جراحی کی نوبت پہنچی۔ تب تو میں زیست سے ناامید ہو گیا۔ اس وقت مجھے اپنی زندگی کے بہت سے کاموں کے ادھورے رہ جانے پر افسوس اور رنج تھا۔ سب سے زیادہ اس

اسی طرح اقتباس الانوار ایسے غیر مسلم لوگوں کے مقابلہ میں لکھی گئی ہے۔ جن کا دعویٰ تھا۔ کہ قرآن مجید میں روحانی تعلیم نہیں ہے۔ اس لئے مصنف نے اسی موضوع کی طرف زیادہ خیال رکھا ہے۔ یہاں تک کہ جو آیات معاملات وا وسند کے متعلق ہیں۔ ان کو قطعاً چھوڑ دیا ہے ۔

لیکن میں نے ارادہ کیا کہ قرآن مجید کے جملہ مضامین پر نظر کر کے ہر مضمون کی تمام آیات کو ایک مخصوص عنوان کے ماتحت مرتب کر دیا جائے۔ چنانچہ میں نے قرآن مجید کو اول سے پڑھنا شروع کیا۔ اور ہر آیت کی نسبت یہ سوچا کہ یہ آیت کس کس موضوع کے تحت میں آسکتی ہے جس جس موضوع کے ماتحت آنی مناسب پائی گئی۔ اُس اُس کے تحت میں لکھ دی۔ میں نے کام شروع کرنے کے لئے چند بہت مشہور موضوع اپنے سامنے رکھ لئے تھے لیکن جب کوئی آیت ایسی آتی تھی۔ جو ان موضوعوں کے تحت میں نہیں آسکتی تھی۔ تو اُس کے لئے ایک نیا موضوع یعنی عنوان قائم کر لیا جاتا تھا۔ اور وہ آیت اس کے ذیل میں لکھ دی جاتی تھی۔ اس طرح یہ عمل انتخاب قرآن مجید کی ہر آیت کے متعلق کیا گیا یہاں تک کہ جملہ آیات مضمون وار مرتب ہوگئیں۔ اس مجموعہ کی ضخامت قرآن مجید سے زیادہ ہوگئی۔ یہ اس لئے کہ ایک ایک دفعہ تو ہر آیت یوں لی گئی جس سے اس میں پورا قرآن مجید آگیا۔ مگر بہت سی آیات کے کئی کئی پہلو نکلتے تھے۔ وہ دوبارہ سہ بارہ مختلف عنوانوں کے تحت میں لانی پڑیں ۔

یہ کام دنوں یا مہینوں کا نہیں تھا۔ بلکہ برسوں کا تھا۔ اور میں نے اپنی عمر کا بہت بڑا حصہ قرآن مجید کی اس خدمت میں صرف کیا ۔

یہ کام ایسا آسان بھی نہ تھا۔ جیسا یہاں چند حرفوں میں بیان کرنے سے معلوم ہوتا ہے۔ بلکہ اس میں طرح طرح کی دقتیں درپیش آئیں۔ اول یہ کام اس قسم کا تو تھا نہیں۔ کہ میں دوسروں سے مدد لئے بغیر اول سے آخر تک خود سرانجام دے لیتا۔ بلکہ مجھے اس کام کے لئے متعدد مددگار رکھنے پڑے۔ اور ان سے کام لینا پڑا۔ مگر افسوس مجھے ان مددگاروں سے سوا اس کے اور کچھ مدد نہ ملی۔ کہ جن جن آیات پر نشان کر دوں۔ وہ اُن کو نقل کر دیں۔ مگر میرا کام محض نقل کرانا ہی نہ تھا نقل کرانا اس صورت میں تو مفید ہو سکتا تھا۔ جب عنوان یا موضوع متعین ہوتے۔ مثلاً کسی آیت میں صبر یا توکل یا توبہ کی تعریف کی گئی ہو۔ تو اس عنوان اور اس کے نیچے آیت کا نقل کر لینا کچھ مشکل نہیں لیکن جب آیت میں ظاہراً کوئی عنوان بیان نہ کیا گیا ہو۔ تو اس کا تعین بعض حالتوں میں مشکل ہو جاتا ہے مثلاً سورہ ہود میں اس بات کا ذکر ہے۔ کہ حضرت ابراہیم کے پاس اللہ کے رسول آئے۔ تو وہ جلد گھر میں گئے۔ اور اُن کے لئے بھنی ہوئی بچھڑے کی ران لے آئے۔ اور جب انہوں نے کھانے سے انکار کیا تو ابراہیم نے پوچھا۔ کہ آپ کھاتے کیوں نہیں۔ اور کھانا آگے بڑھایا میں نے ان آیات کا عنوان مہمانداری قرار دیا ہے۔ اور کھانے کے انکار پر جو پوچھا ہے۔ کہ کیوں نہیں کھاتے۔ تو اس آیت سے یہ نکالا ہے۔ کہ مہمان کے ساتھ کچھ تکلف بھی ہونا چاہئے۔ اور اسی ذیل میں حضرت لوط کے قصے کی وہ آیات نقل کی ہیں۔ جہاں حضرت لوط نے بدکردار لوگوں سے کہا تھا۔ کہ مجھے مہمانوں کے باب میں رسوا نہ کرو۔ اس سے یہ نکالا ہے۔ کہ مہمان کی عزت کرنی چاہئے۔ اور اس کی رسوائی کو اپنی رسوائی سمجھنا چاہئے۔ پھر جس آیت میں فرمایا گیا ہے۔ کہ ہم نے ان

عام دستور ہے ✦

افسوس ہے۔ اس طرح کے قرآن مجید نسبتاً کمیاب ہیں۔ کیونکہ عام طور پر قرآن مجید ایسے نہیں چھاپے جاتے۔ جن میں آیات پر ہندسے لگے ہوں۔ پھر بھی تھوڑا بہت رواج اس کا ہو رہا ہے۔ اور ذرا سی کوشش سے ایسے قرآن مجید نہایت ارزاں ہدیئے پر بآسانی مل سکتے ہیں۔ مجھے رکوعوں کا حوالہ اس لئے پسند نہیں۔ کہ ایک آیت کی تلاش میں رکوع کی تمام آیات پڑھنی پڑتی ہیں۔ لیکن سورت و آیت کے نمبر کا حوالہ دینے سے وہ آیت براہ راست فوراً مل جاتی ہے ✦

شاید قرآن مجید کے مختلف چھاپوں کے نسخوں میں شمار آیات میں کہیں کچھ اختلاف ہو۔ مگر اس اختلاف کی وجہ سے شمار آیات میں ایک یا دو سے زیادہ کا فرق کبھی نہیں پڑتا۔ جو صاحب اس کتاب کے حوالہ کے موجب کوئی آیت تلاش کریں۔ اور اتفاقاً وہ نہ ملے۔ تو حوالہ مندرجہ سے پہلے اور پیچھے کی دو دو تین تین آیتیں پڑھیں۔ تو یقیناً آیت مطلوبہ بآسانی مل جائے گی ✦

اس کتاب میں درحقیقت آیات مضمون وار مرتب کرنا اس قدر مشکل کام نہیں تھا۔ جس قدر ان موضوعوں کے عنوان قائم کرنا۔ جن کی زمانۂ حال میں ضرورت ہے۔ اور جن کے متعلق صراحتاً نہیں تو اشارتاً یا دلالتاً قرآن مجید میں کچھ نہ کچھ کہا گیا ہے۔ جیسا کہ قبل ازیں بیان کیا گیا۔ مجھ سے جہاں تک ہو سکا ہے۔ میں نے ایسے مضامین کے نکالنے اور ان کے عنوان قائم کرنے میں بہت کوشش کی ہے۔ مثلاً اولوالعزمی۔ ثابت قدمی۔ پابندی اوقات۔ حفظ صحت۔ قوت۔ وغیرہ۔ مگر یہ ایسا کام ہے۔ جس پر ایک سے زیادہ کام کرنے والوں کی کوشش کی ضرورت ہے۔ اس لئے میں اس اپنی حقیر خدمت کو کوئی کام نہیں بلکہ کام کی صرف داغ بیل ڈالنے کا درجہ دیتا ہوں۔ آگے سرکیں نکالنا اور انہیں پختہ بنانا مجھ سے زیادہ قابل اصحاب کا کام ہے ✦

فہرست مضامین جو ہر جلد کے ساتھ جُدا جُدا لگی ہے۔ وہ بہت مفصل ہے۔ اور اس خیال سے کہ کسی موضوع کی تلاش میں مطلوبہ موضوع کا خدا جانے کونسا پہلو تلاش کرنے والے کے ذہن میں آئے۔ فہرست میں ہر موضوع کے متعدد پہلوؤں کو درج کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ مثلاً نماز سفر میں قصر کا حکم تلاش کرنا ہو۔ تو وہ سفر کے عنوان کے تحت میں بھی ملے گا۔ قصر کے بھی۔ اور نماز کے بھی۔ افسوس جس استقصاء و استیعاب سے میں یہ کام انجام دینا چاہتا تھا۔ ویسا نہ ہو سکا۔ مگر اللہ کا شکر کس زبان سے ادا کروں۔ کہ اس نے اپنے فضل و کرم سے مجھے اتنا کام کرنے کی توفیق بخشی۔ اگر توفیق الٰہی شامل حال رہی۔ تو باقی حصے بھی جن کا مسودہ تقریباً تیار ہے۔ جلد لکھے جا کر شائع ہونگے۔ مجھے بخوبی معلوم ہے۔ کہ اس کام میں بہت سے سقم رہ گئے ہیں۔ اصولی بھی اور فروعی بھی۔ کوئی شخص مجھ سے زیادہ ان نقصوں سے آگاہ نہیں لیکن اگر یہ نسخے جلد نکل گئے۔ تو دوسری بار چھاپنے کے وقت انشاء اللہ تعالےٰ بہت سی اصلاحیں ہو سکیں گی۔ اور احباب اور بزرگانِ دین مجھے جو بھی مشورہ دیں گے۔ ان پر شکریہ کے ساتھ کاربند ہو کر خاطر خواہ درستی کر سکوں گا ✦

قرآنی خدمت کے غیر مکمل رہنے کا صدمہ تھا۔ اور یہ کام صرف غیر مکمل ہی نہ تھا۔ بلکہ ایسی حالت میں تھا۔ کہ میرے مسودے کی ترتیب مجوزہ کو کوئی نہیں سمجھ سکتا تھا۔ اور میں یہ سوچ کر بے حد کڑھتا تھا۔ کہ یہ سب کیا کرایا کام میرے بعد برباد ہو جائے گا۔ اور میری برسوں کی محنت اکارت جائیگی۔ مجھے اس حالت میں جو مجھے اپنی زندگی کا کنارہ معلوم ہوتا تھا۔ یہ خیالات بہت اذیت دیتے تھے۔ اور میری آنکھوں میں آنسو آجاتے تھے۔ ایک رات جبکہ میری آنکھوں سے نیند بالکل اُڑ گئی تھی۔ بڑے اضطرار کی حالت میں میں نے اللہ تعالےٰ سے دعا کی۔ اور عہد کیا۔ کہ اگر میں اس مرض صعب سے جانبر ہو جاؤں۔ اور مجھ میں لکھنے کی طاقت و ہمت آجائے۔ تو میں اپنا تمام وقت اس خدمت قرآنی میں صرف کروں گا۔ اور جب تک اسے ختم نہ کر لوں گا۔ اور کسی کام کی طرف توجہ نہ کروں گا۔ اللہ تعالےٰ نے اپنے فضل سے یہ دعا قبول فرمائی۔ اور میں شفایابی کے وقت سے برابر اس کام میں لگا رہا۔ اور جس قدر مسودہ تیار ہوتا گیا۔ کاتب کو دیتا اور اسے چھپواتا رہا۔ خدا کا شکر ہے۔ کہ چھ حصوں میں سے چار حصے چھپ کر تیار ہو گئے۔ صرف دو باقی رہ گئے۔ وہ بھی بفضل خدا انشاء اللہ جلد تیار ہو جائیں گے۔ یہ چار حصے حسب ذیل ہیں:-

۱۔ کتاب العقائد۔ اس کے دو حصے ہیں۔ پہلے حصے میں اللہ تعالےٰ کی ذات و صفات و افعال کا بیان ہے۔ اور وہ سب استدلالات بیان کئے گئے ہیں۔ جن سے اللہ تعالےٰ کا وجود ثابت ہوتا ہے۔ اور دوسرا حصہ ان آیات پر مشتمل ہے جو بدء الخلق سے تعلق رکھتی ہیں۔

۲۔ کتاب الاحکام۔ اس کے بھی دو حصے ہیں۔ پہلے حصے میں جملہ احکام فقہی جمع کئے گئے ہیں۔ اور دوسرا حصہ جس کا نام کتاب الاخلاق ہے۔ آیات متعلقہ اخلاق پر مشتمل ہے۔

۳۔ کتاب الرسالۃ۔ اس میں یہ بیان ہے۔ کہ قرآن مجید کب اور کس طرح نازل ہوا۔ اور اس پر کافروں کے کیا کیا شبہات و اعتراضات تھے۔ اور اللہ تعالےٰ کی طرف سے ان اعتراضات کے کیا کیا جواب دیئے گئے۔

۴۔ کتاب المعاد۔ یعنی قیامت کو جو واقعات پیش آنے والے ہیں۔ ان کا مفصل بیان موت کے وقت سے بہشت یا دوزخ میں داخل ہونے تک۔

اس کتاب میں ہر موضوع کس طریق سے بیان کیا گیا ہے۔ تھوڑی سی اس کی تفصیل بھی ضروری ہے۔

سب سے اول ہر موضوع بطور عنوان اوپر لکھا گیا ہے۔ پھر اُس کے تحت میں متعدد ضمنی سُرخیاں یا عنوان حاشیہ میں قائم کئے گئے ہیں۔ پھر ضمنی عنوان کے بعد حوالہ اس طرح دیا گیا ہے۔ کہ ایک خط عرضی ڈال کر اس کے نیچے سورت کا نمبر دیا ہے۔ اور اوپر آیت کا۔ مثلاً ۲/۷۰ - اس سے یہ مطلب ہے۔ کہ ساتویں سورت کی بیسویں آیت۔

میں نے اس کتاب میں صرف حوالہ کے بیان پر اکتفا نہیں کیا۔ بلکہ حوالہ دے کر سب آیات محولہ بھی ہر حوالہ کے ساتھ تحریر کر دی ہیں۔ میں نے اس مطلب کے لئے سیپارہ اور رکوع کا حوالہ دینا پسند نہیں کیا۔ جیسا کہ ایسے حوالے دینے میں

كتاب الأحكام

دیباچہ کو ختم کرنے سے پہلے مجھے اپنے ان دوستوں کا شکریہ ادا کرنا لازم ہے۔ جن سے مجھے اس کام میں بیش بہا مدد ملی ہے۔ سب سے مقدم مولوی نجم الدین صاحب سہواروی مرحوم ہیں۔ جن کا ذکر اوپر گذرا۔ افسوس وہ اس تالیف کے شائع ہونے سے پہلے انتقال کر گئے ✦

مَیں اپنے فاضل دوست مولانا حافظ سید طلحہ صاحب حسنی ایم اے۔ پروفیسر اورینٹل کالج لاہور کا بھی نہایت شکر گذار ہوں۔ کہ وہ بھی اس کام میں دلچسپی لیتے اور وقتاً فوقتاً اپنے مفید مشوروں سے مجھے مدد دیتے رہے۔ چنانچہ اس کتاب کی کتاب الاخلاق میں "خلقت الانسان از روئے قرآن" کے ضمن میں جو عنوان "جذبات انسان" قائم کیا گیا ہے۔ اور نیز عنوان سیاسیات آپ کے مشورے ہی سے قائم کئے گئے ہیں۔ سب سے آخر میں میرے ذمے اپنے دوست حافظ سلطان احمد صاحب کا شکریہ ہے۔ جنہوں نے اس کتاب کے مسودے کا بہت سا حصہ کئی بار نقل کیا۔ اور کاپیوں اور پروفوں کی تصحیح بھی انہوں نے ہی کی۔ ان کے حافظ اور مصحح ہونے اور اردو و عربی کتابت میں خوش قلم ہونے کی وجہ سے مجھے اس کام میں بہت ہی مدد ملی ✦

اب آخر میں دعا ہے۔ کہ اللہ تعالےٰ میری اس ناچیز خدمت کو قبول فرمائے۔ اور اسے میرے لئے باقیات صالحات میں سے بنائے۔ اور ناظرین باتمکین سے التجا ہے۔ کہ وہ ازراہ مہربانی اس عاصی کے حق میں دعائے خیر فرمائیں ✦

غرض نقشے ست کز ما یاد ماند ✦ کہ ہستی را نمے بینم بقائے
مگر صاحبدلے روزے برحمت ✦ کند در کارِ ایں مسکیں دعائے۔

خاکسار سید ممتاز علی۔ لاہور

مورخہ یکم رمضان المبارک ۱۳۴۹ھ

فہرست مضامین جزء دوم کتاب تفصیل البیان فی مقاصد القرآن

کتاب الاحکام

اعداد آیات	مضمون آیات	صفحہ
۱	ایمان لانے کا حکم	۱
۲	سارے پیغمبروں اور اُن کی کتابوں پر ایمان لانے کا حکم	۲
۳	ایمان لانے اور جہاد کرنے کا اجر۔ مغفرت اور دخولِ جنت	۲
۴	ایماندار اور حاجیوں کو پانی پلانے والے برابر نہیں	۳
۵	نزولِ عذاب کے وقت ایمان قبول نہیں	۳
۶	ایمان نہ لانے سے عذاب	۳
۷	ایمان میں صرف اقرار معتبر نہیں	۳
۸	ایمان کا بڑھنا (صفحات ۱۹-۲۰-۲۴)	۳
۹	مومنوں کو نیک جزا	۴
۱۰	خدا تعالیٰ کا مومنوں کی طرف رجوع	۴
۱۱	مومن نیکوکار کم ہیں	۴
۱۲	مومن سچے ہیں	۴
۱۳	مومن اور مشرک کی تمثیل	۴
۱۴	مومنوں کے لئے دُعا فرشتگان	۴
۱۵	مومنوں کی مثال دو بیویوں سے	۴
۱۶	مومن صاحبِ تقویٰ اور اُس کے حق دار ہیں	۵
۱۷	مومنوں کا قرآن پر ایمان	۵
۱۸	مومن اور کافر برابر نہیں	۵
۱۹	مومن اور فاسق برابر نہیں	۵
۲۰	مومنوں کے ساتھ خدا ہے	۵
۲۱	نیکوکار مومنوں کو زمین کی حکومت۔ تمکینِ دین اور امن کا وعدہ	۶
۲۲	مومنوں کے لئے آنکھوں کی ٹھنڈک	۶
۲۳	مومن نیک بختوں میں داخل ہوں گے	۶
۲۴	قیامت کو مومنوں کے آگے آگے اور داہنی طرف روشنی چلے گی	۶
۲۵	مومن قیامت کو تختوں پر بیٹھے کافروں پر ہنسیں گے۔	۶
۲۶	مومنوں کو بشارت	۷
۲۷	مومنوں کو اجر	۸
۲۸	مومنوں کو پورا اجر بلکہ اس سے بھی زیادہ	۸
۲۹	مومنوں کو اچھا اجر	۹
۳۰	مومنوں کو بے انتہا اجر	۹
۳۱	مومنوں کو اجر آخرت	۹
۳۲	مومنوں کو اجر کبیر	۹
۳۳	مومنوں کو اجر کریم	۹
۳۴	مومنوں کو اجر عظیم	۹
۳۵	مومنوں کے لئے مغفرت	۱۰
۳۶	مومنوں کو عزت کی روزی	۱۰
۳۷	مومنوں کو ہمیشہ کے لئے جنت	۱۰
۳۸	مومنوں کی باغ میں آؤ بھگت	۱۵

۲	ہر ایک بات کتاب میں لکھی ہوئی ہے	۲۶
۳	خدا کے پاس حق بولتی کتاب ہے	۲۷
۴	کتاب المحود الاثبات	۲۷
۵	کل کام آسمان سے اُترتے ہیں	۲۷
۶	خدا کی مرضی کے بغیر انسان کچھ نہیں کر سکتا	۲۷
۷	سب کچھ خدا کی طرف سے ہے -	۲۷
۸	لوگوں کا اختلاف خدا کی طرف سے ہے	۲۷
۹	لوگوں کا ایمان لانا خدا کے حکم پر موقوف ہے	۲۸
۱۰	انسان کا دل خُدا کے اختیار میں ہے	۲۸
۱۱	خدا کا لکھا ہُوا انسان کو پہنچتا ہے -	۲۸
۱۲	کوئی شے مقررہ وقت سے آگے پیچھے نہیں ہٹ سکتی	۲۸
۱۳	خدا کسی کو اس کی گنجائش سے زیادہ تکلیف نہیں دیتا	۲۹
۱۴	خدا نیکوں کو نیکی کی توفیق دیتا ہے اور بدوں کو بدی کی	۲۹-
۱۵	انسان کو خدا نے نیک و بد دونوں رستے دکھلا دیئے ہیں -	۲۹
۱۶	نیکی خدا کی طرف سے ہے اور بدی انسان کی	۲۹
۱۷	انسان کی مرضی پُوری نہیں ہو سکتی	۲۹

اسلام

۱	اسلام لانے کا حکم	۲۹
۲	اسلام میں پُورے طور پر داخل ہو	۳۰
۳	دین اسلام پر قائم رہو	۳۰
۴	اسلام لانے سے کسی پر احسان نہیں بلکہ	
۰	خود اسلام لانے والے پر خدا کا احسان ہے	۳۱
۵	اسلام پر ہی مرو	۳۱
۶	خدا کے دین کی مدد کرو	۳۱
۷	دین تو خدا کے نزدیک صرف اسلام ہی ہے	۳۱
۸	ہدایت صرف اسلام ہی میں منحصر ہے	۳۱
۹	اسلام کے سوا کوئی دین مقبول نہیں	۳۲
۱۰	دین اسلام خدا کا سیدھا رستہ ہے	۳۲
۱۱	دین اسلام سے بہتر کوئی دین نہیں	۳۲
۱۲	دین اسلام میں اللہ نے آسانی رکھی ہے - سختی نہیں رکھی -	۳۳
۱۳	اللہ کسی کو اُس کی طاقت سے زیادہ تکلیف نہیں دیتا	۳۳
۱۴	ضعیفوں - لنگڑوں - اندھوں اور مریضوں وغیرہ معذورین پر جمعہ - جماعات اور جہاد وغیرہ کی تکلیف نہیں ہے	۳۳
۱۵	اسلام بڑا محکم کڑا ہے	۳۳
۱۶	خدا دین اسلام سے راضی ہے -	۳۴
۱۷	دین اسلام نوح - ابراہیم - موسیٰ - عیسیٰ وغیرہ کا ایک ہی ہے -	۳۴
۱۸	اسلام سے لغزش کی ممانعت	۳۴
۱۹	غلبہ اسلام کی پیشین گوئیاں	۳۵
۲۰	مسلمان نیکوکار بے خوف و بے غم ہیں -	۳۵
۲۱	مسلمان نام ابراہیم نے رکھا ہے	۳۵
۲۲	مسلمان اللہ کے رنگ میں رنگے ہوئے ہیں	۳۵
۲۳	مسلمانوں کا اللہ کارساز ہے -	۳۶
۲۴	مسلمانوں کی سلطنت کی نسبت زبور کی پیشینگوئی	۳۶
۲۵	مسلمان اللہ کے نور پر ہیں -	۳۶
۲۶	مسلمانوں پر فرشتوں کا نزول جنت کی بشارت کے ساتھ	۳۶

۳۹	ایمانداروں کو بہشت میں پاکیزہ مکان	۱۵
۴۰	مومنوں کے لئے جنّت میں بالاخانے	۱۵
۴۱	مومنوں کو اُن کے اعمال کا عوض دوچند	۱۶
۴۲	مومنوں پر خُدا کی رحمت	۱۶
۴۳	مومنوں کے گناہوں کا کفارہ	۱۷
۴۴	مومن خدا کے ہاں گواہ ہیں	۱۷
۴۵	مومن بڑے نصیب والے ہیں	۱۸
۴۶	مومن قیامت سے ڈرتے ہیں	۱۸
۴۷	مومنوں کے لئے خدا کے ہاں خیر	۱۸
۴۸	مومنوں کی پاکیزہ زندگی	۱۸
۴۹	مومن سب ایک ہیں	۱۸
۵۰	مومنوں کو ہدایت	۱۹
۵۱	مومنوں پر ایمان لانے سے پہلے افعال کا گناہ نہیں ہے۔	۱۹
۵۲	مومنوں کے نیک اعمال ضائع نہیں	۱۹
۵۳	مومنوں کو ایمان کی زیادتی (صفحہ ۳۰-۲۰-۲۴)	۱۹
۵۴	مومنوں کو نصیحت نفع دیتی ہے۔	۱۹
۵۵	مومن حق پر ہیں	۱۹
۵۶	مومنوں پر تسلی کا نزول	۲۰
۵۷	مومن نیکوکار بے خوف و بے غم ہیں	۲۰
۵۸	مومن بے خوف و بے غم ہیں	۲۰
۵۹	مومنوں کو امن	۲۰
۶۰	نیکوکار مومن کو ظلم اور دباؤ کا خوف نہیں	۲۰
۶۱	مومنوں کی جان و مال میں آزمائش اور اُن کا اہلِ کتاب اور مشرکوں سے دُکھ سہنا	۲۰
۶۲	مومنوں کو فلاح	۲۰
۶۳	مومن مشرک سے بہتر ہے۔	۲۱
۶۴	مومنوں کو خُدا اندھیرے سے اُجالے میں لاتا ہے	۲۱
۶۵	مومنوں کو دُنیا اور آخرت میں مضبُوط قول پر ثبات	۲۱
۶۶	مومنوں سے خدا کی محبت	۲۱
۶۷	مومنوں کی ایماندار اولاد کا آخرت میں اپنے باپوں سے ملنا اور جنّت میں عیش و نشاط کے ساتھ انہیں کے درجوں میں رہنا	۲۱
۶۸	نیکوکار مومن بہترین خلایق ہیں۔	۲۱
۶۹	مومنوں کو خدا نے اپنے غیبی فیض سے مدد کی	۲۱
۷۰	مومن خدا کی جماعت ہیں	۲۱
۷۱	مومن عقلمند ہیں	۲۲
۷۲	مومنوں سے خدا کی رضامندی	۲۲
۷۳	مومنوں پر خدا کا فضل	۲۲
۷۴	مومنوں کے بڑے درجے	۲۲
۷۵	مومنوں پر خدا کی مدد	۲۲
۷۶	مومنوں کا حضرت ابراہیم سے سب سے زیادہ تعلق ہے۔	۲۳
۷۷	مومنوں کو خدا نے آگ کے گڑھے سے نکالا	۲۳
۷۸	مومنوں کا دوست خدا ہے	۲۳
۷۹	مومنوں پر خدا کا احسان	۲۳
۸۰	صفات مومنین	۲۳
	تزکیۂ نفس	
۱	اپنے آپ کو پاک نہ کہو	۲۵
۲	تزکیۂ نفس کرنے والوں کو فلاح	۲۶
۳	تزکیۂ نفس نہ کرنے والوں کی نامرادی	۲۶
	ما یتعلق بالجبر والقدر واختیار العبد فی افعالھم	
۱	خدا کے ہاں ہر شے کا اندازہ۔	۲۶

۱۰	خدا متقیوں سے محبت رکھتا ہے	۵۳
۱۱	قیامت کو متقی خدا کے مہمان ہوں گے	۵۳
۱۲	خدا کے ہاں سب سے زیادہ عزت اسی کی ہے جو سب سے زیادہ متقی ہے۔	۵۳
۱۳	خدا سے ڈرنے والوں کا نیک انجام	۵۳
۱۴	متقیوں کے لئے گناہوں کا کفارہ اور مغفرت اور بڑا بھاری اجر ہے	۵۴
۱۵	ڈرنے والوں سے خدا تعالیٰ رضامند ہے	۵۴
۱۶	متقیوں کے صفات	۵۴
۱۷	اللہ سے ڈرنے والوں کو بے گمان روزی	۵۵
۱۸	ڈرنے والے کے کاموں میں خدا آسانی کر دے گا۔	۵۵
۱۹	قیامت کو متقی کفار پر غالب ہوں گے	۵۵
۲۰	ڈرنے والوں کے لئے نہروں والی جنتیں اور طرح طرح کے آرام و آسائش	۵۵
۲۱	ڈرنے والوں کے لئے دو جنتیں	۵۸
۲۲	متقیوں کو دوزخ سے نجات	۵۸
۲۳	قیامت کو متقی بے خوف و غم ہوں گے	۵۸
	دین کو جھٹلانا	
۲۴	سچی بات کو جھٹلانے والوں سے بڑھ کر کوئی ظالم نہیں	۵۸
۲۵	خدا کی آیتوں کو جھٹلانے والوں سے بڑھ کر کوئی ظالم نہیں	۵۹
۲۶	خدا کی آیتوں کو جھٹلانے کی ممانعت	۵۹
۲۷	خدا کی آیتیں جھٹلانے والے بہرے اور گونگے ہیں	۵۹
۲۸	خدا کی آیتوں کو جھٹلانے والوں کو عذاب	۵۹
۲۹	خدا کی آیتیں جھٹلانے والوں کو آگ	۵۹
۳۰	خدا کی آیتیں جھٹلانے والے دوزخی ہیں	۶۰
۳۱	خدا کی آیتیں جھٹلانے والے نہ قیامت کو کچھ بول سکیں گے نہ انہیں عذر کرنے کی اجازت ملے گی	۶۰
۳۲	خدا کی آیتیں جھٹلانے والوں کو خدا ڈھیل دیتا ہے۔	۶۰
۳۳	خدا کی آیتیں جھٹلانے والوں کی بری مثال جیسے ہانپتا کتا	۶۰
۳۴	قرآن اور رسولوں کی تکذیب کرنے والوں کے لئے آگ۔ گرم پانی۔ طوق زنجیر اور سینڈھ کھانا	۶۱
۳۵	احکام قرآن کو جھٹلانے والوں کے لئے ویل۔ نار جہنم۔ گلے میں اٹکتا کھانا۔ عذاب الیم تین شاخوں والا تکلیف دہ سایہ	۶۱
۳۶	خدا کی آیتوں اور قیامت کے منکرین کے اعمال باطل ہیں	۶۲
۳۷	قیامت کو جھٹلانے والے گھاٹے میں ہیں	۶۲
۳۸	منکرین قیامت کے لئے دوزخ	۶۳
۳۹	منکرین قیامت کے لئے ویل	۶۳
۴۰	منکرین دوزخ کے لئے وہی دوزخ	۶۳
	شرک	
۱	شرک کی ممانعت	۶۳
۲	خدا کے ساتھ شرک کرنے میں والدین کی اطاعت نہیں	۶۴
۳	قباحت شرک کی ایک تمثیل	۶۴
۴	شرک بڑا ظلم ہے۔	۶۴
۵	مشرک کی بخشش نہیں	۶۴

۲۷	مسلمان اور مجرم برابر نہیں ہیں	۳۶

دعوت اسلام - تبلیغ

۱	تبلیغ کا حکم	۳۶
۲	لوگوں کو سمجھانے کا حکم	۳۷
۳	خدا کے بندے نصیحت کو بغور سنتے ہیں	۳۸
۴	اچھی باتوں کی ہدایت کرنا اور بُری باتوں سے منع کرنا مسلمانوں کا فرض ہے -	۳۸
۵	بنی اسرائیل لوگوں کو بُرے کاموں سے منع نہ کرنے پر داؤد اور عیسیٰ کی زبانی ملعون قرار دیئے گئے	۳۸
۶	اپنی اصلاح کے بعد کسی کی گمراہی سے ضرر نہیں	۳۹
۷	لوگوں کو عذاب سے ڈراؤ -	۳۹

اللہ اور رسول کی اطاعت کا حکم

۱	رسول اسی غرض سے بھیجے گئے ہیں کہ لوگ ان کی اطاعت کریں -	۳۹
۲	رسولوں کے آنے سے اعمال بد کی سزا ملتی ہے	۴۰
۳	رسولوں کے جھٹلانے والوں کو خدا ڈھیل دیتا ہے -	۴۰
۴	رسولوں کے جھٹلانے والوں کے اعمال اکارت ہیں -	۴۰
۵	رسولوں کے جھٹلانے والے دوزخی ہیں	۴۰
۶	رسولوں کا اتباع کرنے والے قیامت کو بیخوف وغم ہوں گے	۴۲
۷	اللہ سے محبت کرنے والوں کو اتباع رسول کا حکم	۴۲
۸	اللہ اور اس کے رسول محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کا حکم	۴۲
۹	اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت میں ہدایت اور بڑا بھاری اجر ہے	۴۴
۱۰	رسول کی اطاعت بعینہ خدا کی اطاعت ہے	۴۵
۱۱	اللہ اور رسول کا حکم رد کرنے کا کسی مسلمان کو مرد ہو یا عورت اختیار نہیں ہے -	۴۵
۱۲	اللہ اور رسول کے تابعدار اپنی مراد کو پہنچیں گے	۴۵
۱۳	قیامت کو اللہ اور رسول کے تابعدار نبیوں - صدیقوں - شہدا اور صالحین کے ساتھ ہونگے	۴۵
۱۴	اللہ اور رسول کے تابعداروں کو جنت	۴۵
۱۵	اللہ اور رسول کے نافرمان گمراہ ہیں	۴۵
۱۶	اللہ اور رسول کے مخالف رو ہیں	۴۵
۱۷	اللہ اور رسول کے مخالف ذلیل ہوں گے	۴۶
۱۸	قیامت کو رسول کے نافرمان زمین کا پیوند ہونے کی تمنا کریں گے	۴۶
۱۹	اللہ اور رسول کے نافرمانوں کو عذاب دوزخ ہوگا	۴۶

تقویٰ

۱	خدا سے ڈرنے کا حکم	۴۶
۲	ڈر صرف اللہ ہی کا چاہیئے	۵۲
۳	قیامت سے ڈرو	۵۲
۴	دوزخ سے ڈرو	۵۲
۵	متقی ہدایت پر ہیں اور وہی فلاح پانے والے ہیں	۵۲
۶	متقی شیطان سے چوکنے رہتے ہیں	۵۲
۷	متقیوں کے اعمال مقبول ہیں	۵۲
۸	خدا متقیوں کے ساتھ ہے	۵۲
۹	خدا متقیوں کا دوست ہے	۵۳

۲	دوستی اور سلوک صرف انہیں کافروں کے ساتھ ناجائز ہے جو مسلمانوں کے دینی امور میں حارج ہوں۔ جو دینی امور میں حارج نہیں۔ ان سے دوستی سلوک کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں	۸۵
۳	کافروں کی مدد کرنے کی ممانعت	۸۵
۴	کافروں کی اطاعت کرنے اور اُن کی خوشی پر چلنے کی ممانعت	۸۵
۵	کافروں کی اطاعت کرنے میں کافر ہو جانے کا اندیشہ ہے	۸۶
۶	کافروں کو اُن کے حال پر چھوڑ دینا چاہیئے۔	۸۷

ارتداد

۱	مرتدوں کے عمل رائگاں ہیں	۸۹
۲	مرتدوں کی مغفرت نہیں	۸۹
۳	کفر بڑھانے والے مرتدوں کی توبہ قبول نہیں	۸۹
۴	مرتد ہمیشہ دوزخ میں رہیں گے	۸۹
۵	مرتد آخرت میں زیاں کار ہیں	۸۹

عبادت

۱	ایک خدا کی عبادت کا حکم	۹۰
۲	غیر خدا کی عبادت کی ممانعت	۹۲
۳	کسی نبی کا حق نہیں کہ وہ اپنی یا فرشتوں کی عبادت کا حکم دے	۹۳
۴	خدا کے پاس والے اس کی عبادت سے تکبر نہیں کرتے	۹۳
۵	خدا کی عبادت سے تکبر کرنے والے ذلیل ہو کر جہنم میں داخل ہوں گے	۹۳
۶	خلقت کی پیدائش سے مقصود صرف عبادت کرانا ہے	۹۴

کتاب العبادات

الصلوٰۃ۔ نماز

ابنیائے سابقین کو نماز پڑھنے کا حکم۔ تمام نبی نماز پڑھا کرتے تھے۔

۱	زکریا علیہ السلام	۹۵
۲	موسیٰ و ہارون علیہما السلام	۹۵
۳	شعیب علیہ السلام	۹۵
۴	ابراہیم علیہ السلام	۹۵
۵	اسمٰعیل علیہ السلام	۹۶
۶	ابراہیم۔ اسحٰق۔ یعقوب اور لوط کی طرف نماز پڑھنے اور زکوٰۃ دینے کی وحی	۹۶
۷	عیسیٰ علیہ السلام	۹۶
۸	ادریس کے بعد لوگوں نے نماز چھوڑ دی	۹۶
۹	لقمان	۹۶
۱۰	بنی اسرائیل کو نماز کا حکم دیا گیا تھا۔	۹۶
۱۱	بنی اسرائیل سے نماز کا عہد	۹۶
۱۲	اصحاب رسول اللہ نماز پڑھتے تھے۔	۹۷

نماز اسلام

۱	طہارتِ جامہ	۹۷
۲	وضو	۹۷
۳	غسل و تیمم	۹۷
۴	نماز کا حکم	۹۸

٦	شرک کی صحت پر کوئی دلیل نہیں ہے	٦٥
٧	مشرک اپنے شرک اور بداعمالیوں کا الزام خدا پر لگاتے ہیں	٦٦
٨	مشرکوں نے خدا کی قدر نہیں کی	٦٧
٩	مشرک مسجدیں آباد نہیں کر سکتے	٦٧
١٠	مشرک بتوں کی عبادت سے اللہ کا قرب چاہتے ہیں	٦٧
١١	مشرک ہزار برس کی زندگی چاہتے ہیں	٦٧
١٢	مشرک ناپاک ہیں یہ مسجد الحرام پاس نہ آئیں	٦٧
١٣	مشرکوں کے لئے استغفار کی ممانعت	٦٧
١٤	مشرک اور مومن کی تمثیل عبد سے	٦٧
١٥	مشرک اپنی کھیتی اور مویشیوں میں سے ایک حصہ اللہ کے لئے مقرر کرتے ہیں اور ایک حصہ بتوں کے لئے	٦٧
١٦	مشرکوں کے اعمال اکارت ہیں	٦٨
١٧	مشرکوں پر اللہ کا غضب اور لعنت	٦٨
١٨	مشرک خدا پر بہتان باندھتے ہیں	٦٩
١٩	مشرک شیطان کو پکارتے ہیں	٦٩
٢٠	مشرکین کے معبودوں کا عجز	٦٩
٢١	قیامت کو مشرکوں کے معبودان سے بیزار ہونگے	٧٢
٢٢	قیامت کو مشرک اپنے معبودوں سے بیزار ہوں گے اور اپنے شرک کا انکار کریں گے	٧٣
٢٣	قیامت کو مشرکوں کا افتراسب جاتا رہیگا۔	٧٥
٢٤	قیامت کو مشرکوں سے اُن کے شرک اور اجابت انبیا کی نسبت سوال	٧٥
٢٥	مشرک باپ دادا کی تقلید کرتے ہیں	٧٦
٢٦	مشرکوں سے نکاح کی ممانعت	٧٦
٢٧	مشرک لوگوں کو آگ کی طرف بلاتے ہیں	٧٦
٢٨	مشرکوں پر جنت حرام ہے	٧٦
٢٩	مشرک فرشتوں کو خدا کی بیٹیاں کہتے ہیں مگر اپنے لئے بیٹی ناپسند کرتے ہیں۔	٧٦
٣٠	مشرک حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بارہ میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ناحق جھگڑتے ہیں	٧٨
٣١	مشرکوں کو دوزخ	٧٨
٣٢	مشرکوں کو عذاب	٧٩
٣٣	مشرک محض اٹکل پر چلتے ہیں	٧٩
٣٤	مشرک خدا کے ذکر سے نفرت کرتے ہیں اور غیر خدا کے ذکر سے خوش ہوتے ہیں	٨٠
٣٥	مشرک اکیلے خدا پر ایمان نہ لاتے جب اس کے شریک ٹھہرائے جاتے تو ایمان لاتے ہیں	٨٠
٣٦	مشرک خدا کی نسبت بُرا گمان رکھتے ہیں	٨٠
٣٧	مشرک مصیبت کے وقت صرف خدا ہی کو پکارتے ہیں	٨٠
٣٨	مشرکوں کو دین اسلام ناگوار گذرتا ہے۔	٨٠

کفر

١	کفر نہ کرو	٨١
٢	کفر خدا کے ہاں بڑا گناہ ہے	٨٢
٣	کفر کے وقت کافروں کے پاس نہ بیٹھو	٨٢
٤	اللہ کفر کو پسند نہیں کرتا۔	٨٢
٥	اہل کتاب کی طرح سخت دل اور فاسق نہیں ہونا چاہیئے۔	٨٢

موالات باکفار

١	کافروں سے دوستی کرنے کی ممانعت	٨٢

استغفار

۴۰	استغفار کا حکم	۱۰۸
۴۱	استغفار مقبول ہے ۔	۱۰۹
۴۲	استغفار کرنے والوں کو عذاب سے امن	۱۰۹
۴۳	اللہ کی معافی کے ذریعے پیدا کرنے میں جلدی کرو ۔	۱۰۹
	تکبیر	۱۱۰
	تسبیح	۱۱۰
	تحمید	۱۱۱

ذکر

۴۴	اللہ کا ذکر بڑی چیز ہے	۱۱۱
۴۵	ذکر کرنے کا حکم	۱۱۱
۴۶	خدا کو کثرت سے یاد کرو	۱۱۲
۴۷	اللہ کو مشعر الحرام کے پاس یاد کرو	۱۱۲
۴۸	حج سے فارغ ہونے کے بعد اللہ کو اپنے باپ دادوں کی طرح بلکہ اس سے بھی زیادہ یاد کرو	۱۱۲
۴۹	امن میں اللہ کو یاد کرو	۱۱۲
۵۰	اللہ کو گڑگڑا کر اور ڈر کر صبح و شام آہستہ سے یاد کرو	۱۱۲
۵۱	اللہ کی نعمت یاد کرو	۱۱۳
۵۲	اللہ کی یاد سے دل تسلی پاتے ہیں	۱۱۳
۵۳	تجارت اور بیع اللہ کی یاد اور دیگر عبادات سے مانع نہیں ہے ۔	۱۱۳
۵۴	اللہ کی یاد سے جن کے دل سخت ہیں ۔ اُن کو ویل	۱۱۳
۵۵	اللہ کی یاد سے غافلوں پر شیطان کا تسلط	۱۱۳
۵۶	اللہ کو بھولنے والے بدکار ہیں	۱۱۳
۵۷	اللہ کی یاد سے غافل ٹوٹے میں ہیں	۱۱۳
۵۸	اللہ کی یاد سے روگردانی کرنے میں عذاب	۱۱۳

توبہ

۱	توبہ کرنے کا حکم	۱۱۴
۲	توبہ کے ساتھ عمل صالح بھی شرط ہے	۱۱۴
۳	خدا توبہ قبول فرماتا ہے ۔	۱۱۴
۴	توبہ کرنے والوں کے گناہ نیکیوں سے بدل جاتے ہیں بشرطیکہ عمل صالح ساتھ ہو	۱۱۵
۵	توبہ کرنے والوں کے لئے فرشتے مغفرت کی دعا کرتے ہیں	۱۱۵
۶	توبہ کرنے والے لوگوں سے اللہ محبت کرتا ہے	۱۱۵
۷	توبہ صرف بھول چوک کے گناہ سے ہوتی ہے	۱۱۵
۸	موت کے وقت کی توبہ قبول نہیں	۱۱۶
۹	مجرم اگر پکڑے جانے سے پہلے توبہ کرلیں تو جرم معاف ہے	۱۱۶
۱۰	چوری سے توبہ	۱۱۶
۱۱	توبہ شرک سے	۱۱۶
۱۲	توبہ نہ کرنے والے ظالم ہیں	۱۱۶
۱۳	مرتدوں کی توبہ قبول نہیں	۱۱۶

رجوع الی اللہ

۱	اللہ کی طرف دوڑو	۱۱۶

اعمال موجب مغفرت و فلاح آخرت

۱	خوفِ خدا ۔ ایمان ۔ نیک کام ۔ صبر ۔ عبادت	

۵	نماز بقید اوقات	۹۹	
۶	درمیانی نماز کی پابندی	۱۰۰	
۷	نماز مسجد میں	۱۰۰	
۸	نماز زینت کے ساتھ	۱۰۰	
۹	زینت کو کس نے حرام کیا؟	۱۰۰	
۱۰	نماز نشہ کی حالت میں منع ہے	۱۰۰	
۱۱	قرأت نماز متوسط آواز میں	۱۰۰	
۱۲	حاجتمندوں کو تھوڑی قرأت	۱۰۱	
۱۳	نماز جمعہ	۱۰۱	
۱۴	نماز خوف وسفر	۱۰۱	
۱۵	نماز خوف پیادہ پڑھو یا سوار	۱۰۱	
۱۶	نماز سفر میں قصر	۱۰۱	
۱۷	نماز خوف میں جماعت باری باری	۱۰۱	
۱۸	نماز خوف میں ہتھیار ساتھ رہیں	۱۰۱	
۱۹	حالتِ عذر میں ہتھیار اُتار رکھو مگر اپنا بچاؤ اپنے ساتھ رکھو۔	۱۰۲	
۲۰	نماز خوف کے بعد کھڑے۔ بیٹھے۔ لیٹے جیسی		
۲۱	حالت ہو۔ اللہ کو یاد کرو۔	۱۰۲	
۲۲	نماز تہجد	۱۰۲	
۲۳	تہجد میں جس قدر ہو سکے۔ اِسی قدر قرأت قرآن کافی ہے	۱۰۲	
۲۴	ابتداءً مسلمانوں کو صرف نماز اور زکوٰۃ ادا کرنے کا حکم تھا۔	۱۰۲	
۲۵	شیطان اللہ کی یاد اور نماز سے روکنا چاہتا ہے	۱۰۳	
۲۶	اہلِ کتاب نماز کی ہنسی اُڑاتے ہیں۔	۱۰۳	
۲۷	نماز خدا سے ڈرنے والوں کے سوا سب پر بھاری ہے	۱۰۳	
۲۸	سستی۔ کاہلی اور ریاکاری سے نماز پڑھنا منافقوں کا کام ہے۔	۱۰۳	
۲۹	نماز گناہوں سے روکتی ہے	۱۰۳	
۳۰	نماز منجملہ نیکی کی ہے۔	۱۰۳	
۳۱	مسلمانوں کے رفیق صرف وہی مسلمان ہیں۔ جو نماز پڑھتے ہیں	۱۰۳	
۳۲	نمازیوں سے لڑنا درست نہیں	۱۰۴	
۳۳	مومنوں کی صفت نماز پڑھنا ہے۔	۱۰۴	
۳۴	نمازیوں کے لئے دارِ آخرت	۱۰۴	
۳۵	نمازیوں کے لئے بہشت	۱۰۴	
۳۶	نماز کا اجر ضائع نہیں ہے	۱۰۵	
۳۷	نمازیوں کے لئے فلاح آخرت	۱۰۵	
۳۸	نمازیوں کو ہدایت	۱۰۶	
۳۹	نمازیوں کو بشارت	۱۰۶	
۴۰	نمازی بے خوف وغم ہیں	۱۰۷	
۴۱	نمازیوں کو اجر عظیم	۱۰۷	
۴۲	نمازی اور بے نماز برابر نہیں ہو سکتے	۱۰۷	
۴۳	بے نمازوں کے لئے دوزخ	۱۰۷	
۴۴	بے نمازوں کا اللہ کے آگے حاضر کیا جانا	۱۰۸	
۴۵	غفلت اور ریا سے نماز پڑھنے والوں کے لئے ویل	۱۰۸	
	نماز جنازہ		
۴۶	منافق اور کافر کے جنازے پر نماز نہ پڑھی جائے	۱۰۸	
	استعاذہ		
۴۷	شیطان سے خدا کی پناہ مانگنے کا حکم	۱۰۸	

	وغم ہیں	۱۲۲
۱۹	چھپا کر اور علانیہ خرچ کرنے والے بے خوف وغم ہیں	۱۲۲
۲۰	خدائی خرچ دانہ گندم جیسا	۱۲۳
۲۱	نمودی خرچ گرد آلود پتھر جیسا	۱۲۳
۲۲	خدائی خرچ والے مثل باغ کے	۱۲۳
۲۳	نمودی خرچ مثل خزاں زدہ باغ کے	۱۲۳
۲۴	دنیا کا خرچ مثل ہوائے یخ	۱۲۳
۲۵	خدا کو قرض دو	۱۲۳
۲۶	خدا اپنے قرض دینے والوں کو دُگنا دیگا	۱۲۳
۲۷	خدا کو قرض دینے میں گناہوں کا کفارہ اور دخول جنّت	۱۲۳

روزہ

۱	روزہ اسی طرح فرض ہے جس طرح پہلی امتوں پر فرض تھا	۱۲۳
۲	روزہ گنتی کے چند دنوں میں ہے	۱۲۳
۳	مریض اور مسافر کو دوسرے ایام میں روزہ رکھ لینا چاہیئے	۱۲۴
۴	مریض اور مسافر کو روزہ کی تاخیر کی کیوں مہلت دی گئی	۱۲۴
۵	جن پر روزہ رکھنا مشکل ہو وہ ایک محتاج کو کھانا دیں	۱۲۴
۶	روزہ رکھنا بہرحال بہتر ہے	۱۲۴
۷	روزوں کا مہینہ رمضان کا ہے	۱۲۴
۸	جو ماہ رمضان پائے وہ روزے رکھے	۱۲۴
۹	روزوں کی راتوں میں عورتوں کے پاس جانا اور	
۱۰	کھانا پینا صبح صادق تک درست ہے۔	۱۲۴
۱۰	صبح صادق سے رات تک روزہ پورا کرو	۱۲۴
۱۱	اعتکاف میں عورتوں کے پاس نہ جاؤ۔	۱۲۴

لیلۃ القدر

۱	لیلۃ القدر میں قرآن نازل ہوا۔	۱۲۵
۲	لیلۃ القدر میں ہر کام کی تقسیم ہوتی ہے	۱۲۵
۳	لیلۃ القدر میں خدا کے حکم سے ملائکہ اور جبرئیل زمین پر اُترتے ہیں	۱۲۵
۴	لیلۃ القدر صبح تک امن کی رات ہے۔	۱۲۵
۵	لیلۃ القدر ہزار مہینوں سے بہتر ہے	۱۲۵

حج

۱	ابراہیم کو حکم ملا کہ لوگوں میں حج کی منادی کرو۔	۱۲۵
۲	مقدور والوں پر حج فرض ہے	۱۲۶
۳	حج کا حساب چاند پر ہے	۱۲۶
۴	حج کے مہینے مقرر ہیں	۱۲۶
۵	حج میں فسق اور لڑائی جھگڑا نہیں چاہیئے۔	۱۲۶
۶	حج میں توشہ ساتھ لینا چاہیئے۔	۱۲۶
۷	احرام میں شکار کی ممانعت	۱۲۶
۸	شکار کا کفارہ	۱۲۶
۹	دریا کا شکار حلال ہے	۱۲۷
۱۰	احرام کے بعد حج اور عمرہ پورا کرو	۱۲۷
۱۱	صفا مروہ کا طواف	۱۲۷
۱۲	عرفات سے لوٹنے کے بعد خدا کو مشعر الحرام کے پاس یاد کرو	۱۲۷
۱۳	جہاں سے تمام لوگ لوٹتے ہیں۔ وہیں سے (یعنی عرفات سے) اے قریش تم لوٹو	۱۲۷
۱۴	جو لوگ حج سے روکے جائیں۔ اُن پر آسان سی	

	پاکبازی	۱۱۶
	زکوٰۃ	
۱	انبیائے سابقین اور امم سابقہ کو زکوٰۃ کا حکم دیا گیا تھا۔	۱۱۷
۲	انبیائے سابقین کو زکوٰۃ کا حکم	۱۱۷
۳	اسمٰعیل علیہ السلام	۱۱۷
۴	عیسیٰ علیہ السلام	۱۱۷
۵	بنی اسرائیل سے زکوٰۃ اور نماز کا عہد	۱۱۸
۶	اہل کتاب	۱۱۸
۷	اصحاب رسول اللہ زکوٰۃ دیتے تھے	۱۱۸
۸	زکوٰۃ دینے کا حکم	۱۱۸
۹	زکوٰۃ دینے والوں پر خدا کی رحمت	۱۱۸
۱۰	ابتدا میں صرف نماز اور زکوٰۃ ہی کا حکم تھا	۱۱۸
۱۱	زکوٰۃ دینے والے ہدایت پر ہیں	۱۱۸
۱۲	زکوٰۃ دینا منجملہ نیکی کے ہے	۱۱۸
۱۳	مسلمانوں کے رفیق وہ جو زکوٰۃ دیں	۱۱۸
۱۴	مومنوں کی صفت زکوٰۃ دینا ہے	۱۱۸
۱۵	زکوٰۃ دینے والوں سے لڑنا درست نہیں	۱۱۸
۱۶	زکوٰۃ نہ دینا مشرکوں کی صفت ہے	۱۱۸
۱۷	زکوٰۃ خدا لیتا ہے	۱۱۸
۱۸	زکوٰۃ دینے والوں کا مال دُگنا ہوتا ہے	۱۱۸
۱۹	زکوٰۃ دینے والوں کو فلاح آخرت	۱۱۸
۲۰	زکوٰۃ دینے والوں کے لئے بہشت	۱۱۹
۲۱	زکوٰۃ دینے میں اصل سے زیادہ ملے گا۔	۱۱۹
۲۲	زکوٰۃ دینے والوں کو اجر عظیم	۱۱۹
۲۳	زکوٰۃ دینے والے بے خوف وغم ہیں	۱۱۹
۲۴	زکوٰۃ دینے والوں کے لئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو دُعا دینے کا حکم	۱۱۹
۲۵	زکوٰۃ کن لوگوں کا حق ہے	۱۱۹
۲۶	زکوٰۃ پر کفار کا اعتراض	۱۱۹
۲۷	زکوٰۃ کے بارے میں منافقوں کا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو عیب لگانا	۱۱۹
	صدقات	
۱	صدقہ دے کر احسان جتانا نہیں چاہیئے۔	۱۲۰
۲	احسان جتا کر صدقات کا اجر باطل نہ کرو۔	۱۲۰
۳	صدقہ دینا بہتر ہے	۱۲۰
۴	صدقہ ظاہر کر کے اور چھپا کر دونوں طرح دینا اچھا ہے۔	۱۲۰
۵	صدقہ دینے والوں کو خدا جزا دیگا۔	۱۲۰
۶	صدقہ دینے والوں کو عزت کا اجر ملے گا۔	۱۲۰
۷	صدقات نافلہ کے مستحقین	۱۲۰
۸	خدا کی راہ میں خرچ کرنے کا حکم	۱۲۱
۹	خرچ کرو قیامت سے پہلے	۱۲۱
۱۰	خرچ کرو موت سے پہلے	۱۲۱
۱۱	خرچ کرو حاجت سے زائد	۱۲۱
۱۲	راہ خدا میں اپنی پاک کمائی میں سے خرچ کرو۔ ناپاک اور ناکارہ نہیں	۱۲۱
۱۳	راہ خدا میں خرچ کرنے والے ہدایت پر ہیں	۱۲۲
۱۴	محبوب چیز کو خرچ کئے بغیر نیکی حاصل نہیں ہو سکتی	۱۲۲
۱۵	خرچ کرنے والوں کو بشارت	۱۲۲
۱۶	خرچ کرنے والوں کو پورا اجر ملے گا	۱۲۲
۱۷	خرچ کرنے والوں کو اجر کبیر	۱۲۲
۱۸	راہ خدا میں بے منت خرچ کرنے والے بیخوف	

	مسجد الحرام میں لڑنا منع ہے۔	۱۳۳
۹	مسجد الحرام سے روکنے والوں کے لئے عذاب	۱۳۳
۱۰	خدا کا نور مسجدوں میں صبح و شام خدا کی یاد کرنے سے ملتا ہے۔	۱۳۳

ہجرت

۱	مہاجرین پر خدا کی رحمت۔ اُن کے گناہ معاف۔ ان کے لئے جنت۔ عزت کی روزی۔ بڑا درجہ۔ خدا کی رضامندی	۱۳۴
۲	ہجرت کرنے والا اگر رستے میں مر جائے تو اسے ہجرت کا ثواب حاصل ہو چکا	۱۳۵
۳	ہجرت کا دنیا میں اجر	۱۳۵
۴	ہجرت نہ کرنے والوں کو دوزخ	۱۳۵

جہاد

۱	جہاد کی فرضیت	۱۳۵
۲	کفار اور منافقین سے جہاد	۱۳۶
۳	منکرین خدا و قیامت اور خدا اور رسول کے حرام کو حلال کرنے والے اہلِ کتاب سے جہاد	۱۳۶
۴	جب کافر مسلمانوں کے بچوں اور عورتوں کو دکھ پہنچائیں تو ان سے لڑنا چاہیئے۔	۱۳۶
۵	کافروں کا خوف دور کرنے کو لڑنا	۱۳۷
۶	عہد شکن اور دغا باز لوگوں سے لڑنے کا حکم	۱۳۷
۷	حرمت کے مہینوں میں لڑنا بڑا گناہ۔ مگر فتنہ پھیلانا قتل سے بھی بڑھ کر گناہ ہے۔	۱۳۹
۸	جو تم سے لڑیں۔ تم اُن سے لڑو۔ خود ابتدا نہ کرو۔	۱۳۹
۹	لڑائی میں برابری ملحوظ رکھو اور جب تک فتنہ فرو نہ ہو۔ برابر لڑتے رہو	۱۳۹
۱۰	لڑائی میں اپنا بچاؤ اپنے ساتھ رکھو۔	۱۴۰
۱۱	جہاد میں ثابت قدم رہو	۱۴۰
۱۲	جہاد میں خرچ کرنے کا حکم	۱۴۰
۱۳	لڑائی سے مت بھاگو	۱۴۱
۱۴	لڑائی سے بھاگنے والوں پر خدا کی مار	۱۴۱
۱۵	لڑائی سے بھاگنے والوں کو عذاب	۱۴۱
۱۶	لڑائی کا سامان تیار رکھو۔	۱۴۱
۱۷	کافروں کی طرف سے خیانت کا اندیشہ ہو۔ تو تو اُن کو آگاہ کر کے عہد توڑ دو۔	۱۴۱
۱۸	مجاہد اور غیر مجاہد برابر نہیں	۱۴۱
۱۹	رسول کے ساتھ ہو کر جہاد	۱۴۲
۲۰	خدا کی راہ میں مرنے والوں کو ہدایت	۱۴۲
۲۱	راہِ خدا میں لڑنے والوں کو عذاب الیم سے نجات	۱۴۲
۲۲	راہِ خدا میں لڑنے والوں کی مغفرت	۱۴۲
۲۳	راہِ خدا میں لڑنے والوں کے لئے بہشت اور اُن کے لئے اجر عظیم	۱۴۳
۲۴	راہ خدا میں مرنے اور مارے جانے والوں کے لئے مغفرت	۱۴۳
۲۵	خدا کی راہ میں جم کر لڑنے والوں سے خدا کی محبت	۱۴۳
۲۶	شہید مرتے نہیں۔ زندہ رہتے ہیں۔ اللہ کے ہاں سے روزی کھاتے اور خوش و خرم بے خوف و غم زندگی گذارتے ہیں	۱۴۳
۲۷	معذوروں سے جہاد ساقط ہے۔	۱۴۳
۲۸	جہاد کی مصلحتیں	۱۴۴

	قربانی لازم ہے۔	۱۲۷
۱۵	جو حج سے روکے جائیں وُہ قربانی سے پہلے سر نہ منڈائیں	۱۲۷
۱۶	حج میں بلا عذر سر منڈائے۔ تو اس پر روزہ یا صدقہ یا قربانی کا فدیہ ہے۔	۱۲۷
۱۷	حج تمتع میں آسان سی قربانی لازم ہے۔	۱۲۷
۱۸	قربانی کا مقدور نہ ہو تو تین روزے حج میں اور سات بعد کو	۱۲۷
۱۹	مکّے والوں پر تمتع نہیں ہے	۱۲۸
۲۰	حج میں تجارت کرنے میں گناہ نہیں۔	۱۲۸
۲۱	شعایر خدا کا احترام کرو	۱۲۸
۲۲	احرام کھولنے کے بعد شکار حلال ہے	۱۲۸
۲۳	حج سے فارغ ہو کر خدا کو اپنے باپوں کی طرح یاد کرو	۱۲۸
۲۴	حج کے بعد بارھویں تاریخ کو نہ مکّے سے رخصت ہونے میں کوئی گناہ ہے۔ اور نہ وہاں ٹھہرنے میں	۱۲۸
۲۵	کعبہ کے طواف اور قربانی کا حکم	۱۲۸
۲۶	قربانی کے احکام اور اس کے مصارف	۱۲۹
۲۷	قربانی کے جانور خدا کے دین کی نشانی ہیں۔	۱۲۹
۲۸	خدا کو قربانی کا خون اور گوشت نہیں پہنچتا۔ بلکہ پرہیزگاری پہنچتی ہے	۱۲۹

کعبہ

۱	ابراہیم و اسمٰعیل کا خانہ کعبہ کو تعمیر کرنا	۱۳۰
۲	ابراہیم اور اسمٰعیل سے کعبہ کو صاف رکھنے کا عہد	۱۳۰
۳	کعبہ اور اس کے باشندوں کے لئے ابراہیم کی دُعا	۱۳۰
۴	کعبہ سب سے پہلا معبد ہے۔ جس میں ہدایت۔ برکت۔ امن اور مقام ابراہیم ہے۔	۱۳۰
۵	کعبہ لوگوں کے لئے بزرگی کا گھر ہے۔	۱۳۱
۶	کعبہ کی طرف ہر قسم کے پھلوں کا کھنچنا	۱۳۱
۷	صفا اور مروہ خُدا کی نشانیاں ہیں۔	۱۳۱
۸	کعبہ کا قبلہ ہونا برحق ہے	۱۳۱
۹	کعبہ کے قبلہ ہونے کی حقیقت اہل کتاب جانتے ہیں	۱۳۱
۱۰	کعبہ کو قبلہ بنانے پر جاہلوں کا شبہ اور اس کا جواب	۱۳۲
۱۱	کعبہ کا قبلہ ہونا ہدایت والوں کے سوا سب پر ناگوار ہے	۱۳۲
۱۲	نماز میں کعبہ کی طرف منہ کرنے کا حکم	۱۳۲
۱۳	کعبہ کی طرف مُنہ کرنا اصل نیکی نہیں ہے	۱۳۲
۱۴	کعبے کا حج لوگوں پر فرض ہے۔	۱۳۲

احکام المساجد

۱	مسجدوں سے روکنے اور ان کو ویران کرنے والے بڑے ظالم ہیں	۱۳۲
۲	مسجدوں میں ڈرتے ہوئے داخل ہونا چاہیئے	۱۳۲
۳	مسجدوں کو ویران کرنے والوں کو دُنیا اور آخرت میں سزا	۱۳۳
۴	مسجدیں آباد کرنا مشرکوں کا کام نہیں۔ صرف مومنوں کا کام ہے	۱۳۳
۵	مسجد الحرام میں مشرکوں کو نہ گھسنے دو۔	۱۳۳
۶	مسجد الحرام کے متولی صرف متقی ہیں۔	۱۳۳
۷	مسجد الحرام میں الحاد کرنے والوں کو عذاب الیم	۱۳۳

	مطابق خرچ دو	۱۵۱
۹	بغیر ہاتھ لگائے طلاق دینے کی صورت میں آدھا مہر ہے	۱۵۱
۱۰	بغیر ہاتھ لگائے طلاق دینے کی صورت میں مطلقہ کو خرچ بھی دینا چاہیئے	۱۵۱
	خلع	
۱	زوجین کی رضامندی سے خلع میں گناہ نہیں	۱۵۱
	عدت	
۱	طلاق والی عورتوں کی عدت تین حیض یا طہر ہیں	۱۵۲
۲	جن کو حیض نہیں آتا۔ اُن کی عدت تین ماہ	۱۵۲
۳	موت کی عدت چار مہینے دس روز	۱۵۲
۴	مرنے والوں کو اپنی بیویوں کو سال بھر کی عدت کی وصیت کرنی چاہیئے	۱۵۲
۵	عدت کے دنوں کو گنتے رہو	۱۵۲
۶	عدت شوہر کے گھر گذارے۔ شوہر بغیر جُرم بے حیائی اِسے نہ نکالے۔	۱۵۲
۷	بغیر ہاتھ لگائے طلاق دینے کی صورت میں عدت نہیں	۱۵۲
۸	عدت والی کو مکان اور حاملہ ہو تو جننے تک مکان کے ساتھ نفقہ بھی دو	۱۵۲
۹	عدت والی کو حمل چھپانا روا نہیں	۱۵۳
۱۰	عدت میں منگنی کا کنایہ کرنے میں گناہ نہیں	۱۵۳
۱۱	عدت میں نکاح نہ کرو۔	۱۵۳
	رجعت	
۱	رجعت یا تفریق پر دو معتبر گواہ کر لینے چاہئیں	۱۵۳
	ایلاء	
۱	ایلا میں چار مہینے تک مہلت	۱۵۳
۲	پھر رجوع	۱۵۳
۳	یا طلاق	۱۵۳
	لعان	
۱	لعان، عورتوں پر الزام لگانا	۱۵۳
	ظہار	
۱	بیوی کو ماں کہہ دینے سے حقیقی ماں نہیں بن جاتی	۱۵۴
۲	بیوی کو ماں کہنا گناہ ہے لیکن وہ اس کہنے سے حقیقی ماں نہیں بن جاتی۔ حقیقی ماں صرف وہی ہے۔ جس سے پیدا ہو	۱۵۴
۳	بیوی کو ماں کہنے پر ایک غلام آزاد کرو۔ اتنی مقدرت نہ ہو تو لگاتار ساٹھ روزے رکھو۔ اس کی بھی طاقت نہ ہو تو ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلاؤ۔ یہ سب کچھ عورت کو ہاتھ لگانے سے پیشتر ہو	۱۵۴
	رضاع	
۱	پوری مدت رضاع (شیرخواری) دو برس ہیں	۱۵۵
۲	رضیع (شیر خوار) کے باپ پر مرضعہ کا نفقہ اور کسوت لازم ہے	۱۵۵

۲۹	دین میں زبردستی نہیں۔	۱۴۴
۳۰	اگر کافر نہ لڑیں تو اُن سے لڑنا درست نہیں	۱۴۵
۳۱	صلح کا حکم	۱۴۵
۳۲	اسیرانِ جنگ کو احسان کرکے یا فدیہ لے کر چھوڑ دو	۱۴۵
۳۳	مالِ غنیمت اللہ اور رسول کا ہے	۱۴۶
۳۴	مالِ غنیمت کے مستحق	۱۴۶
۳۵	مالِ فے کی تعریف	۱۴۶
۳۶	فے کی مصرف	۱۴۶

نکاح

۱	چار نکاح تک کی اجازت	۱۴۷
۲	اگر کئی عورتوں میں انصاف نہ ہو سکنے کا اندیشہ ہو تو صرف ایک نکاح	۱۴۷
۳	بیوہ عورتوں اور نیک بخت لونڈی غلاموں کا نکاح کر دو	۱۴۷
۴	نکاح حصولِ عفت کے لئے ہو	۱۴۷
۵	اگر آزاد عورتوں کا خرچ اُٹھانے کی طاقت نہ ہو اور زنا کا اندیشہ ہو تو ایماندار لونڈی کے ساتھ اس کے آقا کی اجازت سے نکاح کر لو۔	۱۴۷
۶	کتابیہ عورت سے نکاح درست ہے	۱۴۷
۷	جنہیں نکاح کا مقدور نہیں وہ بچے رہیں	۱۴۷
۸	مسلمان مرد کو مشرکہ سے اور مسلمان عورت کو مشرک سے نکاح جائز نہیں	۱۴۸
۹	زناکاروں سے نکاح جائز نہیں۔	۱۴۸
۱۰	زبردستی عورتوں کے وارث نہ بنو	۱۴۸
۱۱	اپنے باپ کی منکوحہ سے نکاح نہ کرو۔	۱۴۸
۱۲	جن عورتوں سے نکاح حرام ہے اُن کی تفصیل۔	۱۴۸
۱۳	خاوند والی عورتیں حرام ہیں	۱۴۸
	مفصلہ بالا کے سوا کل عورتوں سے نکاح جائز ہے۔	۱۴۹
۱۴	مہر مقرر اور ادا کرنے کا حکم	۱۴۹
۱۵	یتیم لڑکیوں سے نکاح کرنا ہو تو ان کو ان کا پورا مہر دو۔	۱۴۹
۱۶	اگر عورتیں اپنی خوشی سے مہر چھوڑ دیں۔ تو جائز ہے	۱۴۹
۱۷	اگر عورت کو طلاق دینے کا ارادہ ہو۔ تو اس سے مہر یا جو کچھ دے چکے ہو۔ واپس لینا جائز نہیں	۱۴۹
۱۸	مہر مقرر ہوئے پیچھے زوجین کی رضامندی سے اُس میں کمی ہو سکتی ہے	۱۵۰

طلاق

۱	طلاق اصلی صرف دو ہیں	۱۵۰
۲	تین طلاقوں والی عورت بغیر حلالہ شوہر سابق کے نکاح میں نہیں آسکتی	۱۵۰
۳	طلاق والی عورتوں کو خوبی کے ساتھ روک رکھو یا خوبی کے ساتھ چھوڑ دو۔ انہیں ضرر پہنچانے کے لئے نہ روکو	۱۵۰
۴	طلاق والی عورتوں کو نکاح سے نہ روکو	۱۵۰
۵	عورتوں کو ہاتھ لگانے سے پہلے طلاق دینی گناہ نہیں	۱۵۱
۶	مطلقہ عورتوں سے نکاح کرنے کے زیادہ حقدار ان کے خاوند ہیں	۱۵۱
۷	طلاق دینی ہو تو زمانہ عدت یعنی پاکی کے دنوں میں دو۔	۱۵۱
۸	طلاق والی عورتوں کو اپنی وسعت کے	

میراث

۱	والدین اور اقربا کے ترکے میں مرد اور عورت دونوں کا حصّہ۔	۱۶۱
۲	تقسیم ترکہ پر اگر غیر حقدار یتیم مسکین اور اقربا موجود ہوں تو انہیں بھی کچھ دو۔	۱۶۱
۳	لڑکے کا حصّہ لڑکی سے دوچند۔	۱۶۱
۴	دو لڑکیوں سے زیادہ ہوں تو اُن کا حصّہ دو تہائی۔	۱۶۱
۵	ایک ہی لڑکی ہو تو اس کا آدھا ہے۔	۱۶۱
۶	اولاد ہو تو ماں باپ میں ہر ایک کا چھٹا حصّہ۔	۱۶۲
۷	اولاد نہ ہو تو ماں کا حصّہ ایک تہائی۔	۱۶۲
۸	بھائی ہو تو ماں کا چھٹا حصّہ	۱۶۲
۹	میراث وصیت اور دَین کے بعد ہے۔	۱۶۲
۱۰	میراث خدا کی طرف سے مقرر ہے	۱۶۲
۱۱	اولاد نہ ہو تو خاوند کا نصف۔	۱۶۲
۱۲	اولاد ہو تو چوتھائی۔	۱۶۲
۱۳	اولاد نہ ہو تو بیوی کا چوتھائی حصّہ ہے۔	۱۶۲
۱۴	اولاد ہو تو بیوی کا آٹھواں ہے۔	۱۶۲
۱۵	اگر میت کلالہ (اُوت نپُوت) ہے اور اس کے ایک بھائی یا ایک بہن ہے۔ تو ان میں سے ہر ایک کا چھٹا حصّہ ہے۔	۱۶۲
۱۶	ایک سے زیادہ بہن بھائی ہیں تو وہ سب تہائی میں شریک۔	۱۶۲
۱۷	وصیّت میں کسی کو نقصان نہ پہنچایا جائے	۱۶۳
۱۸	کلالہ کے اگر صرف ایک بہن ہے تو اُس کا آدھا ہے۔ اگر وہ دو ہیں تو دونو کا دو تہائی۔ اور اگر بھائی بہن دونوں ہیں تو مرد کا حصّہ عورت سے دُگنا۔	۱۶۳
۱۹	میراث صرف اقربا کے لئے ہے دونوں سے زندگی میں سلوک کرو۔	۱۶۳
۲۰	منہ بولا بیٹا حقیقی بیٹا نہیں ہو جاتا۔	۱۶۳

قرض و رہن

۱	ہر ایک معاملے کو لکھنا اور اس پر گواہ کرنا	۱۶۳
	سفر میں رہن	۱۶۴

سود

۱	سود خوار قیامت کو شیطان کے چھوئے ہوئے شخص کی طرح مخبوط الحواس اُٹھینگے۔	۱۶۴
۲	سود کو اللہ نے حرام کیا ہے۔	۱۶۴
۳	ممانعت سے پہلے کا سُود حلال۔	۱۶۵
۴	حرام ہونے کے بعد جو سود کھائے۔ وُہ دوزخی۔	۱۶۵
۵	اللہ سود کو گھٹاتا ہے۔	۱۶۵
۶	باقی سود چھوڑ دو۔	۱۶۵
۷	سود خواروں کی اللہ اور رسول سے لڑائی۔	۱۶۵
۸	دُگنے پر دُگنا سود نہ کھاؤ۔	۱۶۵

کتمانِ حق

۱	حکم خدا چھپانے والوں پر خدا کی پھٹکار۔	۱۶۵
۲	خدا کا حکم چھپانے والوں کو دردناک عذاب۔	۱۶۵

شہادت

۱	سچی گواہی دینے کا حکم	۱۶۶

۳	بچے کو دودھ پلانے میں اس کی ماں کو ضرر نہ دیا جائے۔	۱۵۵
۴	رضامندی سے بچے کی ماں سے دودھ چھڑانا گناہ نہیں۔	۱۵۵
۵	دودھ پلانے میں بچے کی ماں کو اُجرت دینا۔	۱۵۵
۶	دودھ پلانے میں بچے کی ماں کو مقدور کے مطابق نفقہ دینا چاہیئے۔	۱۵۵

معاشرت النسا

۱	مرد عورتوں کے سردھرے ہیں۔	۱۵۵
۲	نافرمان عورتوں کو نصیحت اور تنبیہ کرو۔	۱۵۶
۳	مطیع عورتوں پر الزام کی راہ نہ ڈھونڈو۔	۱۵۶
۴	اگر میاں بیوی میں اتفاق نہ ہو تو ان کے رشتہ دار ان میں صلح کرادیں۔	۱۵۶
۵	میاں بیوی میں صلح ہی بہتر ہے۔	۱۵۶
۶	خاوندوں کو بالکل ایک ہی طرف جھکنا نہیں چاہیئے۔	۱۵۶
۷	تمہاری بیویاں تمہاری کھیتی ہیں۔	۱۵۶
۸	حیض کیا ہے۔	۱۵۶
۹	عورتیں مردوں کا اور مرد عورتوں کا لباس ہیں	۱۵۷
۱۰	عورتوں سے نیک برتاؤ کرو۔	۱۵۷
۱۱	عورتوں کو کسی قسم کی ایذا نہ دو۔	۱۵۷

پردہ

۱	کسی کے گھر میں بغیر اجازت مانگے داخل ہونا جائز نہیں۔	۱۵۷
۲	مکان غیر مسکونہ میں ضرورت کی وجہ سے داخل ہونا جائز ہے۔	۱۵۷
۳	مرد اور عورتیں نیچی نگاہ رکھیں۔ کھلے حصے کے سوا اپنی زینت ظاہر نہ کریں۔ کن کن کے سامنے اپنی زینت کا اظہار جائز ہے۔	۱۵۷
۴	ازدواج نبی کو گھر میں رہنے کا حکم۔	۱۵۸
۵	باندی۔ غلاموں اور نابالغوں کو صبح اور عشا اور دوپہر کے وقت اپنے مالکوں کے گھروں میں بغیر اجازت داخل ہونا جائز نہیں۔ باقی وقتوں میں اجازت کی ضرورت نہیں۔	۱۵۸
۶	بالغوں کو کسی وقت بھی گھر میں بلا اجازت داخل ہونا نہیں چاہیئے۔	۱۵۸
۷	بوڑھی عورتوں کو لباس کی کم تاکید مگر سنگار بنا کر باہر پھرنا کہیں بھی درست نہیں۔	۱۵۸
۸	نبی کی بیویوں سے کوئی چیز مانگنی ہو تو پردے کی اوٹ سے مانگ لو۔	۱۵۹
۹	عورتوں کو چادر اوڑھ کر باہر نکلنا چاہیئے۔	۱۵۹
۱۰	کن لوگوں سے پردہ نہیں ہے۔	۱۵۹

وصیّت

۱	وصیت مال چھوڑنے والوں پر فرض ہے۔	۱۵۹
۲	وصیت والدین اور اقربا کے لئے۔	۱۶۰
۳	وصیت متقیوں پر ایک حق ہے۔	۱۶۰
۴	وصیت بدلنے والے گنہگار ہیں۔	۱۶۰
۵	وصیت ناحق کی اصلاح کرنے میں گناہ نہیں۔	۱۶۰
۶	مرنے والوں کو اپنی جوروؤں کو ایک سال تک نفقہ دینے اور گھر سے نہ نکالنے کی وصیت کرنی چاہیئے۔	۱۶۰
۷	سفر میں وصیت پر گواہ کرنے چاہئیں۔	۱۶۰

چوری کی سزا

۱	چور کے ہاتھ کاٹو۔	۱۷۱
۲	توبہ سے سزا معاف۔	۱۷۱

حدِّ قذف

۱	مومنوں کو بدنام کرنے کا عذاب۔	۱۷۱
۲	بے خبر پاک دامن مومنات پر تہمت لگانے پر لعنت اور عذابِ عظیم۔	۱۷۱
۳	تہمت لگانا کھلے گناہ کا بوجھ اُٹھانا ہے۔	۱۷۱
۴	پاک دامن عورتوں پر بہتان لگانے کی سزا اسّی کوڑے اور عدم قبول شہادت۔	۱۷۲
۵	بہتان لگانے کی سزا توبہ کے بعد معاف ہے۔	۱۷۲

ماپ تول

۱	پُورا ماپنے اور تولنے کا حکم۔	۱۷۲
۲	صحیح ترازو سے تولو۔	۱۷۲
۳	کم ماپنے اور تولنے والوں کو ویل۔	۱۷۳

شراب خواری و قمار بازی

۱	شراب خواری اور قمار بازی کی ممانعت۔	۱۷۳

دُوسرے گناہ

۱	فواحش سے بچنے کا حکم۔	۱۷۳
۲	چھپے اور کھلے سب گناہوں کے چھوڑنے کا حکم۔	۱۷۴

امانت

۱	امانت کے ادا کرنے کا حکم۔	۱۷۴
۲	امانت داروں کی خوبی۔	۱۷۴

خیانت

۱	نبی خائن نہیں ہوتے۔	۱۷۴
۲	خیانت کرنے والوں کی طرف داری منع ہے۔	۱۷۴
۳	خیانت کی ممانعت۔	۱۷۵
۴	خیانت کرنے والوں سے خدا محبت نہیں کرتا۔	۱۷۵

ظلم

۱	اللہ ظالموں کو ہدایت نہیں کرتا	۱۷۵
۲	اللہ ظالموں کو گمراہ کرتا ہے۔	۱۷۵
۳	ظالم کھلی گمراہی میں ہیں۔	۱۷۶
۴	ظالم بڑے اختلاف میں۔	۱۷۶
۵	ظالم آیات خدا کا انکار کرتے ہیں۔	۱۷۶
۶	ظالم ایک دوسرے کے رفیق ہیں۔	۱۷۶
۷	ظالموں کو قرآن سے نقصان۔	۱۷۶
۸	خدا کا بھلائی کا وعدہ ظالموں کے لئے نہیں۔	۱۷۶
۹	ظالموں کو ظلم کا مزہ معلوم ہوگا۔	۱۷۶
۱۰	اللہ ظالموں سے محبت نہیں رکھتا۔	۱۷۶
۱۱	ظالم خدا کی رحمت سے دور اور ان پر خدا کی لعنت بھی۔	۱۷۶
۱۲	ظالموں کا کوئی مددگار نہیں۔	۱۷۶
۱۳	ظالموں کو فلاح نہیں۔	۱۷۷

۲	گواہی نہ چھپاؤ۔ جو چھپائے وہ گنہ گار۔	۱۶۶
۳	گواہی چھپانے سے بڑھ کر ظالم کون؟	۱۶۶
۴	سچی گواہی دینے اور جھوٹی گواہی سے بچنے والوں کی مدح	۱۶۶

قصاص ودیت

۱	قصاص قتل مومنوں پر فرض ہے۔	۱۶۷
۲	قصاص میں مساوات۔	۱۶۷
۳	قصاص معاف ہو تو دیت (خوں بہا) لازم۔	۱۶۷
۴	یہ آسانی خدا کی رحمت ہے۔	۱۶۷
۵	دیت قبول کرنے کے بعد تعدی کرنے والے کو عذاب الیم۔	۱۶۷
۶	قصاص میں لوگوں کی زندگی ہے۔	۱۶۷
۷	غلطی سے قتل ہو تو دیت اور مسلمان غلام آزاد کرنا۔	۱۶۷
۸	جسے مسلمان غلام دستیاب نہ ہو تو لگاتار دو مہینے کے روزے رکھے۔	۱۶۷
۹	توریت میں بھی قصاص فرض تھا۔	۱۶۷
۱۰	مقتول کے اولیاء قصاص لینے میں زیادتی نہ کریں	۱۶۸

الکبائر

گناہ کبیرہ۔ قتل

۱	قتل کی ممانعت۔	۱۶۸
۲	قتل اولاد کی ممانعت۔	۱۶۸
۳	اولاد کے قاتل ٹوٹے ہیں۔	۱۶۹
۴	قیامت کو دختر کشی کی بابت باز پرس۔	۱۶۹
۵	قتل عمد کی سزا ہمیشہ کو دوزخ اور خدا کا غضب اور لعنت اور بڑا عذاب۔	۱۶۹
۱۸/۴۵ ثُمَّ جَعَلْنٰكَ عَلٰي شَرِيْعَةٍ مِّنَ الْاَمْرِ فَاتَّبِعْهَا وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَاۗءَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝

پھر ہم نے تجھے دین کے ایک طریق پر کر دیا ہے تو تو اسی پر چل اور اُن کی خواہشوں پر نہ چل جو علم نہیں رکھتے

۱۹/۴۵ اِنَّهُمْ لَنْ يُّغْنُوْا عَنْكَ مِنَ اللّٰهِ شَيْـــًٔا ۭ وَاِنَّ الظّٰلِمِيْنَ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَاۗءُ بَعْضٍ ۚ وَاللّٰهُ

بے شک وہ اللہ کے ہاں تیرے کچھ کام نہیں آئیں گے اور بے شک ظالم ایک دوسرے کے دوست ہیں اور اللہ

وَلِيُّ الْمُتَّقِيْنَ ۝

متقیوں کا دوست ہے

۸/۶۸ فَلَا تُطِعِ الْمُكَذِّبِيْنَ ۝ وَدُّوْا لَوْ تُدْهِنُ فَيُدْهِنُوْنَ ۝ وَلَا تُطِعْ كُلَّ حَلَّافٍ مَّهِيْنٍ ۝

تو تو جھٹلانے والوں کا کہا نہ مان وہ چاہتے ہیں کہ تو ڈھیلا پڑے تو وہ بھی ڈھیلے پڑیں اور ہر ایک قسمیں کھانیوالے ذلیل کا کہا نہ مان

۱۱/۶۸ هَمَّازٍ مَّشَّاۗءٍۢ بِنَمِيْمٍ ۝ ۱۲/۶۸ مَّنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ اَثِيْمٍ ۝ ۱۳/۶۸ عُتُلٍّۢ بَعْدَ ذٰلِكَ زَنِيْمٍ ۝

آوزے کسنے والے چغلخور کا نیکی سے روکنے والے حد سے بڑھنے والے گنہگار کا اکھڑ کا اس کے بعد بد اصل کا

۱۴/۶۸ اَنْ كَانَ ذَا مَالٍ وَّبَنِيْنَ ۝ ۱۵/۶۸ اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِ اٰيٰتُنَا قَالَ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ۝

اس لئے کہ وہ مال اور اولاد والا ہے جب اس پر ہماری آیتیں پڑھی جاتی ہیں تو کہتا ہے کہ اگلے لوگوں کی کہانیاں ہیں۔

۱۶/۶۸ سَنَسِمُهٗ عَلَي الْخُرْطُوْمِ ۝

ہم اس کی ناک پر داغ لگائیں گے

۲۵/۷۶ وَلَا تُطِعْ مِنْهُمْ اٰثِمًا اَوْ كَفُوْرًا ۝

اور تو ان میں سے کسی گنہگار یا ناشکرے کا کہا نہ مان

۱۹/۹۶ كَلَّا لَا تُطِعْهُ وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ ۝

ہرگز نہیں تو اس کی اطاعت نہ کر اور سجدہ کر اور قربت حاصل کر

۹۹/۳ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تُطِيْعُوْا فَرِيْقًا مِّنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ يَرُدُّوْكُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ كٰفِرِيْنَ ۝

مسلمانو! اگر تم ان لوگوں میں سے جن کو کتاب دی گئی ہے کسی فریق کا بھی کہا مانو گے تو وہ تم کو تمہارے ایمان لانے کے بعد پھر کفر کی طرف لوٹا

۵ کافر کی اطاعت کرنے میں کافر ہو جانے کا اندیشہ ہے۔

۱۱/۷۴ ذَرْنِي وَمَنْ خَلَقْتُ وَحِيدًا ۝ ۱۲/۷۴ وَجَعَلْتُ لَهُ مَالًا مَّمْدُودًا ۝ ۱۳/۷۴ وَبَنِينَ شُهُودًا ۝

چھوڑ مجھے اور اس کو جسے میں نے تنہا پیدا کیا اور اس کو بہت سا مال دیا اور بیٹے دیئے جو موجود ہیں

۱۴/۷۴ وَمَهَّدتُّ لَهُ تَمْهِيدًا ۝ ۱۵/۷۴ ثُمَّ يَطْمَعُ أَنْ أَزِيدَ ۝ ۱۶/۷۴ كَلَّا ۖ إِنَّهُ كَانَ لِآيَاتِنَا عَنِيدًا ۝

اور اس کے لئے ہر ایک سامان مہیا کیا پھر وہ طمع کرتا ہے کہ میں اور زیادہ دوں ہرگز نہیں وہ ہماری آیتوں کا مخالف تھا

۱۷/۸۶ فَمَهِّلِ الْكَافِرِينَ أَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ۝

تو کافروں کو مہلت دے تھوڑی سی مہلت

۱/۱۰۹ قُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُونَ ۝ ۲/۱۰۹ لَا أَعْبُدُ مَا تَعْبُدُونَ ۝ ۳/۱۰۹ وَلَا أَنتُمْ عَابِدُونَ مَا أَعْبُدُ ۝

کہہ دے اے کافرو! میں اسے نہیں پوجتا جسے تم پوجتے ہو اور نہ تم اس خدا کو پوجنے والے ہو جسے میں پوجتا ہوں

۴/۱۰۹ وَلَا أَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدتُّمْ ۝ ۵/۱۰۹ وَلَا أَنتُمْ عَابِدُونَ مَا أَعْبُدُ ۝ ۶/۱۰۹ لَكُمْ دِينُكُمْ وَلِيَ دِينِ ۝

اور نہ میں اس کو پوجنے والا ہوں جسے تم پوجتے ہو اور نہ تم اس خدا کو پوجنے والے ہو جسے میں پوجتا ہوں تمہارا دین تمہارے لئے اور میرا دین میرے لئے

ارتداد

۱- مرتدوں کے عمل اکارت ہیں

۲۱۷/۲ وَمَن يَرْتَدِدْ مِنكُمْ عَن دِينِهِ فَيَمُتْ وَهُوَ كَافِرٌ فَأُولَٰئِكَ حَبِطَتْ أَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا

اور جو تم میں سے اپنے دین سے پھرے اور وہ کافر ہی کی حالت میں مرجائے تو یہی وہ ہیں جن کے اعمال دنیا اور آخرت میں اکارت

وَالْآخِرَةِ ۖ (۵/۵ دیکھو مرتد آخرت میں زیاں کار ہیں)

گئے

۲- مرتدوں کی مغفرت نہیں

۱۳۷/۴ إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا ثُمَّ كَفَرُوا ثُمَّ آمَنُوا ثُمَّ كَفَرُوا ثُمَّ ازْدَادُوا كُفْرًا لَّمْ يَكُنِ اللَّهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ

کچھ شک نہیں کہ جو لوگ ایمان لائے پھر کافر ہوگئے پھر اس کے بعد دوبارہ ایمان لائے اور پھر کافر ہوگئے پھر کفر ہی میں بڑھتے گئے

وَلَا لِيَهْدِيَهُمْ سَبِيلًا ۝

تو اللہ ایسا نہیں ہے کہ ان کو بخش دے اور نہ ایسا ہی ہے کہ ان کو راہ پر لگا دے

۳- کفر بڑھانے والے مرتدوں کی توبہ قبول نہیں۔

۹۰/۳ إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا بَعْدَ إِيمَانِهِمْ ثُمَّ ازْدَادُوا كُفْرًا لَّن تُقْبَلَ تَوْبَتُهُمْ ۖ وَأُولَٰئِكَ هُمُ الضَّالُّونَ ۝

بے شک جو لوگ اپنے ایمان لانے کے بعد کافر ہوگئے پھر کفر ہی میں بڑھتے گئے ان کی توبہ ہرگز قبول نہیں کی جائے گی اور وہی لوگ گمراہ ہیں

۴- مرتد ہمیشہ دوزخ میں رہیں گے

۲۱۷/۲ وَأُولَٰئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ ۖ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ۝

اور وہی لوگ دوزخی ہیں وہ ہمیشہ اسی میں رہیں گے

۵- مرتد آخرت میں زیاں کار ہیں

۵/۵ وَمَن يَكْفُرْ بِالْإِيمَانِ فَقَدْ حَبِطَ عَمَلُهُ ۖ وَهُوَ فِي الْآخِرَةِ مِنَ الْخَاسِرِينَ ۝

اور جو شخص بھی ایمان کا انکار کریگا اس کے اعمال اکارت جائیں گے اور آخرت میں وہ گھاٹا اٹھانے والوں میں ہوگا

۵۴/۲۳ فَذَرْهُمْ فِيْ غَمْرَتِهِمْ حَتّٰى حِيْنٍ ○

پھر اُن کو ایک وقت تک اُن کی غفلت میں رہنے دے

۱۷۵/۳۷ فَتَوَلَّ عَنْهُمْ حَتّٰى حِيْنٍ ○

پس ایک وقت تک اُن سے مُنہ پھیرے رکھ۔

۱۷۸/۳۷ وَتَوَلَّ عَنْهُمْ حَتّٰى حِيْنٍ ○

اور ایک وقت تک اُن سے منہ موڑے رکھ

۸۳/۴۳ فَذَرْهُمْ يَخُوْضُوْا وَيَلْعَبُوْا حَتّٰى يُلٰقُوْا يَوْمَهُمُ الَّذِيْ يُوْعَدُوْنَ ○

اور اُن کو چھوڑ کہ بکواس کریں اور کھیلیں یہاں تک کہ اپنے اُس دن سے جا ملیں جس کا اُن سے وعدہ کیا جاتا ہے

۸۸/۴۳ وَقِيْلِهٖ يٰرَبِّ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ قَوْمٌ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ○ ۸۹/۴۳ فَاصْفَحْ عَنْهُمْ وَقُلْ سَلٰمٌ ۭ فَسَوْفَ

اور رسول کے اس کہنے کی قسم کہ اے رب بے شک یہی وہ لوگ ہیں جو ایمان نہیں لاتے تو تُو اُن سے درگزر کر اور کہہ کہ سلام وہ عنقریب

يَعْلَمُوْنَ ○

جان لیں گے

۱۴/۴۵ قُلْ لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يَغْفِرُوْا لِلَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ اَيَّامَ اللّٰهِ لِيَجْزِيَ قَوْمًۢا بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ○

مومنوں سے کہہ دے کہ ان لوگوں کو معاف کریں جو اللہ کے دنوں (وعدوں) کی امید نہیں رکھتے تاکہ اللہ لوگوں کو اُن کے کئے کا بدلہ دے

۵۴/۵۱ فَتَوَلَّ عَنْهُمْ فَمَآ اَنْتَ بِمَلُوْمٍ

تو اُن سے منہ پھیر لے تجھ پر کچھ ملامت نہیں ہے

۴۵/۵۲ فَذَرْهُمْ حَتّٰى يُلٰقُوْا يَوْمَهُمُ الَّذِيْ فِيْهِ يُصْعَقُوْنَ ○

تو ان کو چھوڑ یہاں تک کہ وہ اپنے اُس دن سے ملیں جس میں بے ہوش کئے جائیں گے

۶/۵۴ فَتَوَلَّ عَنْهُمْ يَوْمَ يَدْعُ الدَّاعِ اِلٰى شَيْءٍ نُّكُرٍ ۙ

تو تو اُن سے منہ پھیر جس روز بلانے والا ایک نامانوس شے کی طرف بلائے گا

۴۴/۶۸ فَذَرْنِيْ وَمَنْ يُّكَذِّبُ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ ۭ سَنَسْتَدْرِجُهُمْ مِّنْ حَيْثُ لَا يَعْلَمُوْنَ ○

تو مجھے اور اس کو چھوڑ جو اس بات کو جھٹلاتا ہے ہم اُن کو ایسی طرح پر کہ ان کو خبر بھی نہیں ہوتی مہلت دیتے ہیں

۴۱/۷۰ فَذَرْهُمْ يَخُوْضُوْا وَيَلْعَبُوْا حَتّٰى يُلٰقُوْا يَوْمَهُمُ الَّذِيْ يُوْعَدُوْنَ ○ (دیکھو ۵۳/۴۳)

اُن کو چھوڑ کہ بکواس کریں اور کھیلیں یہاں تک کہ وہ اپنے اُس دن سے جا ملیں جس کا ان سے وعدہ کیا جاتا ہے

۱۰/۷۳ وَاصْبِرْ عَلٰي مَا يَقُوْلُوْنَ وَاهْجُرْهُمْ هَجْرًا جَمِيْلًا ○ ۱۱/۷۳ وَذَرْنِيْ وَالْمُكَذِّبِيْنَ اُولِي النَّعْمَةِ

اور جو وہ کہتے ہیں اُس پر صبر کر اور خوبصورتی کے ساتھ اُن کو چھوڑے رکھ اور مجھے اور اہل نعمت کے جھٹلانے والوں کو چھوڑ

وَمَهِّلْهُمْ قَلِيْلًا ○

اور اُن کو تھوڑی سی مہلت دے۔

۹۲/۲۱ اِنَّ هٰذِهٖٓ اُمَّتُكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً ۖ وَّاَنَا رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْنِ ○

بے شک یہ تمہاری جماعت ہے، تم اور وہ ایک ہی جماعت میں ہو اور میں تمہارا پروردگار ہوں پس تم میری ہی عبادت کرو

۷۷/۲۲ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا ارْكَعُوْا وَاسْجُدُوْا وَاعْبُدُوْا رَبَّكُمْ وَافْعَلُوا الْخَيْرَ لَعَلَّكُمْ

مسلمانو! رکوع کرو اور سجدہ کرو اور اپنے پروردگار کی عبادت کرو اور نیک کام کرو تاکہ تم

تُفْلِحُوْنَ ○ ۚ

فلاح پاؤ

۹۱/۲۷ اِنَّمَآ اُمِرْتُ اَنْ اَعْبُدَ رَبَّ هٰذِهِ الْبَلْدَةِ الَّذِيْ حَرَّمَهَا وَلَهٗ كُلُّ شَيْءٍ ۡ وَّاُمِرْتُ اَنْ

مجھے تو بس یہی حکم دیا گیا ہے، کہ میں اس شہر (مکے) کے پروردگار کی جس نے اسے حرمت دی ہے عبادت کروں اور ہر چیز اسی کی ہے

اَكُوْنَ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ○

اور مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں فرماں برداروں میں رہوں

۱۶/۳۹ ۳۵/۲۹ اِعْبُدُوا اللّٰهَ

اللہ کی عبادت کرو

۱۷/۲۹ وَاعْبُدُوْهُ

اور اسی کی عبادت کرو

۵۶/۲۹ يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ اَرْضِيْ وَاسِعَةٌ فَاِيَّايَ فَاعْبُدُوْنِ ○

اے میرے مسلمان بندو کچھ شک نہیں کہ میری زمین فراخ ہے تو میری ہی عبادت کرو

۶۱/۳۶ وَّاَنِ اعْبُدُوْنِيْ ۭ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ○

اور یہ کہ میری ہی عبادت کرو یہ ہی سیدھا رستہ ہے

۲/۳۹ فَاعْبُدِ اللّٰهَ مُخْلِصًا لَّهُ الدِّيْنَ ○ ۳/۳۹ اَلَا لِلّٰهِ الدِّيْنُ الْخَالِصُ ۭ

پس تو اللہ کو خالص اسی کی اطاعت کرتا ہوا پوج سن لو کہ خالص اطاعت اللہ ہی کے لئے ہے،

۱۱/۳۹ قُلْ اِنِّيْٓ اُمِرْتُ اَنْ اَعْبُدَ اللّٰهَ مُخْلِصًا لَّهُ الدِّيْنَ ○

کہدے کہ مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں اللہ کو خالص اسی کی اطاعت کرتے ہوئے پوجوں

۱۴/۳۹ قُلِ اللّٰهَ اَعْبُدُ مُخْلِصًا لَّهٗ دِيْنِيْ ۭ

کہدے کہ میں اللہ کو خالص اسی کی اطاعت کرتا ہوا پوجتا ہوں

۶۶/۳۹ بَلِ اللّٰهَ فَاعْبُدْ وَكُنْ مِّنَ الشّٰكِرِيْنَ ○

بلکہ تو اللہ ہی کی عبادت کر اور شکر گزاروں میں ہو

۱۴/۴۰ فَادْعُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ○

پس تم اللہ کو خالص اسی کی اطاعت کرتے ہوئے پکارو اگرچہ کافر برا مانیں

عبادت

۱۔ ایک خدا کی عبادت کا حکم

۲۱/۲ يَا أَيُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوا رَبَّكُمُ الَّذِي خَلَقَكُمْ وَالَّذِينَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ ○

لوگو! اپنے پروردگار کی عبادت کرو جس نے تم کو پیدا کیا اور (نیز) ان کو جو تم سے پہلے ہو گزرے ہیں، تاکہ تم پرہیزگار بن جاؤ

۴/۳۶ وَاعْبُدُوا اللَّهَ وَلَا تُشْرِكُوا بِهِ شَيْئًا

اور اللہ کی عبادت کرو اور اس کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ کرو

۱۰۳/۶ فَاعْبُدُوهُ ۚ

پس اسی کی عبادت کرو

۵۵/۷ ادْعُوا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَخُفْيَةً ۚ

اپنے پروردگار کو گڑگڑا گڑگڑا کر اور دل ہی دل میں پکارو

۳/۱۰ ذَٰلِكُمُ اللَّهُ رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوهُ ۚ

یہ اللہ ہے تمہارا پروردگار پس تم اسی کی عبادت کرو

۱۲۳/۱۱ فَاعْبُدْهُ وَتَوَكَّلْ عَلَيْهِ ۚ

پس تو اسی کی عبادت کر اور اسی پر بھروسا رکھ

۹۸/۱۵ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَكُنْ مِنَ السَّاجِدِينَ ○ ۹۹/۱۵ وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتَّىٰ يَأْتِيَكَ الْيَقِينُ ○

پس تو اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ اس کی پاکی بیان کر اور سجدہ کرنے والوں میں ہو، اور اپنے پروردگار کی عبادت کر یہاں تک کہ تجھکو موت آجائے

۳۶/۱۶ وَلَقَدْ بَعَثْنَا فِي كُلِّ أُمَّةٍ رَسُولًا أَنِ اعْبُدُوا اللَّهَ وَاجْتَنِبُوا الطَّاغُوتَ ۚ

اور بے شک ہم نے ہر امت میں ایک پیغمبر بھیجا کہ اللہ کی عبادت کرو اور بتوں سے بچو

۲۳/۱۷ وَقَضَىٰ رَبُّكَ أَلَّا تَعْبُدُوا إِلَّا إِيَّاهُ

اور تیرے پروردگار نے فیصلہ کر دیا ہے کہ اس کے سوا کسی کو نہ پوجو

۳۶/۱۹ ۵۰/۴۳ إِنَّ اللَّهَ رَبِّي وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوهُ ۚ هَٰذَا صِرَاطٌ مُسْتَقِيمٌ ○

بے شک اللہ ہی میرا پروردگار اور تمہارا پروردگار ہے سو تم اسی کو پوجو یہی سیدھا راستہ ہے

۶۵/۱۹ رَبُّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا فَاعْبُدْهُ وَاصْطَبِرْ لِعِبَادَتِهِ ۚ

(وہ) آسمانوں اور زمین کا اور جو ان کے درمیان ہے اس کا پروردگار ہے، پس تو اسی کو پوج اور اسی کی عبادت پر جما رہ

۱۴۷/۳۰ فَاعْبُدْنِي ۔

پس تو میری ہی عبادت کر

۲۵/۲۱ وَمَا أَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَسُولٍ إِلَّا نُوحِي إِلَيْهِ أَنَّهُ لَا إِلَٰهَ إِلَّا أَنَا فَاعْبُدُونِ ○

اور (اے نبی) ہم نے تجھ سے پہلے جو رسول بھی بھیجا اسی کی طرف ہم یہ پیغام بھیجتے رہے کہ میرے سوا کوئی معبود نہیں تو تم میری ہی عبادت کرو

۳۷/۴۱ لَا تَسْجُدُوْا لِلشَّمْسِ وَلَا لِلْقَمَرِ وَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ الَّذِیْ خَلَقَهُنَّ اِنْ كُنْتُمْ اِیَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ○

نہ سورج کو سجدہ کرو اور نہ چاند کو اور اللہ کو سجدہ کرو جس نے اُن کو پیدا کیا ہے اگر تم اسی کو پوجتے ہو

۵۱/۵۱ وَلَا تَجْعَلُوْا مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ اِنِّیْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِیْرٌ مُّبِیْنٌ ○

اور اللہ کے ساتھ دوسرا معبود نہ ٹھہراؤ بے شک میں تمہیں اس کی طرف سے کھول کر ڈرانے والا ہوں

۱۸/۷۲ وَاَنَّ الْمَسٰجِدَ لِلّٰهِ فَلَا تَدْعُوْا مَعَ اللّٰهِ اَحَدًا ○

اور یہ کہ مسجدیں اللہ کی ہیں تو تو اللہ کے ساتھ کسی کو نہ پکار

۳۔ کسی نبی کا حق نہیں کہ وہ اپنی یا فرشتوں کی عبادت کا حکم دے۔

۷۹/۳ مَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنْ یُّؤْتِیَهُ اللّٰهُ الْكِتٰبَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ ثُمَّ یَقُوْلَ لِلنَّاسِ كُوْنُوْا عِبَادًا

کسی بشر کو لائق نہیں کہ اللہ اس کو کتاب اور دانائی اور نبوت دے، پھر وہ بشر لوگوں سے کہے، کہ اللہ کو چھوڑ کر میرے بندے بنو لیکن

لِّیْ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ كُوْنُوْا رَبّٰنِیّٖنَ بِمَا كُنْتُمْ تُعَلِّمُوْنَ الْكِتٰبَ وَبِمَا كُنْتُمْ تَدْرُسُوْنَ ○

وہ کہے گا کہ اللہ والے بن جاؤ اس لئے کہ تم کتاب لوگوں کو پڑھاتے ہو اور اس لئے کہ تم خود پڑھتے ہو

۸۰/۳ وَلَا یَاْمُرَكُمْ اَنْ تَتَّخِذُوا الْمَلٰٓئِكَةَ وَالنَّبِیّٖنَ اَرْبَابًا اَیَاْمُرُكُمْ بِالْكُفْرِ بَعْدَ

اور وہ تمہیں یہ حکم نہیں دے گا کہ تم فرشتوں اور پیغمبروں کو رب بنا لو کیا وہ تمہیں اس کے بعد کہ تم

اِذْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ○

مسلمان ہو کفر کا حکم دے گا

۴۔ خدا کے پاس والے اسکی عبادت سے تکبر نہیں کرتے

۲۰۶/۷ اِنَّ الَّذِیْنَ عِنْدَ رَبِّكَ لَا یَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَیُسَبِّحُوْنَهٗ وَلَهٗ یَسْجُدُوْنَ ○

بے شک جو (فرشتے) تیرے پروردگار کے پاس ہیں وہ اس کی عبادت سے غرور نہیں کرتے اور اس کی پاکی بیان کرتے ہیں اور اسی کو سجدہ کرتے ہیں

۱۹/۲۱ وَلَهٗ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَنْ عِنْدَهٗ لَا یَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَلَا

اور اسی کے لئے ہے جو کوئی آسمانوں اور زمین میں ہے اور جو (فرشتے) اس کے پاس ہیں وہ اس کی عبادت سے نہ غرور کرتے

یَسْتَحْسِرُوْنَ ○ ۲۰/۲۱ یُسَبِّحُوْنَ الَّیْلَ وَالنَّهَارَ لَا یَفْتُرُوْنَ ○

ہیں اور نہ تھکتے ہیں رات اور دن تسبیح کرتے ہیں اور سستی نہیں کرتے

۲۶/۴ وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا سُبْحٰنَهٗ ؕ بَلْ عِبَادٌ مُّكْرَمُوْنَ ○ ۲۷/۲۱ لَا یَسْبِقُوْنَهٗ بِالْقَوْلِ

اور انہوں نے کہا۔ کہ رحمٰن نے اولاد اختیار کی ہے تو وہ تو پاک ہے بلکہ وہ معزز بندے ہیں بات کرنے میں ان سے سبقت نہیں

وَهُمْ بِاَمْرِهٖ یَعْمَلُوْنَ ○

کرتے اور وہ اس کے حکم کے مطابق کام کرتے ہیں

۵۔ خدا کی عبادت سے تکبر کرنیوالے ذلیل ہو کر جہنم میں داخل ہونگے

۶۰/۴۰ وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِیْٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ ؕ اِنَّ الَّذِیْنَ یَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِیْ

اور تمہارے پروردگار نے کہا کہ مجھے پکارو میں تمہیں جواب دونگا بے شک جو لوگ میری عبادت سے غرور کرتے ہیں وہ ذلیل و خوار

سَیَدْخُلُوْنَ جَهَنَّمَ دٰخِرِیْنَ ○

دوزخ میں داخل ہوں گے۔

۶۵/۴۰ هُوَ الْحَيُّ لَآ إِلٰهَ إِلَّا هُوَ فَادْعُوهُ مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ ۗ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ ○

وہ زندہ ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں پس تم اسی کو خاص اسی کی اطاعت کرتے ہوئے پکارو سب تعریف اللہ کے لئے ہے جو سارے جہان کا پروردگار ہے

۳۹/۲ فَاعْبُدُوهُ ۖ

پس اسی کی عبادت کرو

۵۳/۶۲ فَاسْجُدُوا لِلّٰهِ وَاعْبُدُوا ○

پس اللہ ہی کو سجدہ کرو اور اسی کو پوجو

۳/۷۱ أَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ

یہ (حکم ہے) کہ تم اللہ ہی کی عبادت کرو

۱۰۶/۳ فَلْيَعْبُدُوا رَبَّ هٰذَا الْبَيْتِ ۝ الَّذِي أَطْعَمَهُمْ مِنْ جُوعٍ ۖ

پس اُن کو چاہیئے کہ اس گھر (کعبہ) کے پروردگار کی عبادت کریں جس نے ان کو بھوک میں کھانا دیا

۲- غیر خدا کی عبادت کی ممانعت

۴۰/۶۶ قُلْ إِنِّي نُهِيتُ أَنْ أَعْبُدَ الَّذِينَ تَدْعُونَ مِنْ دُونِ اللّٰهِ ۖ قُلْ لَّآ أَتَّبِعُ أَهْوَآءَكُمْ قَدْ ضَلَلْتُ

(اے نبی) کہہ دے کہ مجھے اس بات کی ممانعت کی گئی ہے کہ میں ان کو پوجوں جنہیں تم اللہ کے سوا پکارتے ہو کہہ دے کہ میں تمہاری خواہشوں

إِذًا وَمَا أَنَا مِنَ الْمُهْتَدِينَ ○

پر نہیں چلتا بے شک ایسا کرنے کی صورت میں میں گمراہ ہو جاؤنگا، اور میں ہدایت پانے والوں میں نہ رہوں گا

۲/۱۱ أَلَّا تَعْبُدُوٓا إِلَّا اللّٰهَ ۖ إِنَّنِي لَكُمْ مِنْهُ نَذِيرٌ وَبَشِيرٌ ○

یہ کہ سوائے اللہ کے کسی کی عبادت نہ کرو بے شک میں تمہیں اس کی طرف سے ڈرانے والا اور بشارت دینے والا ہوں

۴۰/۱۲ أَمَرَ أَلَّا تَعْبُدُوٓا إِلَّآ إِيَّاهُ ۚ ذٰلِكَ الدِّينُ الْقَيِّمُ وَلٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ ○

اس نے حکم دیا ہے کہ اس کے سوا کسی کو نہ پوجو یہ سیدھا دین ہے لیکن اکثر آدمی اس بات کو نہیں جانتے

۳۶/۶۰ أَلَمْ أَعْهَدْ إِلَيْكُمْ يٰبَنِي آدَمَ أَنْ لَّا تَعْبُدُوا الشَّيْطٰنَ ۖ إِنَّهُ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِينٌ ○

اے اولاد آدم کیا میں نے تم سے یہ عہد نہ لیا تھا کہ شیطان کو نہ پوجنا بے شک وہ تمہارا کھلا دشمن ہے،

۳۹/۶۴ قُلْ أَفَغَيْرَ اللّٰهِ تَأْمُرُوٓنِّي أَعْبُدُ أَيُّهَا الْجٰهِلُونَ ○

(اے نبی) کہہ دے کہ اے جاہلو کیا تم مجھے یہ حکم دیتے ہو کہ میں غیر اللہ کی عبادت کروں

۴۰/۴۳ لَا جَرَمَ أَنَّمَا تَدْعُونَنِي إِلَيْهِ لَيْسَ لَهُ دَعْوَةٌ فِي الدُّنْيَا وَلَا فِي الْآخِرَةِ

ضرور ہے کہ جس چیز کی (عبادت کی) طرف تم مجھے بلاتے ہو اس کو پکارنا نہ دنیا میں صحیح ہے اور نہ آخرت میں

۴۰/۶۶ قُلْ إِنِّي نُهِيتُ أَنْ أَعْبُدَ الَّذِينَ تَدْعُونَ مِنْ دُونِ اللّٰهِ لَمَّا جَآءَنِيَ الْبَيِّنٰتُ مِنْ رَّبِّي

کہہ دے کہ بے شک مجھے اس کی ممانعت کی گئی ہے کہ میں اُن کو پوجوں جن کو اللہ کے سوا پکارتے ہو، جبکہ میرے پروردگار کی طرف

وَأُمِرْتُ أَنْ أُسْلِمَ لِرَبِّ الْعَالَمِينَ ○

سے میرے پاس اس بات کی کھلی دلیلیں بھی آچکی ہیں کہ میں جہاں کے پروردگار کا فرمان بردار رہوں

کتاب العبادات

الصّلوٰۃ۔ نماز

انبیاءؑ سابقین کو نماز پڑھنے کا حکم
تمام نبیؑ نماز پڑھا کرتے تھے

۱۔ زکریا علیہ السلام

۳۸/۳ فَنَادَتْهُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَهُوَ قَآئِمٌ يُّصَلِّيْ فِي الْمِحْرَابِ

پس فرشتوں نے اس کو پکارا اور وہ (مسجد کی) محراب میں کھڑا ہوا نماز پڑھ رہا تھا

۲۔ موسیٰؑ و ہارون علیہما السلام

۸۷/۱۰ وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰى وَاَخِيْهِ × × × اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ○

اور ہم نے موسیٰ اور اس کے بھائی کی طرف وحی کی کہ نماز کو قائم رکھو اور مومنوں کو بشارت دے

۱۴/۲۰ اِنَّنِيْٓ اَنَا اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدْنِيْ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ لِذِكْرِيْ ○

میں ہی خدا ہوں میرے سوا کوئی معبود نہیں تو (اے موسیٰ) میری ہی عبادت کر اور میری یاد کے لئے نماز کو قائم رکھ

۳۔ شعیب علیہ السلام

۸۷/۱۱ قَالُوْا يٰشُعَيْبُ اَصَلٰوتُكَ تَاْمُرُكَ اَنْ نَّتْرُكَ مَا يَعْبُدُ اٰبَآؤُنَآ

انہوں نے کہا اے شعیب کیا تجھے تیری نماز یہ حکم دیتی ہے کہ ہم اُن (معبودوں) کو چھوڑ دیں جن کو ہمارے باپ دادا پوجتے چلے آتے ہیں

۴۔ ابراہیم علیہ السلام

۱۲۵/۲ وَاِذْ جَعَلْنَا الْبَيْتَ مَثَابَةً لِّلنَّاسِ وَاَمْنًا ۭ وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ اِبْرٰهٖمَ مُصَلًّى ۭ وَعَهِدْنَآ

اور وہ وقت یاد کر جب ہم نے خانہ کعبہ کو لوگوں کا مرجع اور امن کی جگہ بنایا اور تم لوگ مقام ابراہیمؑ کو نماز کی جگہ بناؤ اور ہم نے

اِلٰٓى اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ اَنْ طَهِّرَا بَيْتِيَ لِلطَّاۗىِٕفِيْنَ وَالْعٰكِفِيْنَ وَالرُّكَّعِ السُّجُوْدِ ○

ابراہیمؑ اور اسمٰعیلؑ سے عہد لیا کہ میرے گھر کو طواف کرنے والوں اور مجاوروں اور رکوع سجدہ کرنے والوں کے لئے پاک رکھو

۳۷/۱۴ رَبَّنَآ اِنِّيْٓ اَسْكَنْتُ مِنْ ذُرِّيَّتِيْ بِوَادٍ غَيْرِ ذِيْ زَرْعٍ عِنْدَ بَيْتِكَ الْمُحَرَّمِ ۙ رَبَّنَا لِيُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ

اے ہمارے پروردگار میں نے اپنی اولاد کو تیرے حرمت والے گھر کے پاس اس جنگل میں لا بسایا ہے جس میں کھیتی نہیں اے ہمارے پروردگار یہ اس لئے کہ نماز پڑھیں

۴۰/۱۴ رَبِّ اجْعَلْنِيْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ ۚ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَاۗءِ ○ رَبَّنَا اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ

اے ہمارے پروردگار مجھے نماز پڑھنے والا رکھ اور میری اولاد میں سے بھی اور میری دعا قبول فرما اے ہمارے پروردگار مجھے اور میرے

وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ ○

ماں باپ اور مومنوں کو جس دن حساب قائم ہو بخش دینا

۶ خلقت کی پیدائش سے مقصود صرف عبادت کرانا ہے

۵۶/۵۱ وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْإِنْسَ إِلَّا لِيَعْبُدُونِ ○ ۵۷/۵۱ مَا أُرِيدُ مِنْهُمْ مِنْ رِزْقٍ وَمَا

اور میں نے جنوں اور انسانوں کو صرف اسی لئے پیدا کیا ہے کہ وہ میری عبادت کریں میں نہ ان سے روزی چاہتا ہوں اور نہ یہ

أُرِيدُ أَنْ يُطْعِمُونِ ○

چاہتا ہوں کہ وہ مجھے کھانا کھلائیں

لَئِنْ اَقَمْتُمُ الصَّلٰوةَ وَاٰتَيْتُمُ الزَّكٰوةَ وَاٰمَنْتُمْ بِرُسُلِيْ وَعَزَّرْتُمُوْهُمْ وَاَقْرَضْتُمُ

اگر تم نے نماز کو قائم رکھا اور زکوٰۃ دیتے رہے اور میرے رسولوں پر ایمان لائے اور ان کی مدد کی اور اللہ کو قرض حسنہ

اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا لَّاُكَفِّرَنَّ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَلَاُدْخِلَنَّكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

دیتے رہے تو میں ضرور تمہارے گناہ دور کر دوں گا اور تمہیں ایسے باغوں میں داخل کروں گا جن کے نیچے نہریں جاری ہیں

۱۲- اصحابِ رسول اللہ نماز پڑھتے تھے۔

۴۱/۲۲ اَلَّذِيْنَ اِنْ مَّكَّنّٰهُمْ فِي الْاَرْضِ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ وَاَمَرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهَوْا

یہ وہ ہیں کہ اگر ہم ملک میں ان کے پاؤں جما دیں، تو وہ نماز پڑھیں اور زکوٰۃ دیں اور لوگوں کو نیکی کا حکم دیں، اور برے

عَنِ الْمُنْكَرِ ؕ

کاموں سے روکیں

نمازِ اسلام

۱- طہارتِ جامہ

۴/۷۴ وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ ۝

اور اپنے کپڑوں کو پاک رکھ

۲- وضو۔

۶/۵ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا قُمْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ فَاغْسِلُوْا وُجُوْهَكُمْ وَاَيْدِيَكُمْ اِلَى الْمَرَافِقِ وَ

مسلمانو! جب تم نماز کی (ادائیگی کی) طرف کھڑے ہو تو اپنے منہ اور اپنے دونوں ہاتھ کہنیوں تک دھو لیا کرو اور اپنے سروں

امْسَحُوْا بِرُءُوْسِكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ اِلَى الْكَعْبَيْنِ ؕ

پر مسح کر لیا کرو اور اپنے پاؤں ٹخنوں تک دھو لیا کرو

۳- غسل و تیمم

۴/۴۳ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْتُمْ سُكٰرٰى حَتّٰى تَعْلَمُوْا مَا تَقُوْلُوْنَ وَلَا جُنُبًا

مسلمانو! جب تم نشے میں ہو تو نماز کے قریب نہ جاؤ، یہاں تک کہ تم اس کو سمجھنے لگو جو تم کہتے ہو اور نہ ناپاکی

اِلَّا عَابِرِيْ سَبِيْلٍ حَتّٰى تَغْتَسِلُوْا ؕ وَاِنْ كُنْتُمْ مَّرْضٰٓى اَوْ عَلٰى سَفَرٍ اَوْ جَآءَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ مِّنَ الْغَآئِطِ

کی حالت میں جاؤ مگر رستہ چلتے ہوئے (مسجد سے گذر جاؤ تو مضائقہ نہیں) یہاں تک کہ تم غسل کر لو، اور اگر تم بیمار ہو یا مسافر یا کوئی

اَوْ لٰمَسْتُمُ النِّسَآءَ فَلَمْ تَجِدُوْا مَآءً فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا فَامْسَحُوْا بِوُجُوْهِكُمْ وَاَيْدِيْكُمْ ؕ

تم میں سے جائے ضرور سے آیا ہو یا تم نے عورتوں کو چھوا ہو پھر تم پانی نہ پاؤ تو پاک مٹی کا قصد کرو پس اپنے مونہوں اور

اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَفُوًّا غَفُوْرًا ۝

اپنے ہاتھوں پر مسح کر لو، بیشک اللہ معاف کرنے والا بخشنے والا ہے

۶/۵ وَاِنْ كُنْتُمْ جُنُبًا فَاطَّهَّرُوْا ؕ وَاِنْ كُنْتُمْ مَّرْضٰٓى اَوْ عَلٰى سَفَرٍ اَوْ جَآءَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ مِّنَ الْغَآئِطِ اَوْ

اور اگر تم ناپاک ہو تو خوب پاک ہو جاؤ اور اگر تم بیمار ہو یا سفر ہو یا تم میں سے کوئی جائے ضرور سے آیا ہو، یا تم نے عورتوں

لٰمَسْتُمُ النِّسَآءَ فَلَمْ تَجِدُوْا مَآءً فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا فَامْسَحُوْا بِوُجُوْهِكُمْ وَاَيْدِيْكُمْ مِّنْهُ ؕ

کو چھوا ہو، پھر تم پانی نہ پاؤ تو پاک مٹی کا قصد کرو پس اس سے اپنے مونہوں اور اپنے ہاتھوں پر مسح کر لو

۵۔ اسمٰعیل علیہ السلام

۵۴/۱۹ وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِسْمٰعِيْلَ ۚ اِنَّهٗ كَانَ صَادِقَ الْوَعْدِ وَكَانَ رَسُوْلًا نَّبِيًّا ۝ ۵۵/۱۹ وَكَانَ

اور کتاب میں اسماعیل کو یاد کر بے شک وہ وعدہ کا سچا اور رسول نبی تھا اور اپنے

يَاْمُرُ اَهْلَهٗ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ وَكَانَ عِنْدَ رَبِّهٖ مَرْضِيًّا ۝

گھر والوں کو نماز اور زکوٰۃ کا حکم دیتا تھا اور اپنے پروردگار کے ہاں پسندیدہ تھا

۶۔ ابراہیم۔ اسحٰق۔ یعقوب اور لوط کی طرف نماز پڑھنے اور زکوٰۃ دینے کی وحی۔

۷۳/۲۱ وَجَعَلْنٰهُمْ اَئِمَّةً يَّهْدُوْنَ بِاَمْرِنَا وَاَوْحَيْنَآ اِلَيْهِمْ فِعْلَ الْخَيْرٰتِ وَاِقَامَ الصَّلٰوةِ وَاِيْتَآءَ

اور ہم نے ان کو پیشوا بنایا کہ ہمارے حکم سے لوگوں کو ہدایت کرتے تھے اور ہم نے ان کی طرف وحی کی نیکی کے کام کرنے اور نماز کے قائم

الزَّكٰوةِ ۚ وَكَانُوْا لَنَا عٰبِدِيْنَ ۝

رکھنے اور زکوٰۃ دینے کی اور وہ ہماری عبادت کرتے تھے

۷۔ عیسٰی علیہ السلام

۳۰/۱۹ اِنِّيْ عَبْدُ اللّٰهِ ۖ اٰتٰنِيَ الْكِتٰبَ وَجَعَلَنِيْ نَبِيًّا ۝ وَّجَعَلَنِيْ مُبٰرَكًا اَيْنَ مَا كُنْتُ ۪ وَاَوْصٰنِيْ

میں خدا کا بندہ ہوں اس نے مجھے کتاب دی اور مجھے نبی بنایا اور مجھے برکت والا بنایا جہاں کہیں بھی رہوں اور جب تک میں

بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ مَا دُمْتُ حَيًّا ۝

زندہ رہوں مجھے نماز اور زکوٰۃ کا حکم دیا

۸۔ ادریس کے بعد لوگوں نے نماز چھوڑ دی۔

۵۹/۱۹ فَخَلَفَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ خَلْفٌ اَضَاعُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّبَعُوا الشَّهَوٰتِ فَسَوْفَ يَلْقَوْنَ غَيًّا ۝

پھر ان کے بعد ایسے جانشین ہوئے جنہوں نے نماز کو کھو دیا اور اپنی خواہشوں کے پیچھے پڑ گئے تو عنقریب وہ گمراہی (کی سزا) سے ملیں گے

۹۔ لقمان

۱۷/۳۱ يٰبُنَيَّ اَقِمِ الصَّلٰوةَ وَاْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ وَانْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَاصْبِرْ عَلٰى مَآ اَصَابَكَ ۭ اِنَّ ذٰلِكَ

بیٹا نماز کو قائم رکھو اور نیکی کا حکم دے اور برے کاموں سے منع کر اور جو تکلیف (اس بارہ میں) تجھے پہنچے اس پر صبر کر بے شک

مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ۝

یہ بڑی ہمت کا کام ہے

۱۰۔ بنی اسرائیل کو نماز کا حکم دیا گیا تھا۔

۸۳/۲ وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ لَا تَعْبُدُوْنَ اِلَّا اللّٰهَ ..... وَقُوْلُوْا لِلنَّاسِ حُسْنًا وَّاَقِيْمُوا

اور وہ وقت یاد کر جب ہم نے بنی اسرائیل سے عہد لیا کہ اللہ کے سوا کسی کو نہ پوجنا اور لوگوں سے اچھی بات کہنا اور نماز کو

الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ۭ

قائم رکھنا اور زکوٰۃ دیتے رہنا

۵/۹۸ وَمَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا لِيَعْبُدُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۙ حُنَفَآءَ وَيُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوا الزَّكٰوةَ

اور ان کو ان کے سوا اور کچھ حکم نہیں دیا گیا تھا کہ اللہ ہی کی عبادت کریں خالص اسی کی اطاعت کرتے ہوئے توحید پر قائم رہ کر اور

وَذٰلِكَ دِيْنُ الْقَيِّمَةِ ۝

نماز پڑھتے اور زکوٰۃ دیتے رہیں اور یہی درست دین ہے

۱۱۔ بنی اسرائیل سے نماز کا عہد

۱۲/۵ وَلَقَدْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۚ وَبَعَثْنَا مِنْهُمُ اثْنَيْ عَشَرَ نَقِيْبًا ۭ وَقَالَ اللّٰهُ اِنِّيْ مَعَكُمْ

اور اللہ نے بنی اسرائیل سے عہد لیا اور ہم نے ان میں بارہ سردار مقرر کیے اور اللہ نے فرمایا میں تمہارے ساتھ ہوں

۵۶/۲۴ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ○

اور نماز کو قائم رکھو اور زکوٰۃ دیتے رہو اور حکم مانو رسول کا تاکہ تم پر رحم کیا جائے

۴۵/۲۹ اُتْلُ مَآ اُوْحِيَ اِلَيْكَ مِنَ الْكِتٰبِ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ ۳۰ فَاَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ حَنِيْفًا ×××

اُس کتاب کو پڑھتا رہ جو تیری طرف وحی کی گئی ہے اور نماز کو قائم رکھ تو (ایک خدا کا) ہو کر اپنا منہ دین پر قائم رکھ

۳۱/۳۰ مُنِيْبِيْنَ اِلَيْهِ وَاتَّقُوْهُ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَلَا تَكُوْنُوْا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ○ ۳۲ مِنَ

اُسکی طرف رجوع ہوتے ہوئے اور اُس سے ڈرتے رہو اور نماز کو قائم رکھو اور مشرکوں میں (داخل) نہ ہو (یعنی)

الَّذِيْنَ فَرَّقُوْا دِيْنَهُمْ وَكَانُوْا شِيَعًا ۭ كُلُّ حِزْبٍۢ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُوْنَ ○

اُن لوگوں میں (داخل) نہ ہو جنہوں نے اپنے دین کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا اور گروہ گروہ بن گئے ہر گروہ اپنے ہی خیالات سے خوش ہے۔

۳۳/۳۳ وَاَقِمْنَ الصَّلٰوةَ وَاٰتِيْنَ الزَّكٰوةَ وَاَطِعْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۭ

اور (اے پیغمبر کی بی بیو) نماز کو قائم رکھو اور زکوٰۃ دیتی رہو اور اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرو

۵۸/۱۳ ءَاَشْفَقْتُمْ اَنْ تُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيْ نَجْوٰىكُمْ صَدَقٰتٍ ۭ فَاِذْ لَمْ تَفْعَلُوْا وَتَابَ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ

کیا تم اس بات سے ڈر گئے، کہ اپنی سرگوشیوں سے پہلے خیرات کیا کرو پس جب تم نے یہ کام نہیں کیا اور اللہ تم پر مہربان ہو گیا

فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۭ وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ○

تو نماز کو قائم رکھو اور زکوٰۃ دیتے رہو اور اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرو اور اللہ تمہارے عملوں سے خبردار ہے

۲۰/۷۳ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا ۭ

اور نماز کو قائم رکھو اور زکوٰۃ دیتے رہو اور اللہ کو خوش دلی سے قرض دو

۴/۱۰۳ اِنَّ الصَّلٰوةَ كَانَتْ عَلَي الْمُؤْمِنِيْنَ كِتٰبًا مَّوْقُوْتًا ○ ۵ نماز بقید اوقات۔

بے شک نماز مومنوں پر مقررہ وقتوں پر فرض کی گئی ہے

۱۱/۱۱۴ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِّنَ الَّيْلِ ۭ اِنَّ الْحَسَنٰتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّاٰتِ ۭ ذٰلِكَ ذِكْرٰى

اور دن کی دونوں طرف نماز کو قائم رکھ اور رات کے ٹکڑوں میں بھی بے شک نیکیاں بدیوں کو دور کر دیتی ہیں یہ یاد کرنے والوں

لِلذّٰكِرِيْنَ ○

کے لئے (نصیحت) یاد ہے

۱۷/۷۸ اَقِمِ الصَّلٰوةَ لِدُلُوْكِ الشَّمْسِ اِلٰى غَسَقِ الَّيْلِ وَقُرْاٰنَ الْفَجْرِ ۭ اِنَّ قُرْاٰنَ الْفَجْرِ كَانَ مَشْهُوْدًا ○

سورج ڈھلتے وقت نماز کو قائم رکھ رات کی تاریکی کے چھا جانے تک اور فجر کی قرأت بھی بے شک فجر کی قرأت کے وقت فرشتے حاضر ہوتے ہیں

۲۰/۱۳۰ فَاصْبِرْ عَلٰي مَا يَقُوْلُوْنَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ غُرُوْبِهَا ۚ وَمِنْ اٰنَاۗيِٕ

تو جو وہ کہتے ہیں اس پر صبر کر اور سورج کے طلوع اور اس کے غروب سے پہلے اور رات کے حصوں میں اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ اس کی

الَّيْلِ فَسَبِّحْ وَاَطْرَافَ النَّهَارِ لَعَلَّكَ تَرْضٰى ○

پاکی بیان کر اور دن کی طرفوں میں بھی پاکی بیان کر تاکہ تو راضی ہو جائے

مَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيَجْعَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ حَرَجٍ وَّلٰكِنْ يُّرِيْدُ لِيُطَهِّرَكُمْ وَلِيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكُمْ

اللہ نہیں چاہتا کہ تم پر تنگی ڈالے لیکن وہ یہ چاہتا ہے کہ تم کو خوب پاک کرے اور تم پر اپنی نعمت پوری کرے

لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝

تاکہ تم شکر کرو

۴۳/۲ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَارْكَعُوْا مَعَ الرّٰكِعِيْنَ ۝ — ۴۔ نماز کا حکم۔

اور نماز کو قایم رکھو اور زکوٰۃ دیتے رہو اور رکوع کرنے والوں کے ساتھ رکوع کرو

۴۵/۲ وَاسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ ؕ

اور مدد مانگو صبر اور نماز کے ذریعے سے

۱۱۰/۲ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ؕ وَمَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ ؕ اِنَّ

اور نماز کو قائم کرو اور زکوٰۃ دیتے رہو اور اپنے لئے جو بھلائی تم آگے بھیجو گے اس کو اللہ کے ہاں پاؤ گے بے شک

اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝

اللہ جو تم کرتے ہو دیکھتا ہے

۱۵۳/۲ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ۝

مسلمانو! نماز اور صبر کے ذریعے سے مدد مانگو بے شک اللہ صابروں کے ساتھ ہے

۴۳/۲ وَاَنْ اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّقُوْهُ ؕ وَهُوَ الَّذِيْۤ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ۝

اور یہ کہ نماز کو قائم رکھو اور اس سے ڈرتے رہو اور اُسی کی طرف تم اکٹھے کئے جاؤ گے

۳۱/۱۴ قُلْ لِّعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَيُنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً مِّنْ

میرے بندوں سے جو ایمان لائے ہیں کہدے کہ نماز کو قائم رکھیں اور اُس مال میں سے خرچ کرتے رہیں جو ہم نے ان کو دیا ہے

قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا بَيْعٌ فِيْهِ وَلَا خِلٰلٌ ۝

چھپا کر اور علانیہ اس سے پہلے کہ وہ دن آجائے جس میں نہ خرید و فروخت ہوگی نہ دوستی

۹۸/۱۵ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَكُنْ مِّنَ السّٰجِدِيْنَ ۝

پس تو اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ اس کی پاکی بیان کر اور سجدہ کرنے والوں میں سے ہو

۱۳۲/۲۰ وَاْمُرْ اَهْلَكَ بِالصَّلٰوةِ وَاصْطَبِرْ عَلَيْهَا ؕ لَا نَسْـَٔلُكَ رِزْقًا ؕ نَحْنُ نَرْزُقُكَ ؕ وَالْعَاقِبَةُ لِلتَّقْوٰى ۝

اور اپنے گھر والوں کو نماز کا حکم دے اور اس کا بوجھ اٹھا ہم تجھ سے روزی نہیں مانگتے ہم تجھ کو روزی دیتے ہیں اور انجام نیک پرہیزگاری کے

۷۷/۲۲ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا ارْكَعُوْا وَاسْجُدُوْا وَاعْبُدُوْا رَبَّكُمْ وَافْعَلُوا الْخَيْرَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝

مسلمانو! رکوع کرو اور سجدہ کرو اور اپنے پروردگار کی عبادت کرتے رہو اور نیک کام کرو تاکہ تم فلاح پاؤ

۷۸/۲۲ فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاعْتَصِمُوْا بِاللّٰهِ ؕ هُوَ مَوْلٰىكُمْ ۚ فَنِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ۝

تو نماز کو قائم رکھو اور زکوٰۃ دیتے رہو اور اللہ کو مضبوط پکڑے رہو وہ تمہارا آقا ہے سو کیا ہی اچھا آقا ہے اور کیا ہی اچھا مددگار

۱۲۔ عاجتمندوں کو تھوڑی قرأت

۲۰/۷۳ عَلِمَ اَنْ سَيَكُوْنُ مِنْكُمْ مَّرْضٰى ۙ وَاٰخَرُوْنَ يَضْرِبُوْنَ فِي الْاَرْضِ يَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ ۙ
خدا نے معلوم کر لیا کہ کچھ تم میں مریض ہونگے اور دوسرے اللہ کے فضل (روزی) کی تلاش میں ملک میں سفر کرتے ہونگے اور کچھ لوگ
وَاٰخَرُوْنَ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ ۭ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ
اللہ کی راہ جہاد کر رہے ہونگے تو اس میں سے جس قدر تمہیں آسان معلوم ہو پڑھو اور نماز کو قائم رکھو اور زکوٰۃ دیتے رہو
وَاَقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا ۭ وَمَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ خَيْرًا
اور اللہ کو قرض حسنہ دو اور جو نیکی تم اپنے نفسوں کے لئے آگے بھیجو گے اس کو اللہ کے ہاں پاؤ گے وہ بہتر اور بڑا
وَّاَعْظَمَ اَجْرًا ۭ وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝
ثواب ہے اور اللہ سے (اپنے گناہوں کی) معافی مانگو بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے

۱۳۔ نماز جمعہ۔

۹/۶۲ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا نُوْدِيَ لِلصَّلٰوةِ مِنْ يَّوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ وَذَرُوا
مسلمانو! جمعہ کے دن جب نماز کے لئے اذان دی جائے تو اللہ کی یاد کے لئے دوڑو اور خرید و فروخت
الْبَيْعَ ۭ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝ فَاِذَا قُضِيَتِ الصَّلٰوةُ فَانْتَشِرُوْا
چھوڑ دو یہ تمہارے لئے بہتر ہے اگر تم سمجھو پھر جب نماز ختم کر دی جائے تو زمین میں پھیل جاؤ
فِي الْاَرْضِ وَابْتَغُوْا مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝
اور اللہ کا فضل (روزی) تلاش کرو اور اللہ کو کثرت سے یاد کرو تاکہ تم فلاح پاؤ

۱۴۔ نماز خوف و سفر۔

۲۳۸/۲ وَقُوْمُوْا لِلّٰهِ قٰنِتِيْنَ ۝
اور اللہ کے لئے (نماز سفر میں) خاموش کھڑے رہو

۱۵۔ نماز خوف پیادہ پڑھو یا سوار۔

۲۳۹/۲ فَاِنْ خِفْتُمْ فَرِجَالًا اَوْ رُكْبَانًا ۚ فَاِذَآ اَمِنْتُمْ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَمَا عَلَّمَكُمْ مَّا لَمْ تَكُوْنُوْا تَعْلَمُوْنَ ۝
پھر اگر تمہیں خوف ہو تو پیدل راہ چلتے یا سواری کی حالت میں (نماز پڑھو) پھر جب تم امن میں ہو جاؤ تو اللہ کو اس طرح

۱۶۔ نماز سفر میں قصر

۱۰۱/۴ وَاِذَا ضَرَبْتُمْ فِي الْاَرْضِ فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَقْصُرُوْا مِنَ الصَّلٰوةِ ۡ اِنْ خِفْتُمْ اَنْ
اور جب تم ملک میں سفر کرو تو تم پر گناہ نہیں کہ نماز میں سے کچھ کم کر دو (یعنی چار رکعت کی بجائے دو) اگر تمہیں یہ خوف ہو، کہ کافر
يَّفْتِنَكُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۭ
تمہیں مصیبت میں ڈال دیں گے

۱۷۔ نماز خوف میں جماعت باری باری۔

۱۰۲/۴ وَاِذَا كُنْتَ فِيْهِمْ فَاَقَمْتَ لَهُمُ الصَّلٰوةَ فَلْتَقُمْ طَاۗىِٕفَةٌ مِّنْهُمْ مَّعَكَ وَلْيَاْخُذُوْٓا
اور اے نبی جب تو ان کے درمیان ہو اور انہیں نماز پڑھانے لگے، تو ان میں سے ایک فریق تیرے ساتھ (نماز میں) کھڑا ہو جائے،

۱۸۔ نماز خوف میں ہتھیار ساتھ رہیں۔

اَسْلِحَتَهُمْ ۭ فَاِذَا سَجَدُوْا فَلْيَكُوْنُوْا مِنْ وَّرَاۗىِٕكُمْ ۠ وَلْتَاْتِ طَاۗىِٕفَةٌ اُخْرٰى لَمْ يُصَلُّوْا
اور وہ اپنے ہتھیار اپنے ساتھ لئے رہیں پھر جب وہ سجدہ (ایک رکعت پوری) کر چکیں تو تمہارے پیچھے ہٹ جائیں اور دوسرا فریق جس نے نماز
فَلْيُصَلُّوْا مَعَكَ وَلْيَاْخُذُوْا حِذْرَهُمْ وَاَسْلِحَتَهُمْ ۭ وَدَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْ تَغْفُلُوْنَ
نہیں پڑھی آجائے اور وہ تیرے ساتھ نماز پڑھیں اور اپنا بچاؤ اور اپنے ہتھیار اپنے ساتھ لئے رہیں کافر چاہتے ہیں، کہ

	۳۰/۱۷	فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ حِيْنَ تُمْسُوْنَ وَحِيْنَ تُصْبِحُوْنَ ○
		تو اللہ کی پاکی بیان کرو جب تم شام کرو اور جب تم صبح کرو
	۳۰/۱۸	وَلَهُ الْحَمْدُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَعَشِيًّا وَّحِيْنَ تُظْهِرُوْنَ ○
		اور اسی کے لئے تعریف ہے آسمانوں اور زمین میں اور عصر کے وقت بھی پاکی بیان کرو اور جب تم ظہر کرو
	۵۰/۳۹	وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ الْغُرُوْبِ ○
		اور سورج کے طلوع اور غروب سے پہلے اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ اس کی پاکی بیان کر
	۵۰/۴۰	وَمِنَ الَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَاَدْبَارَ السُّجُوْدِ ○
		اور رات میں بھی اس کی پاکی بیان کر اور سجدے (نماز) کے بعد بھی
	۵۲/۴۸	وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ حِيْنَ تَقُوْمُ ○ ۵۲/۴۹ وَمِنَ الَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَاِدْبَارَ النُّجُوْمِ ○
		اور اپنے پروردگار کی پاکی بیان کر جب تو اٹھے اور رات میں بھی اس کی پاکی بیان کر اور ستاروں کے ڈوبنے کے وقت بھی
	۷۶/۲۵	وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ○
		اور صبح اور شام اپنے پروردگار کا نام لے
۶۔ درمیانی نماز کی پابندی	۲/۲۳۸	حَافِظُوْا عَلَى الصَّلَوٰتِ وَالصَّلٰوةِ الْوُسْطٰى وَقُوْمُوْا لِلّٰهِ قٰنِتِيْنَ ○
		تمام نمازوں کی حفاظت کرو اور (خاص کر) بیچ کی نماز (یعنی عصر) کی اور اللہ کے لئے خاموش کھڑے رہا کرو
۷۔ نماز مسجد میں	۷/۲۹	وَاَقِيْمُوْا وُجُوْهَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ وَّادْعُوْهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ؕ كَمَا بَدَاَكُمْ تَعُوْدُوْنَ ۝
		اور ہر ایک مسجد کے پاس اپنے موہوں کو سیدھا رکھو اور خالص اسی کی اطاعت کرتے ہوئے اس کو پکارو جیسا تمکو ابتدا میں پیدا کیا ہے
	۷/۳۰	فَرِيْقًا هَدٰى وَفَرِيْقًا حَقَّ عَلَيْهِمُ الضَّلٰلَةُ ؕ
		اس نے ایک فریق کو راہ راست پر لگا دیا اور ایک فریق پر گمراہی ثابت ہو گئی
۸۔ نماز زینت کے ساتھ	۷/۳۱	يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ خُذُوْا زِيْنَتَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ وَّكُلُوْا وَاشْرَبُوْا وَلَا تُسْرِفُوْا ۚ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُسْرِفِيْنَ ○
		اے بنی آدم ہر مسجد (نماز) کے وقت اپنی زینت اپنے ساتھ رکھو اور کھاؤ اور پیو اور فضول خرچی نہ کرو بیشک وہ فضول خرچوں کو پسند نہیں کرتا
۹۔ زینت کو کس نے حرام کیا	۷/۳۲	قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِيْنَةَ اللّٰهِ الَّتِيْٓ اَخْرَجَ لِعِبَادِهٖ وَالطَّيِّبٰتِ مِنَ الرِّزْقِ ؕ قُلْ هِيَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
		کہ دے کہ کس نے حرام کیا اللہ کی زینت کو جو اس نے اپنے بندوں کے لئے نکالی اور ستھری روزیوں کو، کہہ دے کہ وہ دنیا کی زندگی میں انکے
		فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا خَالِصَةً يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ○
		لئے ہے جو ایمان لائے ہیں قیامت کے دن خالص اُن ہی کے لئے یوں ہم ان لوگوں کے لئے جو علم رکھتے ہیں تفصیل سے نشانیاں بیان کرتے ہیں
۱۰۔ نماز نشہ کی حالت میں منع ہے۔	۴/۴۳	يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْتُمْ سُكٰرٰى
		مسلمانو! جب تم نشے میں ہو تو نماز کے قریب نہ جاؤ
۱۱۔ قرأت نماز متوسط آواز میں۔	۱۷/۱۱۰	وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا وَابْتَغِ بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا ○
		اور تو اپنی نماز بہت اونچی آواز سے نہ پڑھ اور نہ اس کو بہت ہلکی آواز سے پڑھ اور اس کے درمیان راستہ ڈھونڈ لے

الْقِتَالُ إِذَا فَرِيقٌ مِّنْهُمْ يَخْشَوْنَ النَّاسَ كَخَشْيَةِ اللّٰهِ أَوْ أَشَدَّ خَشْيَةً ۚ وَقَالُوا رَبَّنَا لِمَ
کیا گیا تو اسی دم ان میں سے ایک فریق لوگوں سے ایسا ڈرنے لگا جیسا اللہ سے ڈرنا چاہیئے یا اس سے بھی زیادہ ڈرنے لگا اور
كَتَبْتَ عَلَيْنَا الْقِتَالَ ۖ لَوْلَا أَخَّرْتَنَا إِلَىٰ أَجَلٍ قَرِيبٍ ۗ
انہوں نے کہا کہ اے ہمارے پروردگار تو نے ہم پر جہاد کیوں فرض کیا تو نے ہم کو ایک قریب مدت تک اور بہت مہلت کیوں نہیں دی

۴۴۔ شیطان اللہ کی یاد اور نماز سے روکنا چاہتا ہے

۹۱/۵ وَيَصُدَّكُمْ عَن ذِكْرِ اللّٰهِ وَعَنِ الصَّلَاةِ ۖ
اور شیطان چاہتا ہے کہ تم کو اللہ کی یاد سے اور نماز سے روک دے

۲۵۔ اہل کتاب نماز کی ہنسی اڑاتے ہیں۔

۵۸/۵ وَإِذَا نَادَيْتُمْ إِلَى الصَّلَاةِ اتَّخَذُوهَا هُزُوًا وَلَعِبًا ۚ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْقِلُونَ ۝
اور جب تم نماز کے لئے بلاتے ہو تو یہ لوگ نماز کو کھیل اور ہنسی اڑاتے ہیں کیوں کہ یہ بے عقل ہیں

۲۶۔ نماز خدا سے ڈرنے والوں کے سوا سب پر بھاری ہے۔

۴۵/۲ وَإِنَّهَا لَكَبِيرَةٌ إِلَّا عَلَى الْخَاشِعِينَ ۝ ۴۶/۲ الَّذِينَ يَظُنُّونَ أَنَّهُم مُّلَاقُو رَبِّهِمْ وَأَنَّهُمْ إِلَيْهِ
اور بیشک نماز بھاری ہے مگر ان فروتنی کرنے والوں پر نہیں جو یہ یقین رکھتے ہیں کہ وہ اپنے پروردگار سے ملنے والے ہیں اور یہ کہ
رَاجِعُونَ ۝
وہ اسی کی طرف جانے والے ہیں

۲۷۔ سستی، کاہلی اور ریاکاری سے نماز پڑھنا منافقوں کا کام ہے۔

۱۴۲/۴ إِنَّ الْمُنَافِقِينَ يُخَادِعُونَ اللّٰهَ وَهُوَ خَادِعُهُمْ ۚ وَإِذَا قَامُوا إِلَى الصَّلَاةِ قَامُوا كُسَالَىٰ
بے شک منافق اللہ کو دھوکہ دیتے ہیں اور قیامت کو وہ ان کو دھوکا دینے والا ہے اور جب وہ نماز کو اٹھتے ہیں تو سست اٹھتے
يُرَاءُونَ النَّاسَ وَلَا يَذْكُرُونَ اللّٰهَ إِلَّا قَلِيلًا ۝
ہیں لوگوں کو دکھلاتے ہیں اور اللہ کو یاد نہیں کرتے مگر تھوڑا

۲۸۔ نماز گناہوں سے روکتی ہے

۴۵/۲۹ إِنَّ الصَّلَاةَ تَنْهَىٰ عَنِ الْفَحْشَاءِ وَالْمُنكَرِ ۗ
بے شک نماز بے حیائیوں اور گناہ سے روک دیتی ہے

۲۹۔ نماز منجملہ نیکی کے ہے

۱۷۷/۲ لَّيْسَ الْبِرَّ أَن تُوَلُّوا وُجُوهَكُمْ قِبَلَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ وَلَٰكِنَّ الْبِرَّ مَنْ آمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ
یہ کچھ نیکی نہیں ہے کہ تم اپنے مونہہ شرق یا مغرب کی طرف پھیر لو لیکن نیکی اس کی ہے جو اللہ اور قیامت اور فرشتوں
الْآخِرِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالْكِتَابِ وَالنَّبِيِّينَ ۚ وَآتَى الْمَالَ عَلَىٰ حُبِّهِ ذَوِي الْقُرْبَىٰ وَالْيَتَامَىٰ
اور کتاب اور نبیوں پر ایمان لایا اور اس نے مال کو باوجود اس کی محبت کے (یا اللہ کی محبت میں) رشتہ داروں اور یتیموں اور
وَالْمَسَاكِينَ وَابْنَ السَّبِيلِ وَالسَّائِلِينَ وَفِي الرِّقَابِ وَأَقَامَ الصَّلَاةَ وَآتَى الزَّكَاةَ ۚ
محتاجوں اور مسافروں اور منگتوں کو اور گردنوں کے چھڑانے میں دیا اور نماز کو قائم رکھا اور زکوٰۃ دیتا رہا۔

۳۰۔ مسلمانوں کے فرقہ صرف وہی مسلمان ہیں جو نماز پڑھتے ہیں۔

۵۵/۵ إِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ وَالَّذِينَ آمَنُوا الَّذِينَ يُقِيمُونَ الصَّلَاةَ وَيُؤْتُونَ الزَّكَاةَ
تمہارا دوست تو بس اللہ اور اس کا رسول اور وہ مسلمان ہیں جو نماز کو قائم رکھتے اور زکوٰۃ دیتے ہیں
وَهُمْ رَاكِعُونَ ۝
اور وہ رکوع کرتے ہیں

۱۹۔ حالت مذر میں ہتھیار اُتار رکھو مگر اپنا بچاؤ اپنے ساتھ رکھو۔

عَنْ اَسْلِحَتِكُمْ وَاَمْتِعَتِكُمْ فَيَمِيْلُوْنَ عَلَيْكُمْ مَّيْلَةً وَّاحِدَةً ؕ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ اِنْ كَانَ بِكُمْ اَذًى
کہ تم اپنے ہتھیاروں اور اپنے (لڑائی کے) اسباب سے غافل ہو جاؤ پھر وہ تم پر ایک دفعہ ہی ٹوٹ پڑیں اور تم پر گناہ نہیں اگر تمہیں بارش
مِّنْ مَّطَرٍ اَوْ كُنْتُمْ مَّرْضٰٓى اَنْ تَضَعُوْٓا اَسْلِحَتَكُمْ ۚ وَخُذُوْا حِذْرَكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ اَعَدَّ لِلْكٰفِرِيْنَ
کی تکلیف ہو یا تم بیمار ہو کہ تم اپنے ہتھیار اتار رکھو اور اپنا بچاؤ اپنے ساتھ رکھو بے شک اللہ نے کافروں
عَذَابًا مُّهِيْنًا ۝
کے لئے ذلت کا عذاب تیار کیا ہے

۲۰۔ نماز خوف کے بعد کھڑے بیٹھے، لیٹے جیسی حالت ہو اللہ کو یاد کرو۔

فَاِذَا قَضَيْتُمُ الصَّلٰوةَ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ قِيَامًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰى جُنُوْبِكُمْ ۚ فَاِذَا اطْمَاْنَنْتُمْ فَاَقِيْمُوا
پھر جب تم نماز ادا کر چکو تو کھڑے اور بیٹھے اور اپنی کروٹوں پر (لیٹے جیسی حالت ہو) اللہ کو یاد کرو پھر جب تم اطمینان کی حالت میں
الصَّلٰوةَ ۚ اِنَّ الصَّلٰوةَ كَانَتْ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ كِتٰبًا مَّوْقُوْتًا ۝
ہو جاؤ تو نماز کو قائم رکھو بے شک نماز مسلمانوں پر بتعیید اوقات فرض ہے

۲۱۔ نماز تہجد

يٰٓاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ ۝ قُمِ الَّيْلَ اِلَّا قَلِيْلًا ۝ نِّصْفَهٗٓ اَوِ انْقُصْ مِنْهُ قَلِيْلًا ۝
اے کپڑے میں لپٹنے والے رات کو (نماز کے لئے) اٹھ مگر تھوڑا آدھی رات نماز پڑھ یا تھوڑا اس سے کم دے
اَوْ زِدْ عَلَيْهِ وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلًا ۝ اِنَّا سَنُلْقِيْ عَلَيْكَ قَوْلًا ثَقِيْلًا ۝ اِنَّ نَاشِئَةَ
یا اس پر کچھ زیادہ کر اور قرآن کا پڑھنا واضح طور پر پڑھ بے شک ہم تجھ پر بھاری بات ڈالیں گے بے شک رات کا
الَّيْلِ هِيَ اَشَدُّ وَطْاً وَّاَقْوَمُ قِيْلًا ۝ اِنَّ لَكَ فِي النَّهَارِ سَبْحًا طَوِيْلًا ۝ وَاذْكُرِ اسْمَ
قیام نفس کو پامال کرنے کے لئے زیادہ سخت اور قول کو بہت سیدھا کرنے والا ہے بیشک تیرے لئے دن میں بڑا لمبا شغل ہے اور اپنے پروردگار
رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ اِلَيْهِ تَبْتِيْلًا ۝
کا نام یاد کر اور اسی کی طرف متوجہ ہو کر سب سے علیحدہ ہو جا

وَمِنَ الَّيْلِ فَاسْجُدْ لَهٗ وَسَبِّحْهُ لَيْلًا طَوِيْلًا ۝
اور رات میں اس کو سجدہ کر اور رات میں بہت دیر تک اس کی پاکی بیان کر

۲۲۔ تہجد میں جسقدر ہو سکے اُسیقدر قرأت قرآن کافی ہے۔

اِنَّ رَبَّكَ يَعْلَمُ اَنَّكَ تَقُوْمُ اَدْنٰى مِنْ ثُلُثَيِ الَّيْلِ وَنِصْفَهٗ وَثُلُثَهٗ وَطَآئِفَةٌ مِّنَ الَّذِيْنَ
بے شک تیرا پروردگار جانتا ہے کہ تو دو تہائی رات کے قریب اور آدھی رات اور تہائی رات اٹھتا ہے اور ایک جماعت ان میں سے
مَعَكَ ؕ وَاللّٰهُ يُقَدِّرُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ؕ عَلِمَ اَنْ لَّنْ تُحْصُوْهُ فَتَابَ عَلَيْكُمْ فَاقْرَءُوْا مَا
بھی جو تیرے ساتھ ہیں اٹھتی ہے اور اللہ رات اور دن کا اندازہ کرتا ہے اس نے جان لیا کہ تم اس کو نہ نباہ سکو گے پس وہ تم پر مہربانی
تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْاٰنِ ؕ
ہوا تو جتنا قرآن سے آسان ہو پڑھ لیا کرو

۲۳۔ ابتداء مسلمانوں کو صرف نماز اور زکوٰۃ ادا کرنیکا حکم تھا

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ قِيْلَ لَهُمْ كُفُّوْٓا اَيْدِيَكُمْ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ فَلَمَّا كُتِبَ عَلَيْهِمُ
اے نبی! کیا تو نے ان لوگوں کے حال پر نظر نہیں کی جن سے کہا گیا کہ ابھی اپنے ہاتھ روکے رکھو اور نماز کو قائم رکھو اور زکوٰۃ دیتے رہو پھر جب ان پر جہاد فرض

فِيهَا ۚ حَسُنَتْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا ○

وہ اُن میں ہمیشہ رہنے والے ہونگے وہ اچھی قرارگاہ اور اچھی قیام گاہ ہے۔

۱۵/۳۲ إِنَّمَا يُؤْمِنُ بِآيَاتِنَا الَّذِينَ إِذَا ذُكِّرُوا بِهَا خَرُّوا سُجَّدًا وَّسَبَّحُوا بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُونَ ○

ہماری آیتوں پر تو بس وہی ایمان لاتے ہیں کہ جب ان کو ان آیتوں کے ساتھ نصیحت کی جاتی ہے تو وہ سجدے میں گر پڑتے ہیں اور اپنے

۱۶/۳۲ تَتَجَافَىٰ جُنُوبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ يَدْعُونَ رَبَّهُمْ خَوْفًا وَّطَمَعًا وَّمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنفِقُونَ ○

اُن کے پہلو خوابگاہوں سے دور رہتے ہیں اپنے پروردگار کو ڈر کر اور لالچ سے پکارتے ہیں اور جو ہم نے اُن کو دیا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں

۱۷/۳۲ فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّا أُخْفِيَ لَهُم مِّن قُرَّةِ أَعْيُنٍ ۖ جَزَاءً بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ○

سو کوئی شخص نہیں جانتا کہ اُن کے لئے آنکھوں کی ٹھنڈک سے کیا چیز چھپا کر رکھی گئی ہے۔ اُس کے عوض جو وہ کرتے تھے

۳۸/۴۲ وَالَّذِينَ اسْتَجَابُوا لِرَبِّهِمْ وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ ۖ وَأَمْرُهُمْ شُورَىٰ بَيْنَهُمْ وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنفِقُونَ ○

کرتے ہیں

اور جنہوں نے اپنے پروردگار کی بات مانی اور نماز کو قایم رکھا اور اُن کا کام اُن کے درمیان مشورہ سے ہوتا ہے اور جو کچھ ہم نے اُن کو دیا ہے اُس میں سے خرچ کرتے ہیں

۱۵/۵۱ إِنَّ الْمُتَّقِينَ فِي جَنَّاتٍ وَعُيُونٍ ○ ۱۶/۵۱ آخِذِينَ مَا آتَاهُمْ رَبُّهُمْ ۚ إِنَّهُمْ كَانُوا قَبْلَ ذَٰلِكَ مُحْسِنِينَ ○

بے شک متقی باغوں اور چشموں میں ہیں جس نعمت کے لئے جو اُن کے پروردگار نے ان کو دی ہے بیشک وہ اس سے پہلے (دنیا میں) نیکوکار تھے

۱۷/۵۱ كَانُوا قَلِيلًا مِّنَ اللَّيْلِ مَا يَهْجَعُونَ ○ ۱۸/۵۱ وَبِالْأَسْحَارِ هُمْ يَسْتَغْفِرُونَ ○

رات کے کمتر حصہ میں سوتے تھے اور وہ صبح کے وقتوں میں معافی مانگتے ہیں

۲۲/۷۰ إِلَّا الْمُصَلِّينَ ○ ۲۳/۷۰ الَّذِينَ هُمْ عَلَىٰ صَلَاتِهِمْ دَائِمُونَ ○

مگر نمازی جو اپنی نمازوں پر ہمیشگی رکھتے ہیں

۳۴/۷۰ وَالَّذِينَ هُمْ عَلَىٰ صَلَاتِهِمْ يُحَافِظُونَ ○ ۳۵/۷۰ أُولَٰئِكَ فِي جَنَّاتٍ مُّكْرَمُونَ ○

اور جو لوگ اپنی نمازوں پر حفاظت رکھتے ہیں وہی باغوں میں عزت کئے جائیں گے

۲۲/۱۳ آیت سے ۲۴/۱۳ تک بھی دیکھو بیان صبر۔

۳۴۔ نماز کا اجر صالح میں ہے

۱۷۰/۷ وَالَّذِينَ يُمَسِّكُونَ بِالْكِتَابِ وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ ۚ إِنَّا لَا نُضِيعُ أَجْرَ الْمُصْلِحِينَ ○

اور جو کتاب کو مضبوطی سے پکڑتے ہیں اور انہوں نے نماز کو قایم رکھا تو ہم اصلاح کے کام کرنے والوں کا اجر ضائع نہیں کرتے۔

۳۵۔ نمازیوں کے لئے فلاح آخرت

۱/۲ الٓمٓ ○ ۲/۲ ذَٰلِكَ الْكِتَابُ لَا رَيْبَ ۛ فِيهِ ۛ هُدًى لِّلْمُتَّقِينَ ○ ۳/۲ الَّذِينَ يُؤْمِنُونَ بِالْغَيْبِ وَ

یہ کتاب ہے اس میں شک نہیں ہے ہدایت ہے متقیوں کے لئے جو بن دیکھے ایمان لاتے ہیں اور

۵/۲ يُقِيمُونَ الصَّلَاةَ وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنفِقُونَ ○ × × × ○ أُولَٰئِكَ عَلَىٰ هُدًى مِّن رَّبِّهِمْ

نماز کو قایم رکھتے ہیں اور اُس (مال) میں سے جو ہم نے اُن کو دیا ہے خرچ کرتے ہیں یہی لوگ اپنے پروردگار کی طرف سے ہدایت پر ہیں

وَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ○

اور یہی فلاح پانے والے ہیں۔

۳۱-نمازیوں سے لڑنا درست نہیں۔

۵/۹ فَإِنْ تَابُوا وَأَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَآتَوُا الزَّكٰوةَ فَخَلُّوا سَبِيلَهُمْ ۚ

پھر اگر وہ توبہ کریں اور نماز کو قائم رکھیں اور زکوٰۃ دیں تو تم ان کی راہ چھوڑ دو

۱۱/۹ فَإِنْ تَابُوا وَأَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَآتَوُا الزَّكٰوةَ فَإِخْوَانُكُمْ فِي الدِّينِ ۗ

پھر اگر وہ توبہ کریں اور نماز کو قائم رکھیں اور زکوٰۃ دیں تو وہ دین میں تمہارے بھائی ہیں

۳۲-مومنوں کی صفت نماز پڑھنا ہے۔

۷۱/۹ وَالْمُؤْمِنُونَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاءُ بَعْضٍ ۘ يَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ

اور مسلمان مرد اور مسلمان عورتیں بعض بعض کے دوست ہیں وہ اچھی بات کا حکم دیتے ہیں اور بُری بات سے روکتے ہیں

وَيُقِيمُونَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُونَ الزَّكٰوةَ وَيُطِيعُونَ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ ۚ أُولٰٓئِكَ سَيَرْحَمُهُمُ اللّٰهُ ۗ إِنَّ

اور نماز کو قائم رکھتے اور زکوٰۃ دیتے اور اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرتے ہیں یہی ہیں جن پر اللہ رحم کرے گا بے شک

اللّٰهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ○

اللہ غالب ہے حکمت والا

۳۳-نمازیوں کے لیے دار آخرت۔

۲۲/۱۳ وَالَّذِينَ صَبَرُوا ابْتِغَاءَ وَجْهِ رَبِّهِمْ وَأَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَأَنْفَقُوا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَعَلَانِيَةً

اور وہ جنہوں نے اپنے پروردگار کی ذات چاہنے کے لئے صبر کیا اور نماز کو قائم رکھا اور اس مال میں سے جو ہم نے ان کو دیا ہے پوشیدہ

وَيَدْرَءُونَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ أُولٰٓئِكَ لَهُمْ عُقْبَى الدَّارِ ○

اور علانیہ طور پر خرچ کیا اور وہ نیکی کے ساتھ بدی کو دفع کرتے ہیں انہیں کے لئے آخرت کا گھر ہے

۳۴-نمازیوں کے لیے بہشت

۹/۲۳ وَالَّذِينَ هُمْ عَلٰى صَلَوٰتِهِمْ يُحَافِظُونَ ○ ۲۳/۱۰ أُولٰٓئِكَ هُمُ الْوَارِثُونَ ○ ۲۳/۱۱ الَّذِينَ يَرِثُونَ

اور وہ جو اپنی نمازوں پر حفاظت رکھتے ہیں وہی وارث ہیں جو بہشت کے وارث

الْفِرْدَوْسَ ۖ هُمْ فِيهَا خٰلِدُونَ ○

ہونگے وہ ہمیشہ اسی میں رہنے والے ہیں

۶۳/۲۵ وَعِبَادُ الرَّحْمٰنِ الَّذِينَ يَمْشُونَ عَلَى الْأَرْضِ هَوْنًا وَإِذَا خَاطَبَهُمُ الْجٰهِلُونَ قَالُوا سَلٰمًا ○

اور رحمٰن کے بندے وہ ہیں جو زمین پر دھیمے چلتے ہیں اور جب جاہل اُن سے ہم کلام ہوتے ہیں تو کہتے ہیں کہ سلام ہے۔

۶۴/۲۵ وَالَّذِينَ يَبِيتُونَ لِرَبِّهِمْ سُجَّدًا وَقِيَامًا ○ ۶۵/۲۵ وَالَّذِينَ يَقُولُونَ رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا

اور جو اپنے پروردگار کیلئے اپنے گھروں میں سجدے اور قیام میں رات گزارتے ہیں اور جو کہتے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار ہم سے دوزخ کے

عَذَابَ جَهَنَّمَ ۖ إِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا ○ ۶۶/۲۵ إِنَّهَا سَاءَتْ مُسْتَقَرًّا وَمُقَامًا ○ ×××

عذاب کو ہٹا بے شک اس کا عذاب جھلسنے والا ہے بے شک وہ بُری قرارگاہ اور بُری قیام گاہ ہے

۶۷/۲۵ وَالَّذِينَ يَقُولُونَ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ أَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ أَعْيُنٍ وَاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِينَ إِمَامًا ○

اور جو کہتے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار ہم کو ہماری بی بیوں اور ہماری اولاد کی طرف سے آنکھوں کی ٹھنڈک عطا فرما اور ہم کو

۷۵/۲۵ أُولٰٓئِكَ يُجْزَوْنَ الْغُرْفَةَ بِمَا صَبَرُوا وَيُلَقَّوْنَ فِيهَا تَحِيَّةً وَسَلٰمًا ○ ۷۶/۲۵ خٰلِدِينَ

یہی لوگ ہیں جن کو ان کے صبر کے بدلے بہشت میں اعلیٰ خانے دیئے جائینگے اور ان میں ان پر دعائے حیات اور سلام ڈالا جائیگا وہ اُن میں ہمیشہ رہنے

۳۷/۲۴ رِجَالٌ لَّا تُلْهِيهِمْ تِجَارَةٌ وَلَا بَيْعٌ عَن ذِكْرِ اللَّهِ وَإِقَامِ الصَّلَاةِ وَإِيتَاءِ الزَّكَاةِ يَخَافُونَ يَوْمًا

ایسے مرد کہ اُنہیں اللہ کی یاد سے اور نماز کے قایم رکھنے اور زکوٰۃ دینے سے نہ تجارت غافل کرتی ہے اور نہ بیع وہ اُس دن سے ڈرتے ہیں

تَتَقَلَّبُ فِيهِ الْقُلُوبُ وَالْأَبْصَارُ ۝ ۳۸/۲۴ لِيَجْزِيَهُمُ اللَّهُ أَحْسَنَ مَا عَمِلُوا وَيَزِيدَهُم مِّن فَضْلِهِ

جس میں دل اور آنکھیں اُلٹ جائیں گی تاکہ اللہ اُن کو اُن کے اچھے عملوں کا بدلہ دے اور اپنے فضل سے اُن کو اور زیادہ دے

اے نبی جب تیرے پاس مسلمان عورتیں اس لئے آئیں کہ وہ تجھ سے اس بات پر بیعت کریں کہ اللہ کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہیں

وَلَا يَزْنِيْنَ وَلَا يَقْتُلْنَ اَوْلَادَهُنَّ وَلَا يَاْتِيْنَ بِبُهْتَانٍ يَّفْتَرِيْنَهٗ بَيْنَ اَيْدِيْهِنَّ وَاَرْجُلِهِنَّ

کریں گی اور چوری نہیں کریں گی اور زنا نہیں کریں گی اور اپنی اولاد کو قتل نہیں کرینگی اور بہتان کی بات جسے وہ اپنے ہاتھوں اور پیروں کے درمیان سے اٹھا کر

وَلَا يَعْصِيْنَكَ فِيْ مَعْرُوْفٍ فَبَايِعْهُنَّ وَاسْتَغْفِرْ لَهُنَّ اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

لائیں گی اور اچھی بات میں تیری نافرمانی نہیں کریں گی تو ان سے بیعت لے اور اللہ سے ان کیلئے مغفرت مانگ بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے

بِالْاُذُنِ وَالسِّنَّ بِالسِّنِّ وَالْجُرُوْحَ قِصَاصٌ فَمَنْ تَصَدَّقَ بِهٖ فَهُوَ كَفَّارَةٌ لَّهٗ وَمَنْ

بدلے کان اور دانت کے بدلے دانت اور سب زخم ویسے کا ویسا بدلہ پھر جس نے اس کو معاف کر دیا تو وہ اس کے لئے کفارہ ہے

لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ○

اور جس نے اس کے مطابق فیصلہ نہ کیا جو اللہ نے اُتارا ہے تو وہی لوگ ظالم ہیں

۱۰۔ مقتول کے اولیاء قصاص لینے میں زیادتی نہ کریں۔۔

۱۷/۳۳ وَمَنْ قُتِلَ مَظْلُوْمًا فَقَدْ جَعَلْنَا لِوَلِيِّهٖ سُلْطٰنًا فَلَا يُسْرِفْ فِّي الْقَتْلِ اِنَّهٗ كَانَ مَنْصُوْرًا ○

اور جو شخص ظلم سے مارا جائے تو ہم نے اس کے وارث کو غلبہ دیا ہے تو اس کو چاہیے کہ وہ قتل میں زیادتی نہ کرے اُس کی مدد (کافی) کی گئی ہے

۲۲/۶۰ ذٰلِكَ ۚ وَمَنْ عَاقَبَ بِمِثْلِ مَا عُوْقِبَ بِهٖ ثُمَّ بُغِيَ عَلَيْهِ لَيَنْصُرَنَّهُ اللّٰهُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَعَفُوٌّ غَفُوْرٌ ○

یہ تو حکم ہو چکا اور جس نے اتنی ہی تکلیف پہنچائی کو جتنی اُس کو پہنچائی گئی تھی پھر اُس پر زیادتی کی گئی تو اللہ ضرور اُسکی مدد کریگا بیشک اللہ معاف کرنیوالا بخشنے والا ہے

الکبائر

گناہ کبیرہ

۱۔ قتل کی ممانعت

۴/۲۹ وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ۭ

اور اپنی جانوں کو قتل نہ کرو

۶/۱۵۱ وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ ۭ

اور جان کو جسے اللہ نے محترم کیا ہے ناحق قتل نہ کرو

۱۷/۳۳ وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ ۭ وَمَنْ قُتِلَ مَظْلُوْمًا فَقَدْ جَعَلْنَا لِوَلِيِّهٖ

اور جان کو جسے اللہ نے محترم کیا ہے ناحق قتل نہ کرو اور جو کوئی ناحق قتل کیا جائے تو ہم نے اس کے وارث کو غلبہ دیا ہے سو اس کو چاہیے کہ قتل

سُلْطٰنًا فَلَا يُسْرِفْ فِّي الْقَتْلِ ۭ اِنَّهٗ كَانَ مَنْصُوْرًا ○

میں (یعنی بدلہ لینے میں) زیادتی نہ کرے بے شک وہ مدد کیا گیا ہے

۲۔ قتل اولاد کی ممانعت

۶/۱۵۱ وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَوْلَادَكُمْ مِّنْ اِمْلَاقٍ ۭ نَحْنُ نَرْزُقُكُمْ وَاِيَّاهُمْ ۚ

اور مفلسی کے خوف سے اپنی اولاد کو قتل نہ کرو ہم تم کو بھی روزی دیتے ہیں اور ان کو بھی

۱۷/۳۱ وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَوْلَادَكُمْ خَشْيَةَ اِمْلَاقٍ ۭ نَحْنُ نَرْزُقُهُمْ وَاِيَّاكُمْ ۭ اِنَّ قَتْلَهُمْ كَانَ خِطْاً

اور اپنی اولاد کو محتاجی کے خوف سے قتل نہ کرو ہم ان کو بھی روزی دیتے ہیں اور ان کو بھی بے شک ان کا قتل کرنا بڑا بھاری

كَبِيْرًا ○

گناہ ہے

يُصَلَّبُوٓا أَوْ تُقَطَّعَ أَيْدِيهِمْ وَأَرْجُلُهُم مِّنْ خِلَٰفٍ أَوْ يُنفَوْا مِنَ ٱلْأَرْضِ ۚ ذَٰلِكَ لَهُمْ

کر دیئے جائیں یا سولی دیئے جائیں یا ان کے ہاتھ اور پاؤں اُلٹے سیدھے کاٹ دیئے جائیں (دہنا ہاتھ اور بایاں پاؤں) یا اس ملک سے نکال

خِزْىٌ فِى ٱلدُّنْيَا ۖ وَلَهُمْ فِى ٱلْءَاخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيمٌ ۝

دیئے جائیں یہ ذلت ان کے لئے دنیا کی زندگی میں ہے اور آخرت میں ان کیلئے بڑا عذاب ہے

۲- محاربین توبہ کرچکے تو سزا معاف

۳۴/۵ إِلَّا ٱلَّذِينَ تَابُوا۟ مِن قَبْلِ أَن تَقْدِرُوا۟ عَلَيْهِمْ ۖ فَٱعْلَمُوٓا۟ أَنَّ ٱللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ۝

مگر جو اس سے پہلے ہی کہ تم ان پر قابو پاؤ توبہ کریں تو جان لو کہ اللہ بخشنے والا مہربان ہے

چوری کی سزا

۱- چور کے ہاتھ کاٹو۔

۳۸/۵ وَٱلسَّارِقُ وَٱلسَّارِقَةُ فَٱقْطَعُوٓا۟ أَيْدِيَهُمَا جَزَآءًۢ بِمَا كَسَبَا نَكَٰلًا مِّنَ ٱللَّهِ ۗ وَٱللَّهُ عَزِيزٌ

اور چور مرد اور چور عورت تم ان دونوں کے ہاتھ کاٹ لو بدلہ اس کا جو انہوں نے کیا ہے سزا ہے اللہ کی طرف سے اور اللہ غالب ہے

حَكِيمٌ ۝

حکمت والا

۲- توبہ سے سزا معاف۔

۳۹/۵ فَمَن تَابَ مِنۢ بَعْدِ ظُلْمِهِۦ وَأَصْلَحَ فَإِنَّ ٱللَّهَ يَتُوبُ عَلَيْهِ ۗ إِنَّ ٱللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ۝

پھر جس نے اپنے ظلم کے بعد توبہ کرلی اور اصلاح پر آگیا تو بے شک اللہ اس کی توبہ قبول کرے گا بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے

حدِ قذف

۱- مومنوں کو بدنام کرنیکا عذاب

۱۹/۲۴ إِنَّ ٱلَّذِينَ يُحِبُّونَ أَن تَشِيعَ ٱلْفَٰحِشَةُ فِى ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ فِى ٱلدُّنْيَا

جو لوگ یہ چاہتے ہیں کہ ان لوگوں کی نسبت بے حیائی کی بات مشہور ہو جو ایمان لائے ہیں ان کے لئے دردناک عذاب ہے دنیا میں بھی

وَٱلْءَاخِرَةِ ۚ وَٱللَّهُ يَعْلَمُ وَأَنتُمْ لَا تَعْلَمُونَ ۝

اور آخرت میں بھی اور اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے

۲- بے خبر پاکدامن مومنات پر تہمت لگانے والوں پر لعنت اور عذاب عظیم

۲۳/۲۴ إِنَّ ٱلَّذِينَ يَرْمُونَ ٱلْمُحْصَنَٰتِ ٱلْغَٰفِلَٰتِ ٱلْمُؤْمِنَٰتِ لُعِنُوا۟ فِى ٱلدُّنْيَا وَٱلْءَاخِرَةِ ۖ وَلَهُمْ

بے شک جو لوگ ایمان دار بے خبر پاک دامن عورتوں کو متہم کرتے ہیں وہ دنیا اور آخرت میں ملعون ہیں اور ان

عَذَابٌ عَظِيمٌ ۝

کے لئے بڑا عذاب ہے

۳- تہمت لگانا کھلے گناہ کا بوجھ اُٹھانا ہے۔

۵۸/۳۳ وَٱلَّذِينَ يُؤْذُونَ ٱلْمُؤْمِنِينَ وَٱلْمُؤْمِنَٰتِ بِغَيْرِ مَا ٱكْتَسَبُوا۟ فَقَدِ ٱحْتَمَلُوا۟ بُهْتَٰنًا وَ

اور جو لوگ مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں کو بغیر اس کے کہ انہوں نے (گناہ) کمایا ہو ایذا پہنچاتے ہیں انہوں نے بیشک بہتان اور

إِثْمًا مُّبِينًا ۝

کھلے گناہ کا بوجھ اُٹھایا

۴۔ زنا کی دنیوی سزا۔

دیکھو بیان حدود

حُدود

حدِّ زنا

۱۔ عورتیں فواحش کی مرتکب ہوں تو گواہی کے بعد انہیں مرتے دم تک گھروں میں بند رکھو

۱۵/۴ وَالّٰتِیْ یَاْتِیْنَ الْفَاحِشَةَ مِنْ نِّسَآئِكُمْ فَاسْتَشْهِدُوْا عَلَیْهِنَّ اَرْبَعَةً مِّنْكُمْ فَاِنْ شَهِدُوْا

اور تمہاری عورتوں میں سے جو عورتیں بے حیائی کے کام لاتی ہیں تو ان پر اپنے درمیان سے چار گواہ کر لو پس اگر وہ شہادت دیں تو ان

فَاَمْسِكُوْهُنَّ فِی الْبُیُوْتِ حَتّٰی یَتَوَفّٰهُنَّ الْمَوْتُ اَوْ یَجْعَلَ اللّٰهُ لَهُنَّ سَبِیْلًا ۝

عورتوں کو گھروں میں بند کر رکھو یہاں تک کہ ان کو موت آجائے یا اللہ ان کے لئے کوئی اور راہ نکال دے

۲۔ اگر مرد ایسا کریں تو انہیں سزا دو

۱۶/۴ وَالَّذٰنِ یَاْتِیٰنِهَا مِنْكُمْ فَاٰذُوْهُمَا فَاِنْ تَابَا وَاَصْلَحَا فَاَعْرِضُوْا عَنْهُمَا اِنَّ اللّٰهَ كَانَ

اور جو دو شخص تم مردوں میں سے یہ کام لائیں تو ان کو تکلیف پہنچاؤ پھر اگر وہ دونوں توبہ کر لیں اور درست ہو جائیں تو ان سے درگزر کرو بیشک

تَوَّابًا رَّحِیْمًا ۝

اللہ توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے

۳۔ زنا کی سزا سو سو درے ہیں

۲/۲۴ اَلزَّانِیَةُ وَالزَّانِیْ فَاجْلِدُوْا كُلَّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا مِائَةَ جَلْدَةٍ وَّلَا تَاْخُذْكُمْ بِهِمَا

زناکار عورت اور زناکار مرد ان میں سے ہر ایک کے سو سو کوڑے لگاؤ اور اللہ کے دین کے مقابلے میں

رَاْفَةٌ فِیْ دِیْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ وَلْیَشْهَدْ عَذَابَهُمَا طَآئِفَةٌ

تم کو ان پر شفقت نہ آئے اگر تم اللہ اور قیامت پر ایمان رکھتے ہو اور ان کی سزا کے وقت مومنوں کی ایک

مِّنَ الْمُؤْمِنِیْنَ ۝

جماعت موجود ہونی چاہئے

۴۔ زانی و زانیہ کا نکاح زانی یا مشرک ہی کے ساتھ ہو

۳/۲۴ اَلزَّانِیْ لَا یَنْكِحُ اِلَّا زَانِیَةً اَوْ مُشْرِكَةً وَّالزَّانِیَةُ لَا یَنْكِحُهَآ اِلَّا زَانٍ اَوْ مُشْرِكٌ وَحُرِّمَ

زانی سوائے زانیہ یا مشرکہ کے اور سے نکاح نہیں کرتا اور زانیہ سے سوائے زانی یا مشرک کے اور کوئی نکاح نہیں کرتا اور مومنوں

ذٰلِكَ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ ۝

پر تو یہ حرام کیا گیا ہے

۵۔ لونڈیوں کو فواحش کی سزا بیبیوں سے آدھی

۳۰/۴ فَاِذَآ اُحْصِنَّ فَاِنْ اَتَیْنَ بِفَاحِشَةٍ فَعَلَیْهِنَّ نِصْفُ مَا عَلَی الْمُحْصَنٰتِ مِنَ الْعَذَابِ

پھر جب وہ (لونڈیاں) نکاح میں آجائیں اگر بدکاری کریں تو ان پر اس سے آدھی سزا ہے جو آزاد عورتوں کے لئے ہے

لُوٹ مار۔ ڈکیتی

۱۔ محاربین کی سزا۔

۳۳/۵ اِنَّمَا جَزَآؤُا الَّذِیْنَ یُحَارِبُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَیَسْعَوْنَ فِی الْاَرْضِ فَسَادًا اَنْ یُّقَتَّلُوْٓا اَوْ

ان لوگوں کی سزا جو اللہ اور اس کے رسول سے لڑتے ہیں اور زمین میں فساد پھیلانے کے لئے دوڑے دوڑے پھرتے ہیں بس یہی ہے کہ وہ قتل

۵۵ اَلَّا تَطْغَوْا فِی الْمِیْزَانِ ۝ ۵۵ وَاَقِیْمُوا الْوَزْنَ بِالْقِسْطِ وَلَا تُخْسِرُوا الْمِیْزَانَ ۝

غرض یہ ہے کہ تم ترازو میں حد سے تجاوز نہ کرو اور قول انصاف کے ساتھ قائم رکھو اور ترازو میں کمی نہ کرو

۲۵/۵۷ لَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلَنَا بِالْبَیِّنٰتِ وَاَنْزَلْنَا مَعَهُمُ الْكِتٰبَ وَالْمِیْزَانَ لِیَقُوْمَ النَّاسُ بِالْقِسْطِ

ہم نے اپنے رسول کھلی دلیلیں دیکر بھیجے اور ان کے ساتھ کتاب اور ترازو اتاری تاکہ لوگ انصاف پر قائم رہیں

۳۔ کم ناپنے اور تولنے والوں کو دعید

۱/۸۳ وَیْلٌ لِّلْمُطَفِّفِیْنَ ۝ ۲/۸۳ الَّذِیْنَ اِذَا اكْتَالُوْا عَلَى النَّاسِ یَسْتَوْفُوْنَ ۝ ۳/۸۳ وَاِذَا كَالُوْهُمْ

خرابی ہے کم تولنے والوں کی جب وہ لوگوں سے اپنے لئے ناپ کر لیں تو پورا لیں اور جب ان کو ناپ کر

اَوْ وَّزَنُوْهُمْ یُخْسِرُوْنَ ۝ ۴/۸۳ اَلَا یَظُنُّ اُولٰٓئِكَ اَنَّهُمْ مَّبْعُوْثُوْنَ ۝ ۵/۸۳ لِیَوْمٍ عَظِیْمٍ ۝

یا تول کر دیں تو کم کر دیں کیا یہ لوگ یہ یقین نہیں کرتے کہ وہ اٹھائے جائیں گے ایک بڑے دن کے لئے

۶/۸۳ یَّوْمَ یَقُوْمُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝

جس دن لوگ جہان کے پروردگار کے سامنے کھڑے ہوں گے

شراب خواری و قمار بازی

۱۔ شراب خواری اور قمار بازی کی ممانعت

۲۱۹/۲ یَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْخَمْرِ وَالْمَیْسِرِ ؕ قُلْ فِیْهِمَآ اِثْمٌ كَبِیْرٌ وَّمَنَافِعُ لِلنَّاسِ وَاِثْمُهُمَآ اَكْبَرُ مِنْ

اے پیغمبر لوگ تجھ سے شراب اور جوئے کا حکم پوچھتے ہیں کہہ دے کہ ان میں بڑا گناہ ہے اور لوگوں کے لئے فائدے بھی ہیں اور ان

نَّفْعِهِمَا ؕ

کا گناہ ان کے نفع سے بہت بڑا ہے

۹۰/۵ یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَیْسِرُ وَالْاَنْصَابُ وَالْاَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ

مسلمانو! اس کے سوا کچھ نہیں کہ شراب اور جوا اور بت اور استخارے کے پانسے ناپاک شیطانی کام

الشَّیْطٰنِ فَاجْتَنِبُوْهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝ ۹۱/۵ اِنَّمَا یُرِیْدُ الشَّیْطٰنُ اَنْ یُّوْقِعَ بَیْنَكُمُ

ہیں تو تم ان سے بچتے رہو تاکہ تم فلاح پاؤ شیطان تو بس یہی چاہتا ہے کہ شراب اور جوے میں تمہیں پھنسا

الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ فِی الْخَمْرِ وَالْمَیْسِرِ وَیَصُدَّكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَعَنِ الصَّلٰوةِ فَهَلْ

کر تمہارے درمیان عداوت اور نفرت ڈالے اور تم کو اللہ کی یاد اور نماز سے روک دے تو کیا تم

اَنْتُمْ مُّنْتَهُوْنَ ۝

رکنے والے ہو؟

دوسرے گناہ

۱۔ فواحش سے بچنے کا حکم

۱۵۲/۶ وَلَا تَقْرَبُوا الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ ۚ

اور بے حیائی کے کاموں کے جو ان میں سے ظاہر ہیں اور جو ان میں چھپے ہیں پاس بھی نہ جاؤ

۴۔ پاکدامن عورتوں پر بہتان لگانے کی سزا اسی کوڑے اور عدم قبول شہادت

۴/۲۴ وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ الْمُحْصَنٰتِ ثُمَّ لَمْ يَاْتُوْا بِاَرْبَعَةِ شُهَدَآءَ فَاجْلِدُوْهُمْ ثَمٰنِيْنَ جَلْدَةً

اور جو لوگ پاک دامن عورتوں کو تہمت لگائیں پھر اس پر چار گواہ نہ لائیں تو تم ان کے اسی کوڑے لگاؤ

وَّلَا تَقْبَلُوْا لَهُمْ شَهَادَةً اَبَدًا ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ۝

اور کبھی اُن کی گواہی قبول نہ کرو اور وہی بدکار ہیں

۵۔ بہتان لگانے کی سزا توبہ کے بعد معاف ہے

۵/۲۴ اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ وَاَصْلَحُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

مگر جنہوں نے اس کے بعد توبہ کر لی اور اصلاح پر آ گئے تو بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے

ماپ تول

۱۔ پورا ماپنے اور تولنے کا حکم

۱۵۳/۶ وَاَوْفُوا الْكَيْلَ وَالْمِيْزَانَ بِالْقِسْطِ ۚ

اور انصاف کے ساتھ ماپ اور تول کو پورا رکھو

۸۵/۷ فَاَوْفُوا الْكَيْلَ وَالْمِيْزَانَ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ اَشْيَآءَهُمْ

سو ماپ اور تول کو پورا رکھو اور لوگوں کو ان کی چیزیں کم نہ دو

۸۴/۱۱ وَاِلٰى مَدْيَنَ اَخَاهُمْ شُعَيْبًا ۗ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ۖ وَلَا تَنْقُصُوا

اور ہم نے مدین کی طرف ان کے بھائی شعیب کو بھیجا اس نے کہا کہ بھائیو اللہ کی عبادت کرو تمہارے لئے اس کے سوا کوئی معبود نہیں اور پیمانہ اور

الْمِكْيَالَ وَالْمِيْزَانَ اِنِّيْٓ اَرٰىكُمْ بِخَيْرٍ وَّاِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ مُّحِيْطٍ ۝ وَ

ترازو میں کمی نہ کرو میں تمہیں اچھی حالت میں دیکھتا ہوں اور میں تم پر پھیچا جانے والے دن کے عذاب کا اندیشہ کرتا ہوں اور

يٰقَوْمِ اَوْفُوا الْمِكْيَالَ وَالْمِيْزَانَ بِالْقِسْطِ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ اَشْيَآءَهُمْ وَلَا تَعْثَوْا

بھائیو! ماپ اور ترازو تو انصاف کے ساتھ پورا رکھو اور لوگوں کو ان کی چیزیں کم نہ دو اور زمین

فِى الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ۝

میں فساد پھیلاتے نہ پھرو

۲۔ صحیح ترازو سے تولو۔

۳۵/۱۷ وَاَوْفُوا الْكَيْلَ اِذَا كِلْتُمْ وَزِنُوْا بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِيْمِ ۭ ذٰلِكَ خَيْرٌ وَّاَحْسَنُ تَاْوِيْلًا

اور جب تم ناپو تو پورا ناپو اور سیدھی ترازو سے تولو یہ بہتر اور انجام کے لحاظ سے اچھا ہے

۱۸۱/۲۶ اَوْفُوا الْكَيْلَ وَلَا تَكُوْنُوْا مِنَ الْمُخْسِرِيْنَ ۝

پیمانہ پورا رکھو اور کم دینے والوں میں نہ ہو

۱۸۲/۲۶ وَزِنُوْا بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِيْمِ ۝

اور سیدھی ترازو سے تولو

۱۸۳/۲۶ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ اَشْيَآءَهُمْ وَلَا تَعْثَوْا فِى الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ۝

اور لوگوں کو ان کی چیزیں کم نہ دو اور زمین میں فساد پھیلاتے نہ پھرو

خَصِيمًا ۝ ۱۰۵/۴ وَاسْتَغْفِرِ اللّٰهَ إِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُورًا رَّحِيمًا ۝ ۱۰۶/۴ وَلَا تُجَادِلْ عَنِ الَّذِينَ

خیانت کرنیوالوں کی طرف سے جھگڑا نہ کر اور اللہ سے معافی مانگ بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے اور ان کی طرف سے نہ جھگڑ جو اپنے

يَخْتَانُونَ أَنفُسَهُمْ ۚ إِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ مَن كَانَ خَوَّانًا أَثِيمًا ۝ ۱۰۷/۴ يَسْتَخْفُونَ مِنَ

لوگوں سے خیانت کرتے ہیں بیشک اللہ کسی ایسے کو دوست نہیں رکھتا جو خیانت کرنیوالا گنہگار ہو لوگوں سے چھپاتے ہیں

النَّاسِ وَلَا يَسْتَخْفُونَ مِنَ اللّٰهِ وَهُوَ مَعَهُمْ إِذْ يُبَيِّتُونَ مَا لَا يَرْضَىٰ مِنَ الْقَوْلِ ۚ

اور اللہ سے نہیں چھپا سکتے اور وہ ان کے ساتھ ہوتا ہے جبکہ وہ رات کو وہ باتیں کرتے ہیں جن کو وہ پسند نہیں کرتا اور اللہ اس چیز کو

وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا يَعْمَلُونَ مُحِيطًا ۝ ۱۰۸/۴ هَا أَنتُمْ هَٰؤُلَاءِ جَادَلْتُمْ عَنْهُمْ فِي الْحَيَاةِ

جو وہ کرتے ہیں گھیرنے والا ہے خبردار ہو جاؤ تم وہ لوگ ہو کہ تم نے دنیا کی زندگی میں ان کی طرف سے

الدُّنْيَا ۖ فَمَن يُجَادِلُ اللّٰهَ عَنْهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَم مَّن يَكُونُ عَلَيْهِ وَكِيلًا ۝

جھگڑ لیا تو قیامت کے دن ان کی طرف سے کون اللہ سے جھگڑے گا یا کون ہے جو ان کا کارساز ہوگا

۳- خیانت کی ممانعت

۲۷/۸ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَخُونُوا اللّٰهَ وَالرَّسُولَ وَتَخُونُوا أَمَانَاتِكُمْ وَأَنتُمْ تَعْلَمُونَ ۝

مسلمانو! اللہ اور رسول کی خیانت نہ کرو اور اپنی امانتوں کی خیانت بھی نہ کرو اور تم تو جانتے ہو

۲۸/۸ وَاعْلَمُوا أَنَّمَا أَمْوَالُكُمْ وَأَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ ۙ وَأَنَّ اللّٰهَ عِندَهُ أَجْرٌ عَظِيمٌ ۝

اور جان لو کہ تمہارے مال اور تمہاری اولاد محض فتنہ ہیں اور یہ کہ اللہ کے پاس بڑا ثواب ہے

۴- خیانت کرنے والوں سے خدا محبت نہیں کرتا۔

۱۰۷/۴ إِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ مَن كَانَ خَوَّانًا أَثِيمًا ۝

بے شک اللہ اس کو دوست نہیں رکھتا جو خیانت کرنے والا گنہگار ہو

۵۸/۸ إِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْخَائِنِينَ ۝

بے شک اللہ خیانت کرنیوالوں کو دوست نہیں رکھتا

۳۸/۲۲ إِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ خَوَّانٍ كَفُورٍ ۝

بے شک اللہ دوست نہیں رکھتا ہر ایک خیانت کرنے والے ناشکرے کو

ظلم

۱- اللہ ظالموں کو ہدایت نہیں کرتا۔

۲۵۸/۲ ۵۵/۳ ۱۹/۹ ۱۰۹/۱۶ ۶۱/۶ ۵/۶۲ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ ۝

اور اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں کرتا

۵۱/۵ ۱۴۵/۶ ۵۰/۲۸ ۱۰/۴۶ إِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ ۝

بے شک اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں کرتا

۲- اللہ ظالموں کو گمراہ کرتا ہے

۲۷/۱۴ وَيُضِلُّ اللّٰهُ الظَّالِمِينَ ۚ وَيَفْعَلُ اللّٰهُ مَا يَشَاءُ ۝

اور اللہ ظالموں کو گمراہ کرتا ہے اور اللہ جو چاہتا ہے کرتا ہے

۲۷/۷ قُلْ اِنَّ اللّٰهَ لَا یَاْمُرُ بِالْفَحْشَآءِ ؕ

کہہ دے کہ اللہ بے حیائی کا حکم نہیں دیتا

۳۳/۷ قُلْ اِنَّمَا حَرَّمَ رَبِّیَ الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ وَالْاِثْمَ وَالْبَغْیَ بِغَیْرِ الْحَقِّ وَاَنْ تُشْرِكُوْا

کہہ دے کہ میرے پروردگار نے تو بس بےحیائی کے کاموں کو حرام کیا ہے جو ان میں ظاہر ہیں اور جو ان میں چھپے ہیں اور گناہ اور ناحق کی زیادتی کو بھی اور اس

بِاللّٰهِ مَا لَمْ یُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطٰنًا وَّاَنْ تَقُوْلُوْا عَلَی اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۝

بات کو کہ تم اللہ کے ساتھ کسی ایسی چیز کو شریک کرو جس کی شرکت کی اس نے کوئی سند نہیں اتاری اور یہ کہ تم اللہ کی نسبت وہ بات کہو جس کا تمہیں علم نہیں۔

۹۰/۱۶ وَیَنْهٰی عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْیِ ۚ یَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ۝

اور اللہ بے حیائی اور بری باتوں اور ظلم سے منع کرتا ہے وہ تم کو نصیحت کرتا ہے تاکہ تم نصیحت پکڑو

۲۔ چھپے اور کھلے سب گناہوں کے چھوڑنے کا حکم

۱۲۱/۶ وَذَرُوْا ظَاهِرَ الْاِثْمِ وَبَاطِنَهٗ ؕ اِنَّ الَّذِیْنَ یَكْسِبُوْنَ الْاِثْمَ سَیُجْزَوْنَ بِمَا كَانُوْا یَقْتَرِفُوْنَ ۝

اور کھلے اور چھپے (ہر ایک) گناہ کو چھوڑ دو بے شک جو لوگ گناہ کماتے ہیں اُن کو اس کی سزا دی جائے گی جو وہ کماتے ہیں

امانت

۱۔ امانت کے ادا کرنے کا حکم

۲۸۳/۲ فَاِنْ اَمِنَ بَعْضُكُمْ بَعْضًا فَلْیُؤَدِّ الَّذِی اؤْتُمِنَ اَمَانَتَهٗ وَلْیَتَّقِ اللّٰهَ رَبَّهٗ ؕ

پس اگر تم میں سے بعض نے بعض کو امین جانا تو چاہئے کہ وہ شخص جس کو امین جانا گیا ہے اس کی امانت ادا کرے اور اللہ اپنے پروردگار سے ڈرے

۵۸/۴ اِنَّ اللّٰهَ یَاْمُرُكُمْ اَنْ تُؤَدُّوا الْاَمٰنٰتِ اِلٰۤی اَهْلِهَا

اللہ تم کو حکم دیتا ہے کہ امانتوں کو ان کے مالکوں کو ادا کردو

۲۔ امانت داروں کی خوبی

۸/۲۳ ۳۲/۷۰ وَالَّذِیْنَ هُمْ لِاَمٰنٰتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رَاعُوْنَ ۝

اور جو اپنی امانتوں اور عہد کی حفاظت کرتے ہیں

۷۲/۳۳ اِنَّا عَرَضْنَا الْاَمَانَةَ عَلَی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَالْجِبَالِ فَاَبَیْنَ اَنْ یَّحْمِلْنَهَا وَاَشْفَقْنَ مِنْهَا

ہم نے امانت کو آسمانوں اور زمین اور پہاڑوں پر پیش کیا تو انہوں نے اس بات سے انکار کیا کہ اس (کے بوجھ) کو اٹھائیں اور اس سے ڈر

وَحَمَلَهَا الْاِنْسَانُ ؕ

گئے اور انسان نے اس کو اٹھا لیا

خیانت

۱۔ نبی خائن نہیں ہوتے۔

۱۶۱/۳ وَمَا كَانَ لِنَبِیٍّ اَنْ یَّغُلَّ ؕ وَمَنْ یَّغْلُلْ یَاْتِ بِمَا غَلَّ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ ۚ

اور نبی کا یہ کام نہیں کہ وہ خیانت کرے اور جو کوئی خیانت کرے گا وہ قیامت کے دن اسی کے ساتھ آئیگا جو اس نے خیانت کی ہے

۲۔ خیانت کرنیوالوں کی طرفداری منع ہے

۱۰۵/۴ اِنَّاۤ اَنْزَلْنَاۤ اِلَیْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ لِتَحْكُمَ بَیْنَ النَّاسِ بِمَاۤ اَرٰىكَ اللّٰهُ ؕ وَلَا تَكُنْ لِّلْخَآئِنِیْنَ

بے شک ہم نے تیری طرف حق کے ساتھ کتاب اتاری تاکہ لوگوں کے درمیان اس کے مطابق فیصلہ کرے جو اللہ تجھے سمجھائے اور

۴۲/۴۵ فَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ نَّصِيْرٍ ○

پس نافرمان لوگوں کا کوئی مددگار نہیں

۴۲/۲۹ وَمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ○

اور ایسے لوگوں کا کوئی مددگار نہیں

۴۲/۸ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَهُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلٰكِنْ يُّدْخِلُ مَنْ يَّشَآءُ فِيْ رَحْمَتِهٖ ؕ وَالظّٰلِمُوْنَ

اور خدا چاہتا تو لوگوں کو ایک ہی امت بنا دیتا۔ لیکن جس کو چاہتا ہے اپنی رحمت میں داخل کرتا ہے۔ اور نافرمانوں

مَا لَهُمْ مِّنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ○

کا نہ کوئی یار ہوگا نہ مددگار

۱۳۔ ظالموں کو فلاح نہیں

۲۱/۶ ۱۳۷/۶ ۲۳/۱۲ ۳۷/۳۸ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ○

اور ظالموں کی فلاح نہیں ہوتی

۱۱۱/۲۰ وَقَدْ خَابَ مَنْ حَمَلَ ظُلْمًا ○

اور جو شخص کسی طرح کا ظلم کا بوجھ لادے گا۔ اس کی تباہی ہے۔

۱۴۔ قیامت کے دن ظالموں کو عذاب

۲۴/۳۹ اَفَمَنْ يَّتَّقِيْ بِوَجْهِهٖ سُوْٓءَ الْعَذَابِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ وَقِيْلَ لِلظّٰلِمِيْنَ ذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ ○

تو کیا جو شخص قیامت کے دن اپنے منہ کو بدترین سزا کا سپر بناتا ہے وہ ویسا ہو سکتا ہے جسے عذاب نہیں اور نافرمانوں سے کہا جائیگا جو کچھ کرتے رہے ہو اسکا مزہ چکھو

۱۵۔ قیامت کو ظالموں کا عذر کام نہیں آئے گا۔

۵۲/۴۰ يَوْمَ لَا يَنْفَعُ الظّٰلِمِيْنَ مَعْذِرَتُهُمْ وَلَهُمُ اللَّعْنَةُ وَلَهُمْ سُوْٓءُ الدَّارِ ○

جس دن نافرمانوں کو اُن کی معذرت نفع نہ دیگی۔ اور اُن پر لعنت ہوگی۔ اور اُن کو بُرا گھر ملے گا۔

۱۶۔ قیامت کو ظالم اپنی بداعمالیوں سے ڈریں گے۔

۲۲/۴۲ تَرَى الظّٰلِمِيْنَ مُشْفِقِيْنَ مِمَّا كَسَبُوْا وَهُوَ وَاقِعٌۢ بِهِمْ ؕ

تو تا فرمانوں کو دیکھے گا کہ اُنہوں نے جیسے جیسے عمل کئے ان کے عذاب سے ڈر رہے ہوں گے۔ اور وہ اُن پر پڑ کر رہیگا

۱۷۔ قیامت کو ان کی قابل رحم حالت۔

۳۱/۳۴ وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ الظّٰلِمُوْنَ مَوْقُوْفُوْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۖ يَرْجِعُ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضِ ِۨالْقَوْلَ ۚ

اور کاش تو دیکھے جب ظالم اپنے پروردگار کے سامنے ٹھہرائے جائیں گے۔ ایک کی بات ایک رد کر رہا ہوگا۔

۱۸۔ ذلت کے ساتھ سر نیچے جھکائے ہوں گے۔

۴۲/۴۵ وَتَرٰىهُمْ يُعْرَضُوْنَ عَلَيْهَا خٰشِعِيْنَ مِنَ الذُّلِّ يَنْظُرُوْنَ مِنْ طَرْفٍ خَفِيٍّ ؕ وَقَالَ الَّذِيْنَ

اور تو اُن لوگوں کو دیکھے گا کہ دوزخ کے روبرو لائے جائیں گے۔ مارے ذلت کے جھکے ہوئے۔ کن انکھیوں سے دیکھتے ہوئے

اٰمَنُوْٓا اِنَّ الْخٰسِرِيْنَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَاَهْلِيْهِمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اَلَآ اِنَّ الظّٰلِمِيْنَ

اور ایمان والے کہیں گے۔ کہ حقیقت میں بدنصیب تو وہ ہیں۔ جنہوں نے قیامت کے دن اپنے آپ کو اور اپنے گھر

فِيْ عَذَابٍ مُّقِيْمٍ ○ ۴۲/۴۵ وَمَا كَانَ لَهُمْ مِّنْ اَوْلِيَآءَ يَنْصُرُوْنَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ وَمَنْ

والوں کو تباہ کیا۔ سن لو ظلم کرنے والے ضرور ہمیشہ کے عذاب میں رہیں گے۔ اور خدا کے سوا اُن کے کوئی حمایتی نہ ہونگے

يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ سَبِيْلٍ ؕ

کہ اُن کی مدد کریں۔ اور جس کو خدا گمراہ کرے اس کے لئے کوئی رستہ ہی نہیں۔

۳۔ ظالم کھلی گمراہی میں ہیں۔

۴۳/۱۹ لٰكِنِ الظّٰلِمُوْنَ الْيَوْمَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ○

لیکن آج ظالم کھلی گمراہی میں ہیں

۱۱/۳۱ بَلِ الظّٰلِمُوْنَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ○

بلکہ ظالم کھلی گمراہی میں ہیں

۴۔ ظالم بڑے اختلاف میں

۵۳/۴۲ وَاِنَّ الظّٰلِمِيْنَ لَفِيْ شِقَاقٍۭ بَعِيْدٍ ○

اور بے شک ظالم بڑے دور کے اختلاف میں ہیں

۵۔ ظالم آیات خدا کا انکار کرتے ہیں

۳۳/۷ وَلٰكِنَّ الظّٰلِمِيْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ ○

لیکن ظالم اللہ کی آیتوں کا انکار کرتے ہیں

۴۹/۲۹ وَمَا يَجْحَدُ بِاٰيٰتِنَآ اِلَّا الظّٰلِمُوْنَ ○

اور ہماری آیتوں کا انکار صرف ظالم ہی کرتے ہیں

۶۔ ظالم ایک دوسرے کے رفیق ہیں

۱۹/۴۵ وَاِنَّ الظّٰلِمِيْنَ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ

اور بے شک ظالم بعض بعض کے دوست ہیں

۷۔ ظالموں کو قرآن سے نقصان

۸۲/۱۷ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا ○

اور ہم قرآن سے وہ چیز اتارتے ہیں جو مومنوں کے لئے شفا اور رحمت ہے اور ظالموں کو تو وہ گھاٹا ہی زیادہ کرتا ہے

۸۔ خدا کا بھلائی کا وعدہ ظالموں کے لئے نہیں

۱۲۴/۲ قَالَ لَا يَنَالُ عَهْدِي الظّٰلِمِيْنَ ○

فرمایا میرا وعدہ ظالموں کو نہیں پہنچے گا

۹۔ ظالموں کو ظلم کا مزہ معلوم ہوگا۔

۲۲۷/۲۶ وَسَيَعْلَمُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اَيَّ مُنْقَلَبٍ يَّنْقَلِبُوْنَ ○

اور ظالم عنقریب معلوم کریں گے کہ وہ کس کروٹ پر لوٹائے جاتے ہیں

۱۰۔ اللہ ظالموں سے محبت نہیں رکھتا

۵۶/۳ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ ○ ۱۳۹/۳

اور اللہ ظالموں سے محبت نہیں رکھتا

۴۰/۴۲ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ ○

بے شک وہ ظالموں سے محبت نہیں رکھتا

۱۱۔ ظالم خدا کی رحمت سے دور اور اُنپر خدا کی لعنت بھی

۴۴/۷ لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظّٰلِمِيْنَ ○ ۱۸/۱۱ اَلَا لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظّٰلِمِيْنَ ○

ظالموں پر اللہ کی پھٹکار ہے سن لو کہ ظالموں پر اللہ کی پھٹکار ہے

۴۴/۲۳ فَبُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ○

سو ظالم لوگوں کے لیے (خدا کی رحمت سے) دوری ہے

۱۲۔ ظالموں کا کوئی مددگار نہیں

۲۷۰/۲ ۱۹۱/۳ ۷۱/۵ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ○

اور ظالموں کا کوئی مددگار نہیں ہے

۷۱/۲۲ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ نَّصِيْرٍ ○

اور ظالموں کا کوئی مددگار نہیں

۱۶/۵۹ وَذٰلِكَ جَزٰٓؤُا الظّٰلِمِيْنَ ○

اور سرکشوں کی یہی سزا ہے۔

۴۱/۴ لَهُمْ مِّنْ جَهَنَّمَ مِهَادٌ وَّمِنْ فَوْقِهِمْ غَوَاشٍ ۭ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الظّٰلِمِيْنَ

اُن کے لئے جہنم کا بچھونا ہوگا۔ اور اُن کے اُوپر بالاپوش۔ اور ہم سرکشوں کو ایسی ہی سزا دیا کرتے ہیں

۱۹/۷۲ ثُمَّ نُنَجِّي الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّنَذَرُ الظّٰلِمِيْنَ فِيْهَا جِثِيًّا ○

پھر ہم پرہیزگاروں کو بچالیں گے۔ اور نافرمانوں کو اسی میں گھٹنوں کے بل پڑا ہوا چھوڑ دیں گے۔

۲۱/۲۹ وَمَنْ يَّقُلْ مِنْهُمْ اِنِّىْٓ اِلٰهٌ مِّنْ دُوْنِهٖ فَذٰلِكَ نَجْزِيْهِ جَهَنَّمَ ۭ كَذٰلِكَ نَجْزِي الظّٰلِمِيْنَ

اور جو ان میں سے یہ کہے کہ خدا انہیں میں معبود ہوں۔ تو اس کو جہنم کی سزا دیں گے سرکشوں کو ہم ایسی ہی سزا دیا کرتے ہیں

۹۷/۲۱ وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ الظّٰلِمُوْنَ فِيْ غَمَرٰتِ الْمَوْتِ وَالْمَلٰۗىِٕكَةُ بَاسِطُوْٓا اَيْدِيْهِمْ ۚ اَخْرِجُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ۭ

۲۳۔ ظالموں کو ذلت کا عذاب

کاش تو ظالموں کو اس وقت دیکھے کہ موت کی بیہوشیوں میں پڑے ہوں۔ اور فرشتے اپنے ہاتھ بڑھا رہے ہوں۔ کہ اپنی

اَلْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُوْنِ ۔

جانیں نکالو۔ آج تم کو ذلت کے عذاب کی سزا دی جائے گی۔

۱۸/۸۷ قَالَ اَمَّا مَنْ ظَلَمَ فَسَوْفَ نُعَذِّبُهٗ ثُمَّ يُرَدُّ اِلٰى رَبِّهٖ فَيُعَذِّبُهٗ عَذَابًا نُّكْرًا ○

۲۴۔ بُری طرح کا عذاب

کہا جو سرکشی کریگا اس کو ہم سزا دینگے کہ وہ اپنے پروردگار کے حضور میں لوٹا کر لایا جائیگا اور وہ اس کو سخت عذاب دیگا۔

۱۰/۵۲ ثُمَّ قِيْلَ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ذُوْقُوْا عَذَابَ الْخُلْدِ ۭ هَلْ تُجْزَوْنَ اِلَّا بِمَا كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ ○

۲۵۔ ہمیشہ کا عذاب

پھر نافرمان لوگوں کو کہا جائیگا کہ اب ہمیشہ کے لئے عذاب کا مزہ چکھو۔ یہ سزا جو تمکو دی جارہی ہے تمہارے اپنے ہی اعمال کا بدلہ ہے

۲۵/۱۹ وَمَنْ يَّظْلِمْ مِّنْكُمْ نُذِقْهُ عَذَابًا كَبِيْرًا ○

۲۶۔ عذاب کبیر

اور جو تم میں سے ظلم (شرک) کریگا۔ ہم اس کو بڑے عذاب کا مزہ چکھائیں گے۔

۲۲/۴۴ اِنَّ الظّٰلِمِيْنَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ○ ۲۵/۲۲ بھی دیکھو "ظالموں کو ویل"۔ (خدد ۲۹)

۲۷۔ عذاب الیم

بے شک جو لوگ نافرمان ہیں۔ اُن کو بڑا دردناک عذاب ہوگا۔

۴۲/۴۲ اِنَّمَا السَّبِيْلُ عَلَي الَّذِيْنَ يَظْلِمُوْنَ النَّاسَ وَيَبْغُوْنَ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ ۭ اُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ

الزام انہیں پر ہے۔ جو لوگوں پر ظلم کرتے اور ملک میں ناحق زیادتی کرتے ہیں۔ یہی وہ لوگ ہیں جن کو عذاب دردناک

عَذَابٌ اَلِيْمٌ ○

ہونے والا ہے۔

۳۳/۶۴ وَالظّٰلِمِيْنَ اَعَدَّ لَهُمْ سَعِيْرًا ○

اور سرکش لوگوں کے لئے اس نے دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے۔

۴۲/۴۵ اَلَآ اِنَّ الظّٰلِمِيْنَ فِيْ عَذَابٍ مُّقِيْمٍ ○

۲۸۔ عذاب مقیم

سن لو ظلم کرنے والے ہمیشہ کے عذاب میں رہیں گے۔

۱۹- عذاب دیکھ کر دنیا میں لوٹنے کی خواہش کریں گے

۴۴/۱۴ فَيَقُولُ الَّذِينَ ظَلَمُوا رَبَّنَا أَخِّرْنَا إِلَىٰ أَجَلٍ قَرِيبٍ نُّجِبْ دَعْوَتَكَ وَنَتَّبِعِ الرُّسُلَ ۗ أَوَلَمْ

جو لوگ نافرمانی کرتے رہے ہیں کہیں گے۔ کہ اے ہمارے پروردگار۔ ہم کو تھوڑی سی مدت کی مہلت اور دے تو ہم تیرے بلانے

تَكُونُوا أَقْسَمْتُم مِّن قَبْلُ مَا لَكُم مِّن زَوَالٍ ۝

پر اٹھ کھڑے ہونگے اور پیغمبروں کی پیروی کرینگے۔ کیا تم وہی نہیں ہو۔ جو پہلے قسمیں کھایا کرتے تھے کہ تم کو کسی قسم کا زوال نہیں۔

۴۴/۱۴ وَسَكَنتُمْ فِي مَسَاكِنِ الَّذِينَ ظَلَمُوا أَنفُسَهُمْ وَتَبَيَّنَ لَكُمْ كَيْفَ فَعَلْنَا بِهِمْ وَضَرَبْنَا لَكُمُ الْأَمْثَالَ ۝

اور جسے خدا گمراہ کرے اسکے بعد اسکا کوئی یار نہیں۔ اور تو ظالموں کو دیکھے گا کہ جب وہ عذاب کو دیکھ لیں گے تو کہیں گے۔

هَلْ إِلَىٰ مَرَدٍّ مِّن سَبِيلٍ ۝

بھلا پھر واپس جانے کی بھی کوئی راہ ہے؟

۲۰- حسرت وندامت سے خود اپنے ہاتھ کاٹ کاٹ کر کھائیں گے۔

۲۵/۲۷ وَيَوْمَ يَعَضُّ الظَّالِمُ عَلَىٰ يَدَيْهِ يَقُولُ يَا لَيْتَنِي اتَّخَذْتُ مَعَ الرَّسُولِ سَبِيلًا

اور جس دن نافرمان اپنے ہاتھ کاٹے گا کہے گا۔ اے کاش میں رسول کے ساتھ راہ لیتا۔

۲۵/۲۸ يَا وَيْلَتَىٰ لَيْتَنِي لَمْ أَتَّخِذْ فُلَانًا خَلِيلًا ۝

ہائے میری کم بختی کاش میں فلاں کو دوست نہ بناتا۔

۲۱- ظالموں کے پاس روئے زمین کا خزانہ بھی ہو تو وہ سب عذاب کے فدیہ میں دے ڈالیں۔

۳۹/۵۴ وَلَوْ أَنَّ لِكُلِّ نَفْسٍ ظَلَمَتْ مَا فِي الْأَرْضِ لَافْتَدَتْ بِهِ ۗ وَأَسَرُّوا النَّدَامَةَ لَمَّا رَأَوُا الْعَذَابَ ۚ

اور جس شخص نے نافرمانی کی ہے۔ اگر سب کچھ جو زمین میں ہے اس کے قبضہ میں ہو تو وہ ضرور اس کو فدیے میں دیدے تو جب

وَقُضِيَ بَيْنَهُم بِالْقِسْطِ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ۝

لوگ عذاب کو دیکھ لیں گے۔ اظہار ندامت کرینگے۔ اور لوگوں میں انصاف کے ساتھ فیصلہ کر دیا جائے گا۔ ان پر ظلم نہ ہوگا۔

۳۹/۴۷ وَلَوْ أَنَّ لِلَّذِينَ ظَلَمُوا مَا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا وَمِثْلَهُ مَعَهُ لَافْتَدَوْا بِهِ مِن سُوءِ الْعَذَابِ

اور اگر نافرمانوں کے پاس زمین کی ساری کائنات ہو۔ اور اس کے ساتھ اتنی ہی اور۔ تو قیامت کے دن عذاب کی سختی کے

يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۚ وَبَدَا لَهُم مِّنَ اللَّهِ مَا لَمْ يَكُونُوا يَحْتَسِبُونَ ۝ ۳۹/۴۸ وَبَدَا لَهُمْ سَيِّئَاتُ مَا كَسَبُوا

بدلے اسکو دے ڈالے اور انکو خدا کی طرف سے ایسا معاملہ پیش آئیگا جس کا ان کو گمان بھی نہ تھا۔ اور جیسے جیسے عمل بد کرتے

وَحَاقَ بِهِم مَّا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ ۝

رہے ہیں۔ ان کی خرابیاں ان کو ظاہر ہو جائیں گی اور جس عذاب کی وہ ہنسی اڑاتے رہے ہیں وہ ان پر آ نازل ہوگا۔

۲۲- ظالموں کے لئے آگ

۲۹/۵ إِنِّي أُرِيدُ أَن تَبُوءَ بِإِثْمِي وَإِثْمِكَ فَتَكُونَ مِنْ أَصْحَابِ النَّارِ ۚ وَذَٰلِكَ جَزَاءُ الظَّالِمِينَ ۝

میں تو یہ چاہتا ہوں کہ تو میرا اور اپنا گناہ اکٹھا سمیٹے اور دوزخیوں میں ہو۔ اور ظالموں کی یہی سزا ہے۔

۲۹/۱۸ إِنَّا أَعْتَدْنَا لِلظَّالِمِينَ نَارًا أَحَاطَ بِهِمْ سُرَادِقُهَا ۚ وَإِن يَسْتَغِيثُوا يُغَاثُوا بِمَاءٍ كَالْمُهْلِ

منکروں کیلئے ہم نے ایسی آگ تیار کر رکھی ہے جس کی قناتیں انکو چاروں طرف سے گھیر لینگی اور اگر فریاد کرینگے تو جس پانی سے انکی

يَشْوِي الْوُجُوهَ ۚ بِئْسَ الشَّرَابُ ۖ وَسَاءَتْ مُرْتَفَقًا ۝

فریاد رسی کی جائیگی وہ پگھلے ہوئے تانبے کی طرح ہوگا منہوں کو بھون ڈالیگا۔ برا پانی ہے اور آرام کے اعتبار سے بری جگہ ہے

۲۔ خدا فساد نہیں چاہتا

۲/۲۰۴ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّعْجِبُكَ قَوْلُهٗ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَيُشْهِدُ اللّٰهَ عَلٰى مَا فِيْ قَلْبِهٖ وَهُوَ اَلَدُّ
اور بعض آدمی ایسا ہے جس کی باتیں تجھ کو دنیا کی زندگی میں بھلی معلوم ہوتی ہیں۔ اور وہ اپنے دلی خیال پر خدا کو گواہ ٹھہراتا
الْخِصَامِ ۲/۲۰۵ وَاِذَا تَوَلّٰى سَعٰى فِي الْاَرْضِ لِيُفْسِدَ فِيْهَا وَيُهْلِكَ الْحَرْثَ وَالنَّسْلَ ؕ
ہے۔ حالانکہ وہ دشمنوں میں سخت جھگڑالو ہے۔ اور جب وہ تمہارے پاس سے لوٹ کر جاتا ہے۔ تو ملک کو کوندہ مارتا ہے۔
اللّٰهُ لَا يُحِبُّ الْفَسَادَ ۲/۲۰۶ وَاِذَا قِيْلَ لَهُ اتَّقِ اللّٰهَ اَخَذَتْهُ الْعِزَّةُ بِالْاِثْمِ فَحَسْبُهٗ
تاکہ اس میں فساد پھیلائے۔ اور کھیتی باڑی کو اور نسل کو تباہ کرے۔ اور جب اس سے کہا جاتا ہے۔ کہ خدا سے ڈر۔ تو
جَهَنَّمُ ؕ وَلَبِئْسَ الْمِهَادُ ۲/۲۰۷ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْرِيْ نَفْسَهُ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ ؕ
شیخی اسکو گناہ پر آمادہ کرتی ہے۔ پس ایسے شخص کو جہنم کافی ہے اور وہ بہت برا ٹھکانہ ہے۔ اور لوگوں میں سے بعض ایسا
وَاللّٰهُ رَءُوْفٌ بِالْعِبَادِ ۝
شخص بھی ہے۔ جو خدا کی خوشنودی کے لئے اپنی جان تک دے ڈالتا ہے۔ اور اللہ بندوں پر بہت ہی شفقت رکھتا ہے

۳۔ اللہ مفسدوں سے محبت نہیں رکھتا۔

۵/۶۴ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِيْنَ ۝
اور اللہ فسادیوں کو دوست نہیں رکھتا۔

۴۔ اللہ مفسدوں کے کام نہیں بناتا۔

۲۸/۷۷ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِيْنَ ۝
بے شک اللہ فسادیوں کو دوست نہیں رکھتا۔

۱۰/۸۱ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝
بے شک اللہ مفسد لوگوں کا کام بننے نہیں دیا کرتا۔

۵۔ لوگوں کو فساد سے روکنا چاہیئے۔

۱۱/۱۱۶ فَلَوْلَا كَانَ مِنَ الْقُرُوْنِ مِنْ قَبْلِكُمْ اُولُوْا بَقِيَّةٍ يَّنْهَوْنَ عَنِ الْفَسَادِ فِي الْاَرْضِ اِلَّا
تو اُمتیں تم سے پہلے ہو گذری ہیں۔ اُن میں خیر خواہی کرنیوالے بھی کیوں نہ ہوئے۔ کہ ملک میں فساد کرنے سے منع کرتے۔ سو اچند لوگوں
قَلِيْلًا مِّمَّنْ اَنْجَيْنَا مِنْهُمْ ۚ وَاتَّبَعَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مَآ اُتْرِفُوْا فِيْهِ وَكَانُوْا مُجْرِمِيْنَ ۝
کے جنکو ہم نے نجات دی۔ اور جن لوگوں نے نافرمانی کی تھی سو وہ انہیں (لذتوں) کے پیچھے پڑے رہے جو اُن کو دی گئی تھیں۔
اور یہ گنہگار تھے۔

۲۹-ظالموں کو ویل

۶۵/۴۳ فَوَيْلٌ لِّلَّذِينَ ظَلَمُوا مِنْ عَذَابِ يَوْمٍ أَلِيمٍ ○

جو لوگ سرکشی کرتے ہیں۔ قیامت کے عذاب دردناک کے اعتبار سے اُن پر سخت افسوس ہے۔

۳۰-عذاب میں تخفیف نہ ہوگی

۸۵/۱۶ وَإِذَا رَأَى الَّذِينَ ظَلَمُوا الْعَذَابَ فَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُمْ وَلَا هُمْ يُنظَرُونَ

اور جن لوگوں نے سرکشیاں کی ہیں۔ جب عذاب کو دیکھیں گے تو نہ اُن سے عذاب ہلکا کیا جائیگا اور نہ اُن کو مہلت دی جائیگی۔

۳۱-ظالموں کا دوست اور سفارشی نہیں۔

۱۸/۴۰ مَا لِلظَّالِمِينَ مِنْ حَمِيمٍ وَلَا شَفِيعٍ يُطَاعُ ○

نافرمانوں کا نہ تو کوئی دوست ہوگا اور نہ کوئی سفارشی جس کی بات مانی جائے۔

۳۲-ظالموں کا ٹھکانہ بُرا

۱۵۰/۳ وَبِئْسَ مَثْوَى الظَّالِمِينَ ○

اور ظالموں کا بُرا ٹھکانہ ہے۔

۳۳-ظالم سے بدلہ لینے میں گناہ نہیں۔

۳۹/۴۲ وَالَّذِينَ إِذَا أَصَابَهُمُ الْبَغْيُ هُمْ يَنتَصِرُونَ ○ × × × ۴۱/۴۲ وَلَمَنِ انتَصَرَ بَعْدَ ظُلْمِهِ فَأُولَٰئِكَ

اور جو ایسے ہیں کہ جب اُن پر بیجا زیادتی ہوتی ہے تو وہ بدلہ لے لیتے ہیں۔ × × × اور ہاں کسی پر ظلم ہوا ہو اور وہ

مَا عَلَيْهِم مِّن سَبِيلٍ ○ ۴۲/۴۲ إِنَّمَا السَّبِيلُ عَلَى الَّذِينَ يَظْلِمُونَ النَّاسَ وَيَبْغُونَ فِي الْأَرْضِ

اس کے بعد بدلہ لے تو اُن لوگوں پر کوئی الزام نہیں۔ الزام انہیں پر ہے جو لوگوں پر ظلم کرتے اور ملک میں ناروا

بِغَيْرِ الْحَقِّ ۚ أُولَٰئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ○

زیادتی کرتے ہیں۔ یہ ہی لوگ ہیں جن کو عذاب دردناک ہوتا ہے۔

فساد

۱-فساد پھیلانے کی ممانعت

۶۰/۲ ۷۴/۲ ۸۵/۱۱ ۱۸۳/۲۶ ۳۶/۲۹ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْأَرْضِ مُفْسِدِينَ ○

اور ملک میں فساد کرتے نہ پھرو۔

۵۶/۷ وَلَا تُفْسِدُوا فِي الْأَرْضِ بَعْدَ إِصْلَاحِهَا وَادْعُوهُ خَوْفًا وَطَمَعًا ۚ إِنَّ رَحْمَتَ اللَّهِ قَرِيبٌ مِّنَ

اور ملک کے درست ہوئے پیچھے ملک میں فساد نہ پھیلاؤ۔ اور خدا کے ڈر سے اور اُمید پر خدا سے دُعائیں مانگتے

الْمُحْسِنِينَ ○

رہو۔ خدا کی رحمت نیکوکاروں سے قریب ہے۔

۸۵/۷ وَلَا تُفْسِدُوا فِي الْأَرْضِ بَعْدَ إِصْلَاحِهَا

ملک کے درست ہوئے پیچھے اس میں فساد نہ پھیلاؤ۔

۱۴۲/۷ وَلَا تَتَّبِعْ سَبِيلَ الْمُفْسِدِينَ ○

اور مفسدوں کے رستے پر نہ چلنا۔

۷۷/۲۸ وَلَا تَبْغِ الْفَسَادَ فِي الْأَرْضِ ۖ

اور ملک میں فساد کا خواہاں نہ ہو۔

۲- مسلمانوں میں ایک گروہ مبلغین کا ہونا چاہیئے۔

۱۰۴/۳ وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ أُمَّةٌ يَّدْعُوْنَ إِلَى الْخَيْرِ وَيَأْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ ۚ وَأُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ○

اور تم میں ایسے لوگ بھی ہونے چاہئیں جو نیکی کی طرف بلائیں اور اچھے کام کرنیکو کہیں اور بُرے کاموں سے روکیں اور یہی لوگ مُراد کو پہنچینگے

۱۱۰/۳ كُنْتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَأْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَتُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ ۗ

لوگوں کی رہنمائی کو جتنی اُمتیں پیدا ہوئیں ان سب سے تم بہتر ہو کہ اچھے کام کرنیکو کہتے ہو اور بُرے سے روکتے اور اللہ پر ایمان رکھتے ہو

۳- امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے مختلف درجات۔

۱۱۳/۳ يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ وَيَأْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُسَارِعُوْنَ فِي الْخَيْرٰتِ ۗ

اللہ و روز آخرت پر ایمان رکھتے۔ اچھے کام کو کہتے۔ اور بُرے کام سے روکتے ہیں اور نیک کاموں میں دوڑ پڑتے

وَأُولٰٓئِكَ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ○

ہیں اور یہی نیک بندوں سے ہیں۔

۱۵۷/۷ اَلَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ الرَّسُوْلَ النَّبِيَّ الْأُمِّيَّ الَّذِيْ يَجِدُوْنَهٗ مَكْتُوْبًا عِنْدَهُمْ فِي التَّوْرٰىةِ وَ

جو رسول نبی اُمّی کی پیروی کرتے ہیں جس کو اپنے ہاں تورات میں لکھا ہوا پاتے ہیں۔ اور انجیل میں (بھی) وہ ان کو اچھے کام

الْإِنْجِيْلِ ۡ يَأْمُرُهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهٰىهُمْ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُحِلُّ لَهُمُ الطَّيِّبٰتِ وَيُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ

کرنے کو کہتا۔ اور بُرے سے روکتا ہے۔ اور ان پر اچھی چیزیں حلال کرتا ہے۔ اور ناپاک چیزوں کو اُن پر حرام کرتا ہے۔

الْخَبٰٓئِثَ وَيَضَعُ عَنْهُمْ إِصْرَهُمْ وَالْأَغْلٰلَ الَّتِيْ كَانَتْ عَلَيْهِمْ ۚ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِهٖ وَعَزَّرُوْهُ

اور وہ بوجھ جو لوگوں کے سروں پر اور پھندے جو ان پر پڑے تھے۔ دُور کرتا ہے۔ تو جو لوگ اس پر ایمان لائے۔ اور اس

وَنَصَرُوْهُ وَاتَّبَعُوا النُّوْرَ الَّذِيْٓ أُنْزِلَ مَعَهٗٓ ۙ أُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ○

کی حمایت کی۔ اور اس کو مدد دی۔ اور جو نور اس کے ساتھ بھیجا گیا ہے اس کے پیچھے ہوئے وہی لوگ نجات پانے والے ہیں۔

۷۱/۹ وَالْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ۘ يَأْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ

اور مسلمان مرد اور عورتیں ایک کے رفیق ایک۔ کہ نیک کام کی ترغیب دیتے ہیں اور بُرائی سے منع کرتے ہیں۔ نماز پڑھتے

وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَيُطِيْعُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۚ أُولٰٓئِكَ سَيَرْحَمُهُمُ اللّٰهُ ۗ

ہیں۔ اور زکوٰۃ دیتے رہتے ہیں۔ اور اللہ اور اس کے رسول کی فرمانبرداری کرتے ہیں۔ ان کے حال پر اللہ عنقریب

إِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ○

رحم کریگا۔ بے شک اللہ زبردست حکمت والا ہے۔

۱۱۲/۹ اَلتَّآئِبُوْنَ الْعٰبِدُوْنَ الْحَامِدُوْنَ السَّآئِحُوْنَ الرّٰكِعُوْنَ السَّاجِدُوْنَ الْآمِرُوْنَ

توبہ کرنیوالے۔ عبادت کرنیوالے۔ تسبیح و تحمید کرنیوالے (خدا کی راہ میں) سفر کرنیوالے۔ رکوع کرنیوالے۔ سجدہ کرنے والے۔

بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّاهُوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَالْحٰفِظُوْنَ لِحُدُوْدِ اللّٰهِ ۗ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ○

نیکی کی طرف رغبت دلانیوالے۔ بُرائی سے باز رکھنے والے اور اللہ نے جو حدیں باندھ رکھی ہیں انکو نگاہ رکھنے والے! اور مومنوں کو خوشخبری سنا دے

۳۳/۴۱ وَمَنْ أَحْسَنُ قَوْلًا مِّمَّنْ دَعَآ إِلَى اللّٰهِ وَعَمِلَ صَالِحًا وَّقَالَ إِنَّنِيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ○

اور اس سے بہتر کس کی بات ہو سکتی ہے۔ جو خدا کی طرف بلائے۔ اور نیکوکار بھی ہو۔ اور کہے کہ میں خدا کے فرمانبردار بندوں میں سے ہوں

امر بالمعروف و النہی عن المنکر

۱۔ اچھے کام کرنے اور برے کام سے روکنے کا حکم

۲۲۴/۲ وَلَا تَجْعَلُوا اللّٰهَ عُرْضَةً لِّاَيْمَانِكُمْ اَنْ تَبَرُّوْا وَتَتَّقُوْا وَتُصْلِحُوْا بَيْنَ النَّاسِ ؕ

اور اپنی قسموں سے خدا کو پرہیزگاری۔ اور لوگوں میں ملاپ کرانے کا مانع نہ ٹھہراؤ۔

۱۱۴/۴ لَا خَيْرَ فِيْ كَثِيْرٍ مِّنْ نَّجْوٰىهُمْ اِلَّا مَنْ اَمَرَ بِصَدَقَةٍ اَوْ مَعْرُوْفٍ اَوْ اِصْلَاحٍ بَيْنَ النَّاسِ ؕ

اُن لوگوں کی اکثر سرگوشیوں میں نیکی نہیں۔ سوا اس کے جو خیرات اور نیک کام یا لوگوں میں میل ملاپ کی صلاح دے

وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ فَسَوْفَ نُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا ○

اور جو اللہ کی خوشنودی حاصل کرنے کے لئے ایسے کام کرے گا۔ اس کو ہم بڑا ثواب عطا فرمائیں گے۔

۲/۵ وَتَعَاوَنُوْا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوٰى ۖ وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَى الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ ۚ

اور نیکی اور پرہیزگاری کے کاموں میں باہم مدد کیا کرو۔ اور گناہوں اور لوگوں پر زیادتی کرنے میں باہم مدد نہ کیا کرو۔

۱۹۹/۷ خُذِ الْعَفْوَ وَاْمُرْ بِالْعُرْفِ وَاَعْرِضْ عَنِ الْجٰهِلِيْنَ ○

درگزر اختیار کرو۔ نیکی کرنے کو کہو۔ اور جاہلوں سے کنارہ کش رہو۔

۹۴/۱۵ فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ وَاَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ ○

پس جو حکم تجھ کو دیا گیا ہے۔ اس کو کھول کر سنا دے اور مشرکین کی پرواہ نہ کر۔

۱۷/۳۱ يٰبُنَيَّ اَقِمِ الصَّلٰوةَ وَاْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ وَانْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَاصْبِرْ عَلٰى مَآ اَصَابَكَ ؕ اِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ○

پیارے بیٹے نماز پڑھ۔ اور نیکی کی ترغیب دے۔ اور برائی سے روک۔ اور جو مصیبت تجھے پہنچے اس پر صبر کر۔ بیشک یہ بڑی ہمت کے کام ہیں

۹/۴۹ وَاِنْ طَآئِفَتٰنِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اقْتَتَلُوْا فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا ۚ فَاِنْۢ بَغَتْ اِحْدٰىهُمَا عَلَى الْاُخْرٰى فَقَاتِلُوا

اور اگر مسلمانوں کے دو فرقے آپس میں لڑ پڑیں۔ تو تم ان دونوں میں صلح کرا دو۔ پھر اگر ان میں ایک دوسرے پر زیادتی کرے

الَّتِيْ تَبْغِيْ حَتّٰى تَفِيْٓءَ اِلٰٓى اَمْرِ اللّٰهِ ۚ فَاِنْ فَآءَتْ فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا بِالْعَدْلِ وَاَقْسِطُوْا ؕ اِنَّ

تو زیادتی کرنے والوں سے لڑو۔ یہاں تک کہ وہ خدا کے حکم کی طرف رجوع لائے۔ پھر جب رجوع لے آئے تو فریقین

اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ○

میں انصاف کے ساتھ صلح کرا دو۔ اور برابری ملحوظ رکھیو۔ بیشک اللہ انصاف کرنیوالوں کو دوست رکھتا ہے۔

۱۰/۴۹ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَةٌ فَاَصْلِحُوْا بَيْنَ اَخَوَيْكُمْ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ○

مسلمان تو بس (بھائی) بھائی ہیں۔ تو اپنے دو بھائیوں میں میل جول کرا دیا کرو۔ اور خدا سے ڈرتے رہو تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔

۵۵/۵۱ وَذَكِّرْ فَاِنَّ الذِّكْرٰى تَنْفَعُ الْمُؤْمِنِيْنَ ○

اور نصیحت کرتا رہ۔ بیشک نصیحت مسلمانوں کو فائدہ پہنچاتی ہے۔

۹/۸۷ فَذَكِّرْ اِنْ نَّفَعَتِ الذِّكْرٰى ○

پس جہاں تک سمجھانا مفید ہے سمجھاتا رہ۔

۹۰/۱۷ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ وَتَوَاصَوْا بِالْمَرْحَمَةِ ○

اور ایک دوسرے کو صبر کی تلقین کرتے رہے۔ اور ایک دوسرے کو رحم کرنے کی ہدایت کرتے رہے۔

۱۰۳/۳ وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ ○

جو ایک دوسرے کو حق پر رہنے کی تاکید کرتے رہے۔ اور ایک دوسرے کو صبر کی تلقین کرتے رہے۔

۴۱/۲۲ اَلَّذِيْنَ اِنْ مَّكَّنّٰهُمْ فِي الْاَرْضِ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ وَاَمَرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ ؕ وَلِلّٰهِ عَاقِبَةُ الْاُمُوْرِ ○

۴۔ غریب مسلمان طاقت پکڑ جائیں تو اُن میں یہ اوصاف پیدا ہو سکتی ہیں۔

یہ لوگ اگر ہم ان کے پاؤں زمین میں جما دیں۔ تو نمازیں پڑھینگے۔ زکوٰۃ دینگے۔ نیکی کی ترغیب دینگے۔ اور برائی سے باز رکھیں گے۔ اور سب چیزوں کا انجام کار خدا ہی کے اختیار میں ہے۔

۱۱۶/۱۱ فَلَوْلَا كَانَ مِنَ الْقُرُوْنِ مِنْ قَبْلِكُمْ اُولُوْا بَقِيَّةٍ يَّنْهَوْنَ عَنِ الْفَسَادِ فِي الْاَرْضِ اِلَّا

۵۔ پرانے زمانے میں ان اوصاف کے لوگ تھے مگر تھوڑے۔

تو جو اُمتیں تم سے پہلے ہو گذری ہیں۔ ان میں (اتنی) خیر خواہی کرنیوالے کیوں نہ ہوئے۔ کہ ملک میں فساد کرنے سے منع کرتے۔ تھے تو سہی مگر تھوڑے جنکو ہم نے عذاب سے بچا لیا۔ اور جن لوگوں نے نافرمانی کی تھی وہ تو ان لذتوں کے پیچھے پڑے رہے جو انکو دی گئی تھیں۔ اور یہ تھے ہی بدکردار

قَلِيْلًا مِّمَّنْ اَنْجَيْنَا مِنْهُمْ ۚ وَاتَّبَعَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مَاۤ اُتْرِفُوْا فِيْهِ وَكَانُوْا مُجْرِمِيْنَ ○

۲۴/۳۲ وَجَعَلْنَا مِنْهُمْ اَئِمَّةً يَّهْدُوْنَ بِاَمْرِنَا لَمَّا صَبَرُوْا ؕ وَكَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يُوْقِنُوْنَ ○

۶۔ بنی اسرائیل میں بھی ہدایت کرنیوالے پیدا ہوئے۔

اور ہم نے بنی اسرائیل میں سے پیشوا بنائے تھے۔ ہمارے حکم سے ہدایت کیا کرتے تھے اور یہ منصب تب ملا جب (انہوں نے) صبر کیا اور ہماری آیتوں کا یقین بھی کرتے تھے

۶۳/۵ لَوْلَا يَنْهٰهُمُ الرَّبّٰنِيُّوْنَ وَالْاَحْبَارُ عَنْ قَوْلِهِمُ الْاِثْمَ وَاَكْلِهِمُ السُّحْتَ ؕ لَبِئْسَ مَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ

۷۔ کافر ربی واحبار یہود کو بُرے کاموں سے روکیں۔

ان لوگوں کے ربی اور علماء کیوں انکو جھوٹ بولنے اور حرام مال کھانے سے منع نہیں کرتے؟ بیشک ان کی یہ کرتوتیں بُری ہیں۔

۷۹/۵ كَانُوْا لَا يَتَنَاهَوْنَ عَنْ مُّنْكَرٍ فَعَلُوْهُ ؕ لَبِئْسَ مَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ○

۸۔ وہ بُرے کاموں سے باز نہیں آتے۔

جو بُرائی انہوں نے کی اس سے باز ہی نہیں آتے تھے۔ بے شک جو وہ کرتے تھے۔ بہت بُرا تھا۔

۲۶/۶ وَهُمْ يَنْهَوْنَ عَنْهُ وَيَنْـَٔوْنَ عَنْهُ ۚ وَاِنْ يُّهْلِكُوْنَ اِلَّاۤ اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُوْنَ ○

۹۔ کافر نہ آپ سنتے ہیں۔ دوسروں کو سننے دیتے ہیں۔

اور یہ لوگ قرآن سننے سے دوسروں کو منع کرتے اور خود بھی اس سے بھاگتے ہیں اور یہ اپنی ہلاکت کے درپے ہیں۔ اور (لطف یہ کہ) ان کو اس کی خبر نہیں

۱۶۵/۶ فَلَمَّا نَسُوْا مَا ذُكِّرُوْا بِهٖۤ اَنْجَيْنَا الَّذِيْنَ يَنْهَوْنَ عَنِ السُّوْٓءِ وَاَخَذْنَا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا

۱۰۔ پہلے یہ ہو چکا ہے۔ کہ برائی سے روکنے والے بچے اور ظالم گرفتار عذاب ہوئے۔

تو جب انہوں نے وہ نصیحتیں جو ان کو کی گئی تھیں بھلا دیں۔ تو جو لوگ بُرے کاموں سے منع کرتے تھے۔ اُن کو تو ہم نے بچا لیا۔ اور جو لوگ شرارت کرتے رہے۔ اُن کی نافرمانی کی پاداش میں ہم نے اُن کو سخت عذاب میں مبتلا کیا۔

بِعَذَابٍۭ بَئِيْسٍۢ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ○

۶۷/۹ اَلْمُنٰفِقُوْنَ وَالْمُنٰفِقٰتُ بَعْضُهُمْ مِّنْۢ بَعْضٍ ۘ يَاْمُرُوْنَ بِالْمُنْكَرِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمَعْرُوْفِ

۱۱۔ منافق اُلٹا کام کرتے ہیں برائی کا حکم اور اچھے کام سے منع۔

منافق مرد اور عورتیں ایک ہم جنس ایک بُرے کام کرنے کی صلاح دیتے ہیں۔ اور نیک کام کرنے سے روکتے ہیں۔ اور اپنی مٹھیاں (خدا کی راہ میں خرچ کرنے سے) بھینچے رہتے ہیں۔ اُن لوگوں نے اللہ کو بھلا دیا۔ اللہ نے انکو بھلا دیا۔ بیشک منافق بڑے ہی سرکش ہیں۔

وَيَقْبِضُوْنَ اَيْدِيَهُمْ ؕ نَسُوا اللّٰهَ فَنَسِيَهُمْ ؕ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ○

مطبوعہ کیلانی پریس لاہور
باہتمام نظام الدین پرنٹر